اگر ایسا ہوتا تو لفظ غزوۃ عربی میں رسول اللہ ﷺ کے پہلی جنگ میں شریک ہونے کے بعد شامل ہوتا حالانکہ ایسا نہیں ہے یہ لفظ عربی لغت میں رسول اللہ ﷺ سے پہلے ہی موجود تھا نہ کہ رسول اللہ ﷺ کی بعثت کے بعد آیا۔ جس سے کسی بھی سوال کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔ لیکن اس کے باوجود ہم اس پر مزید بات کریں گے۔ اگر غزوۃ اسے کہا جاتا ہے جس میں رسول اللہ ﷺ نے خود شرکت کی ہو تو پھر یہ سوالات بھی پیدا ہوتے ہیں کہ ایسے معنی لینے والوں کے نزدیک غزوۃ ہند، غزوۃ اعماق یا دابق اور قسطنطنیہ وغیرہ والے غزوات ابھی مستقبل میں پیش آئیں گے جب یہ غزوات مستقبل میں پیش آئیں

گے تو پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان میں رسول اللہ ﷺ کی شرکت کیسے ہوگی؟ اور جب رسول اللہ ﷺ کی شرکت نہیں ہوسکتی تو انہیں غزوات کہنے پر کیوں بضد ہیں؟

غزوۃ کے معنی ہیں فیصلہ کن جنگ کے لیے یعنی فتح وغیرہ کی غرض سے حملہ کرنا، محاصرہ کر لینا وغیرہ۔

سریہ کہتے ہیں شب خون مارنے کے غرض سے بھیجے جانے والے چند لوگوں کے گروہ کو جس سے دشمن میں خوف پھیلے یا وہ غزوۃ یعنی فیصلہ کن حملے سے پہلے کمزور ہو جائے۔ اس کے علاوہ اس کا مادہ سر ہے جس کے ایک معنی خفیہ کو کہتے ہیں اور سریہ خفیہ حملے کو بھی کہتے ہیں۔ مثلاً دشمن کے علاقوں میں داخل ہو کر وہیں رہائش اختیار کر لینا اور دشمنوں کو موقعہ پاتے ہی قتل کرتے رہنا یا اغوا کر کے اپنے علاقوں میں لانا اور جاسوسی وغیرہ کرنا۔ جیسے کہ آج بھی دنیا کے تمام ممالک اپنی خفیہ ایجنسیوں اور خفیہ تنظیموں کے ذریعے کر رہے ہیں۔

اور ملحمہ کہتے ہیں مہینوں، سالوں، دہائیوں یا صدیوں پر محیط لمبی جنگ کو جس میں مال و جان کا شدید نقصان ہو۔

یاجوج اور ماجوج کے بارے میں جو بات آج عام کی جا چکی ہے اور اکثریت کے اذہان میں راسخ ہو چکی ہے کہ یاجوج اور ماجوج عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے بعد آئیں گے لیکن جب ہم روایات میں غور کریں تو بلکل واضح ہو جاتا ہے کہ ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ یاجوج اور ماجوج پہلے اور اس کے بعد عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ہوں گے۔ جیسا کہ ہم درج ذیل روایات میں دیکھ سکتے ہیں۔

أول الآيات : الروم، ثم الثانية: الدجّال، والثالثة: ياجوج و ماجوج، والرابعة: عيسىٰ ابن مريم عليه السلام. نعيم بن حماد

سب سے پہلی نشانی الروم یعنی اہل روم سے جنگ ہوگی جس کے نتیجے میں بہت سے فتوحات ہوں گی جن میں شام کا فتح ہونا، بیت المقدس کا فتح ہونا، قسطنطنیہ وغیرہ کا فتح ہونا یوں کئی صدیاں اہل روم سے جنگ ہوگی اس کے بعد دوسری بڑی نشانی دجّال ہے جو کہ ٹیکنالوجی ہے اور یہ ایک بار اُمت مسلمہ میں بھی ٹیکنالوجی نے سر اٹھایا تھا یوں ایک بار اُمت مسلمہ میں بھی دجّال نکلا تھا اور تیسری یاجوج اور ماجوج کا نکلنا ہے اور چوتھی عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام ہیں۔ یہ رسول اللہ ﷺ نے خود سے لیکر قیامت تک پیش آنے والے واقعات کو چار حصوں میں تقسیم کر دیا۔

ہرصورت ۲۰۲۰ سے پہلے عالمی جنگ ہوگی

وَكَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ لا وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوا رُسُلِي قف فَكَيْفَ كَانَ نَكِيرِ . سبا ۴۵

اورکذب کیا انہوں نے جوان سے پہلے تھے اورنہیں پہنچے یہ ان کے دسویں حصے کو بھی جو کچھ انہیں دیا تھا ہم نے پس تکذیب کی انہوں نے میرے رسولوں کی پس کیسا تھا تکذیب کرنے کا نتیجہ؟

وَمَا بَلَغُوا. قرآن کے اسلوب کی روح سے یہ الفاظ بیک وقت دومعنی بیان کرتے ہیں۔ پہلا معنی اورنہیں پہنچ سکے تم۔ دوسرا معنی اورنہیں پہنچ سکتے تم۔

وَمَا بَلَغُوا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ اورنہیں پہنچ سکے تم اورنہیں پہنچ سکتے تم دسویں حصے کو بھی جو ہم نے دیا تھا انہیں یعنی تم سے پہلی تباہ شدہ اقوام کو،قوم نوح،قوم عاد، قوم ثمود،قوم لوط، اصحاب مدین اور آل فرعون کو۔

پچھلی ان قوموں کے پاس کیا تھا اور آج موجودہ انسان کیا حاصل کر چکا ہے اس کی تفاصیل پیچھے کتاب میں گزر چکیں۔ اللہ سبحان وتعالیٰ نے اس آیت میں بہت بڑی خبر چھپا کر رکھ دی۔ کہ موجودہ انسان پہلی قوموں کے دس فیصد کو بھی نہیں پہنچ سکے گا کہ ان کی طرح ایک بڑی تباہی کا شکار ہوجائے گا۔ قوم نوح پر عظیم سیلابی طوفان آیا، قوم عاد اور قوم ثمود دونوں عالمی ایٹمی جنگوں کی وجہ سے صفحۂ ہستی سے مٹیں اور اسی طرح باقی اقوام بھی جن تباہیوں کا شکار ہوئیں قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے تفصیل سے بیان کردیا جو کے کتاب میں بیان ہو چکا۔

قوموں کی طاقت کا موازنہ ان کی تعمیرات سے لگایا جاتا ہے اور یہی پیمانہ کئی مقامات پر اللہ سبحان وتعالیٰ نے قرآن میں بھی بیان کردیا کہ گزری ہوئی قوموں کے زمین پر موجود آثار سے عبرت حاصل کرنے کا حکم دیا۔ کسی بھی قوم کی تعمیرات ہی

واحد ایسی شئے ہوتی ہیں جن کے آثار پیچھے بچتے ہیں اور کوئی بھی قوم جب قوت یعنی ٹیکنالوجی میں بڑھتی ہے تو اس کی سب سے پہلی ترجیح بلند و بانگ اور مضبوط ترین عمارات ہوتی ہیں جو اس کی طاقت کی عکاسی کرتی ہیں۔

قرآن نے جیسے پچھلی قوموں کا ذکر کیا تو ان کا ایک ایک قوم کی صورت میں ذکر کیا حالانکہ ان پر تباہی آنے سے پہلے دنیا اسی طرح تقسیم تھی جیسے آج تقسیم ہے۔ جیسے آج ہم دنیا کو مختلف قوموں میں تقسیم کرتے ہیں پہلے بھی ایسا ہی تھا لیکن اللہ سبحان وتعالیٰ ایسی کوئی تمیز صرف اور صرف ایک ہی نقطے پر کرتے ہیں جو اللہ کے غلام ہوتے ہیں ان کو اللہ سبحان وتعالیٰ الگ کر کے باقی تمام انسانوں کو ایک ہی قوم میں شمار کرتے ہیں جو کہ شیطان کے اولیاء ہوتے ہیں خواہ وہ لاتعداد گروہوں میں تقسیم ہوں۔

اس لیے جب بات ہوگی تو لوگوں کو مختلف اقوام میں تقسیم کر کے نہیں دیکھا جائے گا بلکہ جو کچھ آج انسان بنا چکا ہے یعنی ٹیکنالوجی، یہ پوری دنیا کے مجموعی انسانوں کی قوت ہے نہ کہ کسی ایک گروہ یا ملک یا کالے یا گورے لوگوں کی۔ اس لیے پوری دنیا کے انسانوں کو ایک ہی قوم شمار کرتے ہوئے بات کی جائے گی۔

بات یہ تھی کہ انسان کی قوت کا مظہر اس کی تعمیرات کے ذریعے ہوتا ہے۔ تعمیرات ہی اس کے آثار کی شکل میں باقی رہتی ہیں باقی سب کا نام و نشان مٹ جاتا ہے۔ اس لیے پچھلی تباہ شدہ چھ اقوام اور موجودہ قوم یعنی دنیا کے انسانوں کی طاقت کا آپس میں جب موازنہ کیا جائے گا تو ان کے عمارات سے ہی کیا جا سکتا ہے اور کیا جائے گا۔ یہی پیمانہ قرآن نے بھی وضع کیا ہے۔ اللہ سبحان وتعالیٰ نے بلکل واضح کر دیا کہ موجودہ انسان پہلی قوموں کے دس فیصد کو بھی نہیں پہنچ سکتے یعنی ان کا دس فیصد بھی نہ آج کے انسان حاصل کر پائے اور نہ ہی یہ دس فیصد تک پہنچ پائیں گے۔ جب بھی یہ ان کے دس فیصد کے قریب پہنچ گئے اور ان کا اگلا دعویٰ پچھلی قوموں کے دس فیصد سے تجاوز کرنے کا ہوا تو اس دعوے کے پورا ہونے سے پہلے ہی یہ بھی پہلوں کی طرح تباہی کا شکار ہوں گے۔

اب ہم پر لازم ہے کہ ہم یہ دیکھیں کہ آج موجودہ انسانوں کو جو کچھ حاصل ہے۔ کس طرح یہ علم حاصل کیا جا سکتا ہے کہ یہ پہلی قوموں کا کتنے فیصد ہے۔ اس کا جواب بھی ہم قرآن سے ہی لیں گے۔ قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے پہلی قوموں کے بارے میں قرآن میں ان کے جن آثار کا ذکر کیا ہے ان میں قوم نوح اور آل فرعون سرفہرست ہیں۔ آل فرعون پر پیچھے کتاب میں تفصیل سے بات ہو چکی کہ ان کے پاس کیا تھا جس سے آج ہم با آسانی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ موجودہ انسان آل فرعون کے مقابلے پر کہاں کھڑے ہیں۔ یہاں ہم قرآن کے وضع کردہ پیمانے کو سامنے رکھیں گے یعنی عمارات سے موازنہ کریں گے۔

قوم نوح پر آنے والے سیلابی طوفان کی ہیبت کے ادراک کے لیے اللہ سبحان وتعالیٰ نے قرآن میں یوں بیان کیا۔

وَهِيَ تَجْرِي بِهِمْ فِي مَوْجٍ كَالْجِبَالِ. ہود ۴۲

اور وہ ’نوح علیہ السلام کا بحری بیڑہ‘ بہہ رہا تھا ان کیساتھ پہاڑوں جیسی لہروں میں۔

قوم نوح پر آنے والے عذاب جو کہ ایک سیلابی طوفان کی صورت میں تھا اس کی موجوں کا اللہ سبحان وتعالیٰ نے اس آیت میں ذکر کیا ہے۔ کہ اس میں پہاڑوں جیسی لہریں تھیں۔ یہاں کچھ سوالات پیدا ہوتے ہیں ایک تو یہ کہ اتنی بلند و بانگ لہروں کا مقصد کیا تھا؟

اور دوسرا اللہ سبحان وتعالیٰ نے یہاں اس طوفان کی لہروں کا ہی ذکر کیوں کیا؟

یہ دونوں سوال بہت ہی اہمیت کے حامل ہیں اور غور وفکر کی طرف دعوت دیتے ہیں۔ بہرحال پہلے سوال کا جواب تو بلکل واضح ہے کہ اللہ سبحان وتعالیٰ کا کوئی کام بھی علم وحکمت سے خالی نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی کام بے مقصد وفضول ہوتا ہے۔ اس لیے جب اتنی بلند لہریں تھیں تو ظاہر ہے ان کا کوئی نہ کوئی مقصد تو ضرور ہوگا۔ وہ طوفان قوم نوح پر ان کے اپنے ہاتھوں سے کیے ہوئے فساد کا ہی نتیجہ تھا۔ اس طوفان کا مقصد اس قوم کو تباہ کرنا تھا ان کے کیے کا مزہ چکھانا تھا۔ اسی لیے اتنی بلند لہریں تھیں۔ یعنی قوم نوح نے اتنی بلند و بانگ تعمیرات کی ہوئی تھیں جن کو تباہ کرنا مقصود تھا یہاں اللہ سبحان وتعالیٰ نے پہاڑوں جیسی لہروں کا ذکر کرکے بہت بڑی خبریں دیں۔

ان میں پہلی یہ کہ ان کی عمارتیں پہاڑوں جیسی بلند و بانگ تھیں۔ دوسری بات یہ کہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے جب ان کے دس فیصد تک کو بھی نہ پہنچے کا ذکر کیا تو یہ بھی حکمت سے خالی نہیں۔ تاریخ میں آج وہ وقت آیا ہے کہ انسان پہاڑوں کی پیائش کرکے ان کی بلندی کا علم حاصل کرسکا ہے۔ یہ اس سے پہلے تک نہیں ہوسکا۔ یہی اللہ سبحان وتعالیٰ کی حکمت تھی یہی وہ وقت ہونا تھا جب موجودہ انسان تباہی کے دہانے پر پہنچ جائیں گے۔ اللہ سبحان وتعالیٰ ان لہروں کی پیائش کا بھی واضح الفاظ میں ذکر کرسکتے تھے لیکن اس سے یہ ہوتا کہ پیچھے گزرنے والے سب لوگ بے فکر ہوجاتے اسی لیے اللہ سبحان وتعالیٰ نے ایسے الفاظ بیان کیے کہ ہر وقت کا انسان فکر میں رہے۔

آج ہم نے پہاڑوں کی بلندی کی پیائش کی تو جو سب سے بلند پہاڑ ہے وہ ماؤنٹ ایورسٹ ہے جس کی بلندی ۸۸۴۸ میٹر ہے جس سے آج پتہ چل گیا کے قوم نوح پر جب طوفان آیا تو ان کی سب سے بلندترین عمارت تقریباً ۸۸۴۸ میٹر بلند تھی۔
موجودہ انسان ان کے دس فیصد کو بھی نہیں پہنچ سکتے یعنی جب ان کے دس فیصد کے قریب پہنچ جائیں گے اور ان کے دس فیصد یا اس سے آگے بڑھنے کا دعویٰ کریں گے تو وہ دعویٰ پورا نہیں ہوسکے گا کہ ان پر ایک بڑی تباہی مسلط ہوجائے گی جو ان کو تباہ کر

دے گی۔

قوم نوح کی عمارتوں کی بلندی کا دس فیصد نکالا جائے تو وہ ۸۸۴ اعشاریہ ۸ میٹر بنتا ہے جو کہ موجودہ انسانوں کے لیے وہ حد ہے جس کو نہ تو یہ چھو سکتے ہیں اور نہ ہی اس سے تجاوز کر سکتے ہیں جب بھی انہوں نے ایسا دعویٰ کیا تو وہ وقت ان کی تباہی کا ہوگا۔آج دنیا کی سب سے بلند عمارت دبئی میں موجود ہے جس کا نام برج الخلیفہ ہے

اس کی بلندی ۸۲۸ میٹر ہے جو کہ قوم نوح کے دس فیصد کے بہت قریب ہے۔قوم نوح کے دس فیصد سے صرف ۵۶ میٹر کم ہے اوراس سے بلند عمارت تعمیر کرنے کا جو دعویٰ کیا گیا ہے وہ سعودی عرب نے کیا ہے۔ سعودی عرب نے جدہ ٹاور کے نام سے ایک عمارت تعمیر کرنے کا اعلان کر رکھا ہے

اوپر والی تصویر میں مکمل عمارت کا خاکہ دیکھایا گیا ہے اور نچلی تصویر اسی زیر تعمیر عمارت کی ہے جو مارچ ۲۰۱۶ میں لی گئی ہے۔

اس کی بلندی ۱۰۰۸ میٹر یعنی ایک کلومیٹر سے بھی آٹھ میٹر زیادہ ہے اور قوم نوح کے دس فیصد سے بھی ۱۲۴ میٹر زیادہ ہے جو کہ اللہ سبحان وتعالیٰ کے کلام کے مطابق ناممکن ہے۔ یعنی اللہ سبحان وتعالیٰ نے قرآن میں کہہ دیا۔

وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ اور نہیں پہنچ سکتے تم دسویں حصے کو بھی۔ جب اللہ سبحان وتعالیٰ نے کہہ دیا تو ایسا ہونا ناممکن ہے۔

سعودی عرب میں اس عمارت کی تعمیر یکم اپریل ۲۰۱۳ سے شروع ہو چکی ہے اور اس کو ۲۰۲۰ تک مکمل کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ جس سے بلکل واضح ہو جاتا ہے کہ ۲۰۲۰ سے پہلے پہلے دنیا میں ایک بہت بڑی تباہی آنے والی ہے۔ وہ تباہی کون سی ہے جب ہم اس میں غور وفکر کریں تو قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے اسے القارعہ کہا ہے جس میں پہاڑ بھی ریزہ ریزہ ہوں گے۔ القارعہ کیا ہے اس کی تفصیل پیچھے بیان کی جا چکی ہے۔

قرآن کے مطابق قوم نوح کے دس فیصد کو بھی نہیں پہنچا جا سکتا اور ان کے دس فیصد کے قریب ترین جو آج پہنچا گیا جس کے بعد دس فیصد سے تجاوز کرنے کا دعویٰ آتا ہے وہ برج الخلیفہ کی عمارت ہے جو کہ دبئی میں واقع ہے جس کی بلندی ۸۲۸ میٹر ہے۔ یعنی جب سعودی عرب کا جدہ ٹاور ۸۲۸ میٹر بلند ہو جائے وہی وقت ایک عظیم تباہی کا ہو گا جسے اللہ سبحان وتعالیٰ نے القارعہ کہا ہے۔ اب اس کا اندازہ لگانا بلکل بھی مشکل نہیں ہم بہت آسانی سے جان سکتے ہیں کہ وہ ٹاور آج کتنی بلندی تک پہنچ چکا ہے اور کب تک وہ ۸۲۸ میٹر کی بلندی تک پہنچ جائے گا۔

آج مومنوں پر جو فرض ہے وہ یہ کہ وہ اس عذاب سے بچنے کے لیے اللہ سبحان وتعالیٰ کے حکم پر لبیک کہیں ورنہ بعد میں سوائے پچھتاوے کے کچھ نہ رہے گا۔ سب کچھ یوں ہی چل رہا ہو گا کسی کے وہم وگمان میں بھی نہ ہو گا اور اچانک تباہی آ جائے گی۔ اچانک سے ایٹمی ہتھیاروں سے تباہی شروع ہو جائے گی۔

آج ۲۰۱۶ جا رہا ہے ہمارے پاس زیادہ سے زیادہ ۳ سال سے بھی کم وقت ہے اس کے بعد کسی بھی وقت اچانک تباہی آ جائے گی۔

سو اے دنیا کے تمام انسانوں تمہارے پاس تین یوم ہیں ایک یوم ایک سال کا اور تین یوم تین سال کے جیسے ہی یہ تین یوم مکمل ہوں گے اچانک رات کے وقت ایٹمی ہتھیاروں کی بارش ہو گی جو آٹھ راتیں اور سات دن تک مسلسل جاری رہے گی جس میں پہاڑ میں ریزہ ریزہ ہوں گے اور دنیا کی آبادی کی اکثریت لقمہ اجل بنے گی اور ایک بڑی تعداد اپنے اجسام کے مختلف اعضاء سے محروم ہو جائے گی اور عذاب دہ زندگی گزارے گی اور جو بچیں گے ان میں سے اکثریت ایسی ہو گی جن

پر محض چار دہائیوں بعد ساعت قائم ہوگی جو کہ ایک عظیم زلزلہ ہوگا۔ کاش کے تم وہ دیکھ سکو جو مجھے اللہ سبحان وتعالیٰ نے دیکھا دیا لیکن ابھی تمہاری اکثریت تکذیب ہی کرے گی کیونکہ یہ بھی اللہ سبحان وتعالیٰ نے مجھے دیکھا دیا اور تمہاری اکثریت تکذیب اسی لیے کرے گی کیوں کہ اکثریت پر قول حق ہو چکا جو کہ اب واقع ہو چکا ہے۔ مجھے یہ بھی علم ہے کہ تم مجھے پاگل کہو گے اور طرح طرح سے طنز وتنقید کا نشانہ بناؤ گے اور خوب تمسخر اڑاؤ گے لیکن جان لو صرف تین یوم تک ہی یہ سب کر سکو گے سو کر لو اور خوب کر لو۔ میرے ذمے تو تمام انسانوں تک پہنچا دینا تھا جس کا اللہ سبحان وتعالیٰ نے مجھے مکلّف بنایا اور ذمہ داری عائد کی میں وہ کر چکا اور اس پر میرا ربّ تم پر اور مجھ پر شاہد ہے اے اللہ بیشک تو ہی میرے لیے گواہ کافی ہے۔

علامات الساعۃ

آج پوری دنیا میں لفظ ساعت کو قیامت کہا جاتا ہے لیکن یہ بات ذہن میں ہونا لازم ہے کہ ساعت بلکل ایک الگ شیئ ہے اور قیامت اس کے برعکس بلکہ ایک الگ دوسری شیئ۔ قرآن میں دونوں الفاظ الگ الگ آئے ہیں۔قرآن میں کسی ایک مقام پر بھی قیامت ساعت کے معنوں میں استعمال نہیں ہوا اور نہ ہی ساعت کا لفظ قیامت کے معنوں میں استعمال ہوا۔

قرآن میں قیامت کا لفظ صرف اور صرف اس یوم یعنی ایک طے شدہ مدت کے لیے استعمال ہوا جب دوبارہ اٹھا کھڑا کیا جائے گا اور حساب کتاب لیا جائے گا اور جنت دوزخ کا فیصلہ ہوگا۔

اور ساعت کا لفظ اللہ سبحان وتعالیٰ نے انسان کے اپنے ہاتھوں سے کیے ہوئے فساد کے ردعمل سے آنے والے اس عظیم عذاب کو کہا جس نے مفسد قوم کی جڑھ کاٹ دی۔ قرآن میں مجموعی طور پر سات ساعتوں کا ذکر ہے جس میں سے چھ پہلے گزر چکیں۔سب سے پہلی وہ ساعت تھی جس نے قوم نوح کی جڑھ کاٹی جو کہ قوم نوح کے زمین و آسمان میں کیے ہوئے فساد کے ردعمل میں آنے والا عظیم طوفان تھا اس کے بعد دوسری ساعت قوم عاد پر آئی جو کہ القارعہ کی صورت میں ایک عظیم عالمی ایٹمی جنگ تھی اسی طرح قوم ثمود پر بھی جو ساعت آئی وہ بھی القارعہ یعنی ایک عظیم عالمی ایٹمی جنگ تھی اس طرح باقی ہلاک شدہ اقوام پر بھی جو ساعتیں آئیں یوں چھ ساعتیں گزر چکیں اور اب آخری ساعت جو کہ ایک عظیم زلزلہ ہوگا اس موجودہ قوم پر آئے گی جو موجودہ قوم کے بحر و بر میں کیے ہوئے فساد کا ردعمل ہوگا جس کی علامات کب کی ظاہر ہونا شروع ہو چکیں۔

جیسے اگر کسی شیئ میں خرابی ہو جائے تو اگر اس خرابی کا ادراک کر کے اس کی اصلاح نہ کی جائے تو وہ خرابی بڑھتی بڑھتی ایک وقت ایسا آتا ہے جب اس شیئ کو ہی ناکارہ بنا دیتی ہے بلکل اسی طرح انسان نے آج جو کچھ ترقی و ٹیکنالوجی،ایجادات کے نام پر فساد کر دیا اس کا ردعمل ظاہر ہونا شروع ہو چکا جو آج ہم زلزلوں،طوفانوں،سیلابوں،زمین کا جگہ جگہ سے دھنسنے وغیرہ سمیت دیکھ رہے ہیں اب اصلاح کا وقت بھی ہاتھ سے نکل چکا یوں اب زمین اس آخری تباہی کے بلکل قریب پہنچ چکی ہے جو آخری اور ساتویں ساعت ہوگی جو کہ ایک عظیم زلزلہ ہوگا۔

ساعت اور قیامت ان دونوں الفاظ میں فرق کو ملحوظ خاطر رکھنا بہت ضروری ہے کیونکہ آج ہر کوئی ساعت کا ترجمہ قیامت کرتا ہے جو کہ بلکل غلط ہے۔ قیامت ایک ہی ہے لیکن ساعت ایک نہیں بلکہ ساعتیں تو پہلی قوموں پر بھی آ چکیں۔
قرآن میں ساعت کے بارے میں مذکور ہے کہ تجھ سے سوال کرتے ہیں ساعت کب آئے گی نہ کہ قیامت کے بارے میں ہے لیکن جب بھی ترجمہ کیا جاتا ہے تو یہ کر دیا جاتا ہے کہ تجھ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔
اب آتے ہیں ساعت کی اشراط و علامات پر ہم چند کا ذکر کریں گے۔

سَنُرِيهِمْ آيَاتِنَا فِي الْآفَاقِ وَفِي أَنْفُسِهِمْ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُ الْحَقُّ . فصلت ٥٣

عنقریب ہم دیکھائیں گے انہیں اپنی آیات بلندیوں میں اور ان کی اپنی ذاتوں میں یہاں تک کہ اِن کے لیے اُن کے ذریعے بلکل کھل کر واضع ہو جائے کہ اس میں کچھ شک نہیں وہ حق ہے

حق کیا ہے؟ اس کی تفصیل کتاب میں گزر چکی یہاں صرف مختصر بات کریں گے۔

لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا . الانبياء ٢٢

اگر تھے ان میں یعنی آسمانوں اور زمین میں اللہ کے علاوہ الٰہ یعنی ایسی ذاتیں جن کی غلامی کی گئی بات مانی گئی تو ہر شئے درہم رہم ہوگئی ہر طرف فساد ہو گیا۔

آج ہر طرف فساد ہو گیا اسی وجہ سے اور یہ سب فساد ہونے سے پہلے اسی لیے اللہ نے کہا تھا۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنْسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ . الذاريات ٥٦

اور نہیں ہم نے خلق کیا جنوں اور انسانوں کو مگر اپنی غلامی کے لیے۔

جب اللہ کی غلامی کی بجائے آسمانوں اور زمین میں اللہ کے علاوہ الٰہ ٹھہرائے تو انجام کیا ہوگا؟
ظاہر ہے انجام وہی ہوگا جس سے اللہ نے آگاہ کر دیا اور آج وہ سب ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔
اور انسانوں نے وہی کیا اللہ کے ساتھ شریک کیے اللہ کی آیات میں چھیڑ چھاڑ کی تو فساد ہوا۔ یہ وہ وقت تھا جب اللہ کا وعدہ تھا کہ تمہیں عنقریب آفاق میں اور تمہاری اپنی ہی ذاتوں میں آیات دیکھائیں گے تا کہ تم پر واضع ہو جائے کہ وہ حق تھا جو تمہیں

بار بار کہا جاتا رہا۔ان میں سے چند درج ذیل ہیں۔

رسول الله ﷺ قال: من سره أن ينظر الى يوم القيامة كأنه رأى عين فليقرأ اذا الشمس كورت و اذا السماء انفطرت و اذا السماء انشقت. مسند احمد ، ترمذی، حاکم

رسول اللہ ﷺ نے کہا جوکوئی یہ چاہتا ہے کہ دیکھ لے یوم قیامت کی طرف جیسے کہ وہ دیکھ لے آنکھ سے پس پڑھے جب سورج ایسا ہو جائے گا کہ زیادہ گرم ہو جائے گا اور جب آسمان پھٹ جائے گا اور جب آسمان میں سوراخ ہو جائے گا۔

اس روایت میں قرآن کی تین آیات کو رسول اللہ ﷺ نے بیان کیا۔آج ہم یہ تینوں آیات اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے اور اس کے رسول محمد ﷺ نے آج سے ۱۴ صدیاں پہلے وہ عظیم خبریں دے دیں تھیں جو آج ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ آج گرمی کی شدت دن بدن بڑھ رہی ہے اور جس کی وجہ سورج کا کورت ہونا ہے یعنی کچھ وجوہات کی بنا پر سورج پہلے سے زیادہ گرم ہو چکا ہے اور ہوتا جائے گا۔آج آسمان پھٹ چکا اور آج آسمان میں سوراخ ہو چکا یہ بھی ہم اپنی آں کھوں سے دیکھ رہے ہیں۔کتاب میں پیچھے اس کا ذکر گزر چکا۔اور آج جب انسان کی رسائی آفاق تک ہوئی تو اللہ نے اس کے اپنے ہی ہاتھوں سے کیے ہوئے فساد سے تباہ ہونی والی آیات کو دیکھا دیا۔
آج آسمان پھٹ چکا جیسا کہ ذیل میں دی گئی تصاویر میں دیکھ سکتے ہیں۔

یہ تصویر ۲۰۱۴ کی ہے۔۲۰۱۴ میں آسمان میں سوراخ کا سائز ۲ کروڑ ۴۱ لاکھ مربع کلومیٹر تھا اور اب یہ سوراخ اس سے بھی بڑا ہو چکا ہے۔

رسول الله ﷺ قال: اذا ولدت الأمة ربتها. ابن ماجه

رسول اللہ ﷺ نے کہا (ساعت اس وقت قائم ہوگی) جب امت اپنے رب کو جنم دے گی۔

یہ وہی روایت ہے جو بہت زیادہ عام اور معروف ہے جس کا ترجمہ یہ کیا جاتا ہے کہ قیامت کے قریب لونڈی اپنی مالکن کو جنے گی۔ لفظ الامۃ کا ترجمہ لونڈی کر دیا جاتا اور اس کی وجہ یہ بنتی ہے کہ آگے لفظ ولدت یعنی جنم دینے کا آتا ہے تو اس کو جب امت پر منطبق نہیں کر سکتے تو الامۃ کا ترجمہ لونڈی کر دیا جاتا ہے حالانکہ لونڈی کو عربی میں سبی کہا جاتا ہے اور امۃ کے دو معنی ہیں ایک امت قوم اور دوسرا خادمہ کے یعنی خدمت گار عورت کے۔ آگے آنے والا لفظ رب یہ واضح کر دیتا ہے کہ اس روایت میں لفظ امۃ کے معنی خادمہ نہیں بلکہ قوم کے ہیں۔ اس کے باوجود ہم دونوں معنی آج ہم پورے ہوتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ نہ صرف آج کرائے کی کوکھیں دستیاب ہیں بلکہ آج امت یعنی قوم نے اپنے رب کو جنم دیا۔

آج پوری دنیا کے انسان ایک امت کی صورت اختیار کر چکے ہیں اور خود ہی اپنے رب کو جنم دیا۔ سب سے پہلے لفظ رب کے معنی ذہن میں ہونا لازم ہیں جو کہ کتاب میں پیچھے کئی مقامات پر گزر چکے ہیں یہاں مختصراً بیان کر دیتے ہیں رب کہتے ہیں اس ذات کو جو ضروریات خلق کر کے دے یعنی جس کی خلق کردہ ضروریات کو استعمال کر کے زندگی گزاری جائے وہ ذات رب کہلاتی ہے۔ اس روایت کو سمجھنے کے لیے ہم ایک مثال کا سہارا لیتے ہیں۔

ایک شخص زمین پر کئی لاکھ مربع کلومیٹر کے ایک دائرے کا نشان لگاتا ہے اور اس کے بعد وہ اشتہار دیتا ہے کہ اسے کام کروانے کے لیے کچھ لوگ درکار ہیں جو اس کے پاس کام کرے گا وہ اسے کئی گنا زیادہ اجرت دے گا ساتھ آسائشیں وسہولتیں بھی دے گا۔ لوگوں کی کثیر تعداد اس کے ساتھ رابطہ کرتی ہے وہ بتاتا ہے کہ لوہے کی بڑی بڑی سلاخوں کو اس لائن پر ایسے گاڑنا ہے کہ نہ ہی کوئی اندر آ سکے اور نہ ہی باہر جا سکے۔ آپ بھی ان محنت کرنے والوں میں سے ایک ہیں لوگ اس نشان زدہ دائرے پر وہ سلاخیں گاڑنا شروع کر دیتے ہیں اور یہ سلسلہ کئی سال تک چلتا ہے یوں جب اس دائرے میں آخری سلاخ گاڑتے ہیں تو سب کے سب خود کو اس اپنے ہاتھوں سے تعمیر کردہ جنگلے میں قید پاتے ہیں۔ بلکل اسی کی مثل آج دنیا کے انسانوں نے دنیاوی مال ومتاع کی خاطر فتنہ دجال کو اپنے ہاتھوں سے خلق کیا جسے آج پوری انسانیت اپنا ربّ بنا چکی ہوئی ہے۔ یوں آج پوری دنیا نے ایک امت کا ثبوت دیتے ہوئے اپنے رب کو خود جنم دیا۔

آج انسان اس دجل کے ہاتھوں بے بس، مجبور ولاچار ہو چکا ہے۔

رسول الله ﷺ قال: اذا كانت الحفاة العراة رؤس الناس. ابن ماجه

رسول اللہ ﷺ نے کہا (ساعت اس وقت قائم ہوگی) جب ننگے پاؤں ننگے بدن لوگ رئیس بن جائیں گے یعنی امیر بن جائیں گے۔

آج ہم اپنی آنکھوں سے یہ سب دیکھ رہے ہیں عرب کی صحراؤں میں بھوک اور پیاس میں زندگی گزارنے والے جن کو جسم ڈھانپنے کے لیے کپڑا اور پاؤں میں پہننے کے لیے جوتے میسر نہ تھے آج وہی عرب پوری دنیا میں سب سے زیادہ مال دار، رئیس، امیر بن چکے ہیں۔

رسول الله ﷺ قال: اذا تطاول رعاء الغنم فی البنیان. ابن ماجه

رسول اللہ ﷺ نے کہا (ساعت اس وقت قائم ہوگی) جب جانوروں (بیڑ، بکریاں، اونٹوں وغیرہ) کے چرواہے ایک دوسرے سے لمبی عمارتیں بنانے لگیں۔

رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے پہلے سے لیکر آج سے چند سال قبل تک عربوں کے جو لوگ اونٹ، گدھے، بھیڑ، بکریاں چرواتے تھے وہ چرواہے آج ایک دوسرے سے بڑھ کر لمبی لمبی عمارتیں بنانے میں مقابلے کر رہے ہیں۔ آج دنیا کی سب سے بلندترین عمارت بھی انہی چرواہوں نے تعمیر کی جو دبئی میں واقع ہے جس کا نام برج الخلیفہ ہے اور یہی عرب کے بدو چرواہے اس سے بھی بلند عمارت ریاض نجد سعوی عرب میں تعمیر کر رہے ہیں جس کی بنیاد یکم اپریل ۲۰۱۳ کو رکھی اور ۲۰۲۰ تک مکمل کرنے کا دعویٰ کیا ہوا ہے۔ اس کے علاوہ بھی ہم ان ماضی کے چرواہوں کی بنائی ہوئی عمارتوں کو دیکھ سکتے ہیں جو بادلوں سے اوپر آسمانوں کو چھوتی نظر آتی ہیں۔

رسول اللہ ﷺ قال: ان من اشراط الساعة أن يرفع العلم، ويظهر الجهل، ويفشو الزنا، ويشرب الخمر. ابن ماجه

رسول اللہ ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں ساعت کی اشراط میں سے ہے کہ علم رفع ہو جائے گا اور جہالت ظاہر ہو جائے گی اور زنا عام ہو جائے گا اور نشہ آور مشروب پیے جائیں گے۔

آج علم رفع ہو چکا اور پوری دنیا جہالت کی گھاٹیوں میں گری ہوئی ہے۔ ہر طرف جہالت ہی جہالت ہے علماء کے نام پر علمائے دجال جاہلوں کی کثیر تعداد اکثریت کو ہر لحاظ سے گمراہ کر رہی ہے۔ زنا عام ہو چکا اور الکوحل ملے مشروبات ہر کوئی پی رہا ہے جس کی تفصیل دیکھنے کے لیے ”حلال طیب اور فتنہ دجال“ کا مطالعہ کریں۔

رسول اللہ ﷺ قال: لا تقوم الساعة حتى يفيض المال، وتظهر الفتن، ويكثر الهرج. قالوا: وما الهرج؟ يارسول اللہ ﷺ، قال: القتل، القتل، القتل، ثلاثا. ابن ماجه

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں قائم ہوگی ساعت حتیٰ کہ مال بہت زیادہ ہو جائے گا اور ظاہر ہوں گے فتنے اور ہرج کی کثرت ہو جائے گی۔ پوچھا گیا اے اللہ کے رسول ﷺ ہرج کیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے جواب میں تین بار کہا ہرج قتل ہے قتل ہے قتل ہے۔ یعنی قتل کی کثرت ہو جائے گی۔ ابن ماجه

رسول اللہ ﷺ قال: لا تقوم الساعة حتى يقبض العلم، وتكثر الزلازل، ويتقارب الزمان، وتظهر الفتن، ويكثر الهرج وهو القتل. بخاری، ابن ماجه

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں قائم ہوگی ساعت حتیٰ کہ علم قبض ہو جائے اور زلزلوں کی کثرت ہو جائے اور وقت سکڑ جائے اور فتنے ظاہر ہو جائیں اور ہرج کی کثرت ہو جائے و ہرج قتل ہے۔

آج مال کی کثرت ہوچکی ہے، فتنے ہی فتنے ہیں، ہر طرف قتل ہی قتل ہے، علم قبض ہو چکا، زلزلوں کی کثرت ہے اور وقت سکڑ چکا جو کام پہلے سالوں میں ہوتا تھا وہ آج مہینوں میں بھی نہیں بلکہ دنوں میں ہورہا ہے یوں سالوں کا وقت سکڑ کر مہینوں بھی نہیں بلکہ دنوں تک جا پہنچا، پہلے جو کام مہینوں میں ہوتا تھا اب وہی کام دنوں میں بھی نہیں بلکہ گھنٹوں میں ہورہا ہے اور جو دنوں میں ہوتا تھا اب وہی کام گھنٹوں اور لمحوں میں ہورہا ہے یوں آج وقت سکڑ چکا۔

رسول الله ﷺ قال: لاتقوم الساعة حتى يكثر فيكم المال فيفيض حتى يهم رب المال من يقبل صدقته وحتى يعرضه فيقول الذى يعرضه عليه : لا أرب لى فيه. بیھقی

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں قائم ہوگی ساعت حتیٰ کہ تم میں مال کی اتنی کثرت ہوجائے گی کہ پانی کی طرح بہے گا یہاں تک کہ مال والے کو ہوگا کہ کون اس کا صدقہ قبول کرے گا اور یہاں تک کہ وہ کسی کو پیش کرے گا پس وہ جس پر پیش کرے گا وہ کہے گا مجھے اس کی کوئی چاہت نہیں۔

آج عربوں میں مال و دولت کی بلکل یہی حالت ہے مال و دولت کی اتنی فراوانی ہے کہ وہاں ان کا کوئی صدقہ قبول کرنے والا کوئی نہیں عید پر جب قربانی کی جاتی ہے تو ان سے گوشت لینے والا کوئی نہیں ہوتا اور وہ اس گوشت اور اپنے صدقے وغیرہ کو تیسری دنیا کہلائے جانے والے ممالک میں بھیج دیتے ہیں۔ عربوں کے اسی سارے صدقے کے مال سے آج ایشیائی ممالک میں مدرسے چل رہے ہیں۔

رسول الله ﷺ قال: لاتقوم الساعة حتى تعود أرض العرب مروجا و أنهارا. مسلم

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں قائم ہوگی ساعت حتیٰ کہ عرب کی سرزمین شاداب اور نہروں یعنی پانی کی پائپ لائنوں سے بھر جائے گی۔

آج عرب کے صحراؤں کو ہم سرسبز و شاداب اور پانی کی پائپ لائنوں سے بھرا دیکھ سکتے ہیں یہاں تک کہ سعودی عرب کے صحرا

میں لاکھوں مربع کلومیٹر کا رقبہ سرسبز وشاداب ہو چکا ہے جیسا کہ تصاویر میں دیکھا جا سکتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ قال: لاتقوم الساعة حتى تأخذ أمتى أخذ القرون قبلها شبراً بشبرٍ وذراعاً بذراعٍ، قيل يا رسول اللہ ﷺ! كفارس والروم؟ قال: ومن الناس الا أولئك. بخاری

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں قائم ہوگی ساعت حتیٰ کہ میری امت وہی کرے گی جو اس سے پہلی امتوں نے کیا بالشت سے بالشت بازو سے بازو، پوچھا گیا یا رسول اللہ ﷺ جیسے فارس اور روم والے کریں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا اور لوگوں سے مگر وہی۔ یعنی دنیا کے انسانوں میں سے روم و فارس والے پہلی قوموں نے جو کیا وہی کریں گے جیسے روم و فارس والے پہلی قوموں کی روش اختیار کریں گے بلکل اسی طرح یہ امت بھی وہی سب کرے گی۔

یعنی امت محمد بلکل وہی سب کرے گی جو ان سے پہلی ہلاک شدہ امتیں کر چکیں حالانکہ یہ کام تو فارس و روم کو کرنا چاہیے تھا نہ کہ اس امت کو مگر یہ امت بھی فارس و روم یعنی صلیبیوں کیطرح ہی پہلی ہلاک شدہ امتوں کے نقش قدم پر چلے گی اور رائی برابر بھی فرق نہیں چھوڑے گی۔ پیچھے کتاب میں ہلاک شدہ اقوام نے کیا کچھ کیا اس کی تفاصیل قرآن سے گزر چکی ہیں اور بلکل وہی سب آج اہل روم کر رہے ہیں اور امت محمد پہلی قوموں کے نقشے قدم پر اہل روم کی اتباع میں کیساتھ کندھے سے کندھا ملا کر چل رہی ہے۔اور اس کو سمجھنا بہت ہی آسان ہے ایک طرف محمد رسول اللہ ﷺ کی سنت یعنی جس طرح انہوں نے زندگی گزاری اس کو رکھیں یعنی ملت ابراہیم کو رکھیں جو کہ صرف اور صرف ہر طرف سے کٹ کر فطرت پر قائم ہونا ہے اور دوسری طرف یہود و نصاریٰ کی ملت کو رکھیں اور اپنی زندگی کا دونوں سے موازنہ کریں آپ پر روز روشن کی طرح عیاں ہو جائے گا کہ آپ کس کی ملت پر ہیں۔

رسول اللہ ﷺ قال: لاتقوم الساعة حتى تلحق قبائل من امتى بالمشركين وحتى تعبد الأوثان. بيهقى، حاكم

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں قائم ہوگی ساعت حتیٰ کہ میری امت سے قبائل مل جائیں مشرکین کیساتھ اور حتیٰ کہ

غلامی کریں اپنے ہاتھوں سے خلق کی گئی مخلوقات کی۔

اوثان کہتے ہیں جو کچھ انسان سہولتوں، آسائشوں، آسانیوں اور ترقی کے نام پر خلق کرتا ہے جیسے کہ آج کی جتنی بھی مشینری ہے اوران مشینوں کی غلامی یہ ہے کہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے دنیا میں جو وقت اپنی غلامی کے لیے دیا وہی وقت انہی آسائشوں وغیرہ کے حصول کے لیے ان کے پیچھے لگا دیا جاتا ہے یہی تو ان اوثان کی غلامی ہے۔انسان کا مقصد صرف ان ہی کا حصول رہ گیا ہے۔

رسول الله ﷺ قال: اذا ذخرفتم مساجدكم وحليتم مصاحفكم فالدمار عليكم. الحکیم

رسول اللہ ﷺ نے کہا جب تم اپنی مساجد کو سجانے لگو اور اپنے صحوف کو زیور لگانے لگو پس تباہی و بربادی ہوگی تم پر۔

آج ہم عالی شان ایک سے بڑھ کر ایک زیبائش وآرائش والی مساجد اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔مساجد ایسے بن چکی ہیں جیسے کہ محلات ہوں۔اور جب مساجد کی یہ حالت ہوچکی تو رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کے عین مطابق آج یہ امت ہلاکت کا شکار ہے طرح طرح کے عذابوں کا شکار ہے جیسے بنی اسرائیل اللہ کے غضب کا شکار ہوئے لعنت زدہ ہوئے بلکل اسی طرح یہ امت بھی آج اللہ کے غضب کا شکار ہوچکی ہے لعنت زدہ ہوچکی ہے۔

رسول الله ﷺ قال: اذا سمعتم بقومٍ قد خسف بهم ههنا قريباً فقد أظلت الساعة. مسند احمد، طبرانی، حاکم

رسول اللہ ﷺ نے کہا جب تم سنو کسی قوم کے بارے میں کہ وہ قریب ہی دھنس گئی ہے تو پس تحقیق وہ ساعت کا سایہ ہے۔

یعنی جب زمین کا دھنسا شروع ہوجائے گا وہ دھنسا ساعت کا سایہ ہوگا کہ ساعت اس قدر قریب آچکی ہوگی جیسں کوئی شئے پاس آتی ہے اوراس کا سایہ پہلے آپ پر پڑھے۔آج آپ انٹرنیٹ پر سنک ہولز لکھ کر تلاش کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ پوری دنیا میں زمین جگہ جگہ سے اچانک دھنس رہی ہے اور یہ دھنسنے کے واقعات روزانہ کا معمول بن چکے ہیں جس سے رسول اللہ

ﷺ کے الفاظ کی بلکل تصدیق ہوتی ہے کہ اب ساعت یعنی آخری بڑی عظیم تباہی بلکل سر پر آ چکی ہے موجودہ انسانوں کی اکثریت اپنی آنکھوں سے دیکھے گی۔

رسول اللہ ﷺ قال: اذا وسد الامر الی غیر أھلہ فانتظر الساعۃ. بخاری

رسول اللہ ﷺ نے کہا جب حکومت ان کو سونپی جائے جو اس کے اہل نہیں پس اس وقت انتظار کرنا ساعت کا۔

آج پوری دنیا پر تمام کے تمام حکمران وہی ہیں جو اس کے اہل نہیں یہ لوگ پوری دنیا کو فساد زدہ کر چکے ہیں اور کر رہے ہیں انہی کے فساد کے سبب ساعت آئے گی اور رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کی روشنی میں جن میں رائی برابر بھی ایمان ہے ان کو ساعت کا انتظار کرنا چاہیے یعنی جیسے کسی کی آمد کا انتظار ہوتا ہے تو انتظار میں اور کچھ کرنے کو دل نہیں چاہتا بلکل ایسے ہی دنیا سے دل اچاٹ ہو جائے اور آخرت کی فکر میں لگے رہنا چاہیے اب دنیا انتہائی قلیل وقت کی رہ گئی ہے۔

رسول اللہ ﷺ قال: یخرج فی آخر الزمان رجال یختلون الدنیا بالدین، یلبسون للناس جلود الضأن من اللین، ألسنتھم أحلی من العسل وقلوبھم قلوب الذئاب. ترمذی

رسول اللہ ﷺ نے کہا آخری زمانے میں ایسے اشخاص نکلیں گے جو الجھائیں گے الجھن کا شکار کریں گے، تذبذب کا شکار کریں گے، کنفیوزن کا شکار کریں گے دنیا میں دین سے یعنی کہیں گے کہ دین اور دنیا دو الگ الگ چیزیں ہیں۔ بھیڑوں کی کھالیں پہنے ہوئے ہوں گے تاکہ لوگوں کو اپنے جال میں پھنسا سکیں ان کی زبانیں شہد سے میٹھی ہوں گی اور دل ہوں گے ان کے بھیڑیوں کے۔

آج یہ سب مناظر ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں آج ان نام نہاد علماؤں نے دین اور دنیا کو دو الگ الگ چیزیں بنا دیا جس وجہ سے لوگوں کی اکثریت نے دین کو پوجا پاٹ سمجھ لیا اور دنیا کے پیچھے بھاگ رہے ہیں۔ ان علماء نامی طبقے کی حقیقت بلکل وہی ہے جو خود محمد رسول اللہ ﷺ نے بیان کر دی تھی انہوں نے اپنی حقیقت کو چھپانے کی خاطر ایسے لبادے اوڑھے ہوئے ہیں کہ ہر کوئی ان کو دین اسلام کا محافظ سمجھتا ہے لیکن حقیقت اس کے بلکل برعکس ہے ان کی زبانیں تو شہد سے میٹھی ہیں

لیکن دل ان کے بھیڑیوں کی مانند ہیں۔جس امت کو دنیا کے انسانوں کے لیے نکالا گیا تھا انہوں نے اس امت کو اسی چکروں میں ڈال دیا جن چکروں میں بنی اسرائیل کے علماء نے انہیں ڈال دیا اور وہ اللہ کے غضب کا شکار ہوئے لعنت زدہ ہوئے۔اس پر مزید کچھ بات کرنے کی ضرورت ہی نہیں آج اس علماء نامی طبقے کی اکثریت کیا تقریباً پورے کا پورا طبقہ ہی ایسا ہے اور اگر کوئی ایسا نہیں تو اس کا شمار اس طبقے میں نہیں ہوتا۔

رسول اللہ ﷺ قال: یدرس الاسلام کما یدرس وشی الثوب حتی لا یدری ما صیام ولا صلاۃ ولا نسک ولا صدقۃ، ولیسری علی کتاب اللہ فی لیلۃٍ فلا یبقی فی الأرض منہ آیۃ، وتبقی طوائف من الناس الشیخ الکبیر والعجوز یقولون؟ أدرکنا آباء نا علی ھذہ الکلمۃ: لا الٰہ الا اللہ، فنحن نقولھا. ابن ماجہ، بیھیقی، حاکم، الضیاء

رسول اللہ ﷺ نے کہا اسلام اس طرح مٹ جائے گا جیسے کپڑے کے نقش ونگار مٹ جاتے ہیں حتیٰ کہ کسی کو ادراک نہ ہوگا صیام یعنی روزے کیا ہیں اور نہ صلاۃ کا اور نہ قربانی کا اور نہ صدقے کا۔اور ایک لیل میں اللہ کی کتاب کو اٹھا لیا جائے گا پس نہیں باقی رہے گی زمین میں اس سے ایک آیت بھی۔اور جو جماعتیں لوگوں سے باقی بچیں گی ان سے انتہائی بوڑھا اور بڑھیا کہیں گے پایا ہم نے اس کلمہ لا الٰہ الا اللہ پر اپنے آباؤ اجداد کو پس ہم بھی یہی کہتے ہیں۔

آج پھر اسلام اسی حالت میں لوٹ چکا جس وقت محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت سے قبل تھا آج اسلام بلکل اسی طرح مٹ چکا جیسے محمد رسول اللہ ﷺ نے کہا۔آج کسی کو بھی ادراک نہیں ہے کہ صوم اصل میں ہے کیا، صلاۃ ہے کیا، قربانی اور صدقہ کیا ہیں۔صلاۃ کو نماز کا نام دیکر پانچ وقت اللہ پر احسان کرنا بنا دیا گیا کسی کو علم ہی نہیں کہ اصل میں صلاۃ ہے کیا۔مثلاً آپ اس بات سے بھی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ اگر آپ سے یا کسی عالم کہلانے والے سے پوچھا جائے کہ شیخ، علامہ، مولوی وغیرہ صاحب صلاۃ یعنی نماز پڑھنے کا حکم کسے دیا جائے گا؟ کیا کسی ہندو، عیسائی، یہودی یا کسی اور مذہب کے پیروکار کو نماز پڑھنے کا کہا جا سکتا ہے تو فوراً جواب ملے گا کہ نہیں نماز کا حکم اسے ہے جو مسلمان ہے۔

تو یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا آل فرعون مسلمان تھے؟ کیا قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود سمیت جتنی بھی ہلاک شدہ اقوام تھیں وہ مسلمان تھیں؟ اگر مسلمان نہیں تھیں تو اللہ نے قرآن میں کہا کہ ان کو کہا تھا کہ صلاۃ قائم کریں انہوں نے صلاۃ قائم نہ کی جس وجہ سے وہ ہلاک ہوئیں۔ صلاۃ کی ضد فساد ہے ان قوموں کو صلاۃ کا حکم دیا گیا لیکن انہوں نے صلاۃ قائم نہ کی جس سے فساد ہوا۔

اب ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ آیا یہ کون سی صلاۃ ہے جو ہم نماز کے نام پر پڑھ رہے ہیں؟ کیا اللہ نے یا اس کے رسول نے کہیں بھی صلاۃ پڑھنے کا حکم دیا یا کہا؟ صلاۃ کو تو قائم کرنے کا حکم دیا اور اس کائنات کی تمام مخلوقات صلاۃ قائم کرتی ہیں جیسے باقی مخلوقات صلاۃ قائم کرتی ہیں ہمیں بھی ویسے ہی صلاۃ قائم کرنی ہے۔ کیا یہ وہی صلاۃ ہے؟

اگر یہ وہی صلاۃ ہے تو اللہ قرآن میں کہتا ہے کہ اللہ اور اس کے ملائکہ تم پر صلی کرتے ہیں اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اللہ کو اور ملائکہ کو نماز کی حاجت کیوں پیش آئی اور وہ بھی انسانوں کے لیے؟ اگر یہ وہی صلاۃ ہے جو آج ہم نے بنا لی تو ظاہر ہے اللہ اور ملائکہ جو صلاۃ انسانوں کے لیے قائم کرتے ہیں وہ بھی یہی ہونی چاہیئے؟ اگر نہیں تو پھر ہمیں یہ جان لینا چاہیے کہ یہ وہ صلاۃ نہیں ہے جس کا حکم اللہ نے ہمیں دیا۔ صلاۃ صل سے ہے صل کہتے ہیں ہر شئے کو اس کے اصل مقام پر رکھنا۔ یہی ہم نے کرنا تھا کہ دنیا کی تمام مخلوقات جو کہ پہلے ہی اپنے اپنے مقام پر تھیں انہیں رہنے دینا تھا اور انسانوں کو ان کے اس مقام پر رکھنا تھا جس مقام کا تعین اللہ نے کر دیا جب ایسا ہوتا تو تمام مخلوقات اپنے اپنے مقام پر رہتے ہوئے اپنی اپنی ذمہ داری پوری کرتیں جس سے آسمانوں اور زمینوں کا نظام بلکل ٹھیک رہتا کوئی خامی نہ ہوتی لیکن جب ہم نے یہ صلاۃ قائم نہ کی تو آج وہی ہوا جو پہلی قوموں کے صلاۃ قائم نہ کرنے کی وجہ سے ہوا انہوں نے بھی صلاۃ کو ہماری طرح پوجا پاٹ بنا لیا ہوا تھا۔ صلاۃ پر ہماری کتاب ''الصلاۃ'' کا مطالعہ کیجئے اس میں صلاۃ کی مکمل تفصیلات کا ذکر کیا گیا ہے۔

آج کوئی بھی ایسا نہیں نظر آتا جسے صلاۃ کا ادراک ہو رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کے عین مطابق آج یہی کہا جاتا ہے جس نے یہ کلمہ پڑھ لیا بس وہی ضرور جنت میں جائے گا جنت میں جانے کے لیے صرف زبان سے اس کلمے کا اقرار کرنا کافی ہے اور ہم نے اپنے آباؤ اجداد کو اسی پر پایا۔ اور بلکل یہی حال صیام، قربانی اور صدقے کا ہے۔ دین کے پانچوں ارکان کی ہی آج یہی حالت ہو چکی ہے۔

قرآن دنیا کے ہر انسان کو صلاۃ قائم کرنے کا حکم دیتا ہے لیکن ہم نے صلاۃ کو نماز کا نام دیکر ایک مسلمان نامی گروہ سے مشروط کر دیا۔ جیسے یہود نے اسلام کو یہود کے نام پر دائرے میں بند کر کے گروہ بنا لیا بلکل اسی طرح نصاریٰ نے کیا اور بلکل اسی طرح اس امت نے کیا اسلام کو مسلم یا مسلمان کے نام پر ایک دائرے میں بند کر کے گروہ بنا دیا۔ نہ صرف یہ کیا بلکہ الٹا اس

میں بھی مزید فرقہ درفرقہ تقسیم ہوگئے جس سے اللہ سبحان وتعالیٰ نے سختی سے منع کیا تھا۔ وہ دین جو پوری انسانیت کے لیے ہے اسے ہم نے ایک گروہ کا دین نہیں بلکہ مذہب بنا دیا۔ جو دین ہے ہی فطرت پر قائم ہونے کا نام ہم نے اسے پوجا پاٹ بنا لیا جس کا دین اسلام سے رائی برابر بھی کوئی تعلق نہیں الٹا یہ پوجا پاٹ دین اسلام کی ضد ہیں۔

رسول اللہ ﷺ قال: سیأتی علی أمتی زمان یکثر فیه القراء ویقل فیه الفقها ویقبض العلم ویکثر الهرج، ثم یاتی من بعد زمان یقرا القرآن رجال من امتی لا یجاوز تراقیهم، ثم یأتی من بعد زمان یجادل المشرک بالله المؤمن فی مثل مایقول. طبرانی ، حاکم

رسول اللہ ﷺ نے کہا میری امت پر زمانہ آئے گا جس میں قرآن پڑھنے والوں کی کثرت ہوگی اور اس کی سمجھ رکھنے والوں کی بہت قلت اور علم قبض کرلیا جائے گا اور ہرج کی کثرت ہو جائے گی پھر آئے گا اس کے بعد زمانہ جس میں میری امت سے لوگ قرآن پڑھیں گے نہیں ان کے حلقوں سے نیچے اترے گا یعنی قرآن کا تعلق ان کے حلق تک ہوگا پھر آئے گا اس کے بعد زمانہ جس میں اللہ کے ساتھ شرک کرنے والا مومن کیساتھ اپنی باتوں سے جھگڑے گا۔

آج یہ تینوں زمانے ہم بیک وقت اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں جن میں قرآن پڑھنے والوں کی کثرت ہے لیکن قرآن کو سمجھنے والوں کی بہت قلت۔ قرآن کا تعلق صرف ان کے حلق کی حد تک ہے، حلق سے آواز نکلتی ہے اس لیے ان کا قرآن سے تعلق صرف پڑھنے کی حد تک ہوگا باقی جسم کے کسی حصے پر قرآن کا اظہار نہیں ہوگا یعنی باقی جسم کے تمام اعضاء وہی کریں گے جس سے قرآن روک رہا ہوگا۔ ایسے زمانے میں قرآن پڑھنے والوں کی تو کثرت تھی اور ہے لیکن قرآن کو سمجھنے والوں کی بہت قلت۔ اسی وجہ سے دنیا کی آج یہ حالت ہو چکی اگر قرآن کی سمجھ رکھنے والے ہوتے تو آج پوری دنیا میں اللہ کے ساتھ اس کے ہر کام میں انسان شریک نہ بنا ہوتا۔ آج پوری دنیا میں ہرج یعنی قتل کی کثرت بھی ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں انسانی زندگی کی اہمیت مچھر یا مکھی سے بھی کم تر ہو چکی ہے۔ آج جس زمانے میں ہم موجود ہیں اللہ کے ساتھ شرک کرنے والے ایک مومن سے بلکل اسی طرح اپنی باتوں سے جھگڑتے ہیں، ان کا کھانا دیکھیں تو غیر اللہ کا مصنوعی، سفر کے

ذرائع مصنوعی دجال کے،حتیٰ کہ ان کے استعمال کی ایک ایک شئے دجال کی خلق کردہ دجال لیکن وہ خود کو بانگ دہل نہ صرف مواحد کہلواتے ہیں بلکہ جب ایک مومن صرف اور صرف اللہ کی غلامی کی دعوت دیتا ہے تو اسے پاگل قرار دیتے ہیں الٹا اسے کافر ومشرک قرار دیتے ہیں اور اس بات کو کوئی مومن ہی سمجھ سکتا ہے۔

رسول اللہ ﷺ قال: لن تقوم الساعة حتى يسود كل قبيلة منافقوها.

طبرانی

رسول اللہ ﷺ نے کہا ہرگز قائم نہیں ہوگی ساعت یہاں تک کہ ہر قبیلے کا حکمران،سردار،لیڈر اس کا منافق نہ بن جائے۔

منافق کا مادہ ن ف ق یعنی نفق ہے۔نفق عربی میں چوہے کے بل کو کہتے ہیں جب آپ چوہے کو بھاگتا ہوا بل میں گھستا دیکھیں تو جس سوراخ میں وہ داخل ہوتا ہے صرف وہ چوہے کا بل نہیں ہوتا بلکہ وہ تو اس کے بل کا ایک دروازہ ہوتا ہے۔آپ ایسا کریں کہ وہاں سے زمین کو کھودنا شروع کردیں تو آپ یہ دیکھ کر دھنگ رہ جائیں گے کہ چوہے نے وسیع زمین کھود کر چھلنی کی ہوئی ہے اور درجنوں سوراخ ہیں جو پتہ نہیں کدھر کدھر نکل رہے ہیں۔چوہے کا بل نظر آنے میں تو ایک سوراخ ہوتا ہے لیکن حقیقت اس کے بلکل برعکس اور چونکا دینے والی ہوتی ہے۔بلکل یہی صفت جس میں پائی جائے وہ منافق کہلاتا ہے۔ یعنی جو وہ نظر آرہا ہوتا ہے یا جو وہ کہتا یا دعویٰ کرتا ہے حقیقت وہ نہیں ہوتی بلکہ حقیقت اس کے بلکل برعکس دھنگ کردینے والی ہوتی ہے۔ لیڈر کا مقصد قوم یا قبیلے کی صحیح سمت راہنمائی اور اس کی بھلائی مقصود ہوتی ہے۔لیڈران زبان سے دعوے تو ایسے ہی کریں گے لیکن حقیقت اس کے بلکل برعکس ہوگی حقیقت یہ ہوگی کے ان کے اپنے مفادات اس میں پوشیدہ ہوں گے اور وہ راہنما کی شکل میں راہزن ہوں گے یعنی ان کے دعوے کے برعکس ان کا مقصد صرف اور صرف لوٹ مار کرنا ہوگا،دھوکا دینا ہوگا اللہ کے ساتھ کھلم کھلا شرک عظیم کرنا ہوگا۔

رسول اللہ ﷺ قال: من اقتراب الساعة انتفاخ الأهلة. طبرانی

رسول اللہ ﷺ نے کہا جو ساعت کا قریب ہونا ہے وہ چاند کا پھول جانا ہے یعنی چاند ایسے نظر آئے گا جیسے بہت قریب سے دیکھا جارہا ہے۔

رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کے عین مطابق آج ایسے آلات ایجاد ہو چکے ہیں جیسے کہ دوربینیں،ہائی ریزولوشن کیمرے اور

لینز وغیرہ جن سے چاند بلکل ایسے ہی قریب سے نظر آتا ہے جیسے رسول اللہ ﷺ نے کہا تھا اور یہ ساعت کے انتہائی قریب ہونے کی علامت ہے۔

رسول الله ﷺ قال: من اقتراب الساعة كثرة القطر و قلة النبات، و كثرة القراء وقلة الفقهاء، و كثرة الأمراء وقلة الأمناء. طبرانی

رسول اللہ ﷺ نے کہا یہ ساعت کا قریب ہونا ہے کہ بارشوں کی کثرت ہوگی اور نباتات کی قلت اور قرآن پڑھنے والوں کی کثرت ہوگی اور قرآن کی سمجھ رکھنے والوں کی بہت قلت اور حکمرانوں کی تعداد بہت زیادہ ہوگی اور حکمرانی کا حق ادا کرنے والوں کی بہت قلت ہوگی۔

رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کے عین مطابق آج بارشوں کی تو بہت کثرت ہے جو کہ بے وقت بھی ہو رہی ہیں یہاں تک کے آئے دن سیلاب آئے رہتے ہیں لیکن ان بارشوں سے زمین نباتات نہیں اگاتی بلکہ وہ بارشیں الٹا تیار شدہ فصلوں کو تباہ کر دیتی ہیں اور آج زمین نباتات بہت کم اگا رہی ہے۔ جب تک زمین میں کھادیں وغیرہ نہ ڈالی جائیں تب تک زمین اگاتی ہی نہیں اگر اگاتی بھی ہے تو بہت کم۔ حالانکہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے قرآن میں واضح کر دیا کہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے بارشوں کا نظام بنایا ہی زمین سے نباتات اگانے کے لیے جس وجہ سے بارشیں صرف تب ہی ہوتی تھیں جب کھیتوں کو پانی کی ضرورت ہوتی تھی اور اتنی ہی مقدار میں ہوتی تھی لیکن آج بادلوں کے نظام میں بھی فساد ہو چکا بارشیں بے وقت اور کثرت سے ہو رہی ہیں لیکن ان سے زمین اپنی نباتات نہیں نکالتی۔

آج قرآن پڑھنے والوں کی کثرت ہے اور قرآن کو سریلی سے سریلی آواز میں پڑھنا ہی عالم وفاضل کی نشانی بن چکا ہے لیکن قرآن کی سمجھ رکھنے والوں کی تعداد نہ ہوں کے برابر ہے۔

اللہ سبحان وتعالیٰ نے جو نظام انسان کو دیا جسے قرآن میں صلاۃ کہا اس میں پوری دنیا کے انسانوں میں ایک ہی خلیفہ ہونا چاہیے لیکن آج اس کے برعکس نہ صرف دنیا میں بلکہ خود کو امت محمد کہلوانے والوں میں حکمرانوں کی کثرت ہو چکی ہے اور ان میں حکمرانی کا حق ادا کرنے والا کوئی بھی نظر نہیں آتا اگر کوئی ہے بھی تو بہت کم۔ ان عوامل کو رسول اللہ ﷺ نے ساعت کے بلکل قریب ہونے کی علامات قرار دیا لیکن ہم ہیں کے ہمارے کان پر جوں تک نہیں رینگ رہی اور کوئی فکر ہی نہیں ہم ابھی بھی یہ سمجھ رہے ہیں کہ جیسے دنیا ختم ہونے والی نہیں یہ سب کچھ ایسے ہی چلتا رہے گا۔ کیا ہمارا یہ رویہ رسول اللہ ﷺ کی

تصدیق کے زمرے میں آتا ہے یا پھران کی تکذیب کے زمرے میں؟ حق ہم پر بلکل واضح ہے اس کے باوجود اگر ہم اپنی ضد پر ڈٹے رہے تو نقصان دنیا و آخرت میں ہمارا اپنا ہی ہے۔

رسول اللہ ﷺ قال: لا تقوم الساعة حتى يتباهى الناس فى المساجد.

مسلم، ترمذی، مسند احمد، ابو داود

رسول اللہ ﷺ نے کہا ہرگز قائم نہیں ہوگی ساعت یہاں تک کہ لوگ مساجد میں فخر نہ کرنے لگیں، شیخیاں نہ بکھارنے لگیں۔

آج یہ سب بھی ہم اپنی انکھوں سے دیکھ سکتے ہیں نہ صرف مساجد کی تعمیر میں ایک دوسرے پر فخر کیا جاتا ہے بلکہ مساجد میں ایسے لباس وغیرہ پہن کر جایا جاتا ہے کہ ایک دوسرے پر فخر کیا جاتا ہے، شیخیاں بکھاری جاتی ہیں۔

رسول اللہ ﷺ قال: ان من أعلام الساعة و اشراطها أن يكتفى الرجال بالرجال و النساء بالنساء. طبرانی

رسول اللہ ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں یہ ساعت کی علامت اور اشراط میں سے ہے کہ مرد مرد سے اور عورت عورت سے کفایت کرے گی یعنی مرد مرد سے اور عورت عورت سے جنسی حاجت پوری کرے گی۔

آج نہ صرف یہ سب ہو رہا ہے بلکہ دنیا کے کئی مما لک میں تو با قاعدہ ایسے قوانین بن چکے ہیں اور ہم جنس پرستی اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے۔ اور یہ سب اسی وقت ہونا تھا جب ساعت کا بلکل قریب ہونا تھا اور آج ساعت بلکل سر پر آ چکی۔

رسول اللہ ﷺ قال: ان من أعلام الساعة و اشراطها أن تكنف المساجد و أن تعلو المنابر. طبرانی

رسول اللہ ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں یہ ساعت کی علامات اور اشراط سے ہے کہ مساجد میں پاخانے کی جگہیں یعنی ٹوائلٹ بنائیں جائیں گے اور یہ بھی کہ مساجد کے منبر اونچے، اوپر کیے جائیں گے۔

آج دنیا میں بہت ہی کم وہ بھی نہ ہونے کے برابر ایسی مساجد ہوں گی جن میں پاخانے کی جگہیں موجود نہ ہوں ورنہ آج تقریباً پوری دنیا میں مساجد میں پاخانے کی جگہیں تعمیر کی جا چکی ہیں جسے رسول اللہ ﷺ نے ساعت کی علامات اور اشراط میں سے قرار دیا وہ آج ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ اور آج مساجد میں منبر بھی اونچے بلند نہ صرف تعمیر کیے جاتے ہیں بلکہ اونچے بلند منبر رکھے جاتے ہیں۔

رسول الله ﷺ قال: ان من أعلام الساعة و اشراطها أن تظهر المعازف وشرب الخمور. طبرانی

رسول اللہ ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں یہ ساعت کی علامات اور اشراط سے ہے کہ گانے بجانے کے آلات ظاہر ہو جائیں گے اور نشہ آور، الکوحل والے مشروبات پیئے جائیں گے۔

آج نہ صرف پوری دنیا میں جدید ترین موسیقی کے آلات ظاہر ہو چکے ہیں بلکہ آج یہ آلات نہ صرف کسی نہ کسی شکل میں ہر گھر میں موجود ہیں بلکہ اب تو ہر ایک اپنی جیبوں میں لیے پھر رہا ہے اور آج دنیا بھر میں سب سے زیادہ پیئے جانے والے مشروبات پیپسی و کوکا کولا وغیرہ ہیں جن میں باقاعدہ الکوحل شامل ہوتی ہے ان کے علاوہ بھی ایسے لاتعداد مشروبات اور بڑی مقدار میں خمر یعنی شرابیں بھی عام پی جا رہی ہیں۔ انہیں رسول اللہ ﷺ نے ساعت کی علامات اور اشراط میں سے قرار دیا یوں آج ساعت ہمارے سر پر آ چکی ہے لیکن ہم اس سے بلکل غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔

رسول الله ﷺ قال: ان من أعلام الساعة و اشراطها أن تكثر أولاد الزنا. طبرانی

رسول اللہ ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں یہ ساعت کی علامات اور اشراط سے ہے کہ زنا سے پیدا ہونے والی اولاد کی کثرت ہو جائے گی۔

رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کے عین مطابق آج زنا کی پیداوار میں بھی بہت کثرت ہو چکی ہے۔ مغربی معاشروں میں تو نکاح کا کوئی تصور موجود ہی نہیں رہا عورتیں جب چاہیں جس سے چاہیں بغیر نکاح کے بچے پیدا کرتی ہیں۔ کسی کو یہ نہیں علم ہوتا کہ آیا اس کا اصل باپ ہے کون اور یہ سب نہ صرف مغربی معاشروں میں ہو رہا ہے بلکہ یہ سب اب تو پوری دنیا میں اور ان معاشروں

میں بھی عام ہو چکا ہے جو خود کو مسلمان کہلواتے ہیں۔ یوں ساعت کی علامات اور اشراط میں سے یہ علامت اور شرط بھی پوری ہو چکی۔

رسول اللہ ﷺ قال: لا تذھب الدنیا حتی یستغنی النساء بالنساء والرجال بالرجال. ابن عساکر

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں ختم ہو گی دنیا یہاں تک کہ عورت عورت سے اور مرد مرد سے اپنی حاجت پوری کرے۔

آج ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں کہ ہم جنس پرستی اپنے عروج پر پہنچ چکی ہے جو کہ دنیا کے ہر معاشرے میں سرائیت کر چکی ہے۔

رسول اللہ ﷺ قال: اذا ضیعت الأمانۃ فانتظر الساعۃ، قیل: کیف اضاعتھا؟ قال: اذا أسند الأمر الی غیر أھلہ فانتظر الساعۃ. بخاری

رسول اللہ ﷺ نے کہا جب ضائع کی جائے گی امانت پس انتظار کرنا ساعت کا۔ پوچھا گیا کیسے اسے ضائع کیا جائے گا؟ رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا جب حکمران ایسے لوگ بن جائیں جو اس کے اہل نہیں پس اس وقت ساعت کا انتظار کرنا۔

آج پوری دنیا میں ایسے حکمران مسلط ہو چکے ہیں جو امانت کو ضائع کر رہے ہیں یہ زمین اللہ سبحان وتعالیٰ کی امانت ہے اس پر حکمرانی کا حق صرف اسے ہے جو اس کا اہل ہو اور اہل صرف اور صرف وہی ہو سکتا ہے جسے اللہ سبحان وتعالیٰ نے علم وحکمت سے نوازا ہو ورنہ جو بھی حکمران بنے گا وہ شیاطین کے مشن میں ان کا معاون کار بن کر زمین میں نمرود و فرعون سمیت پچھلی قوموں کی طرح فساد کرے گا جس سے اللہ کی اس امانے میں خیانت ہو گی جس وجہ سے آج جو تباہیاں، مصیبتیں، زلزلے، سیلاب آرہے ہیں یہ سب ہو گا اور آج یہ سب ہم خود نہ صرف دیکھ رہے ہیں بلکہ اسی وقت سے گزر رہے ہیں۔ یوں آج ساعت ہمارے سر پر آ کھڑی ہے۔

قال رسول الله ﷺ : ان امام الدجال سنين خداعة، يكذب فيها الصادق، ويصدق فيها الكاذب، ويخون فيها الامين، ويؤتمن فيها الخائن، ويتكلم فيها الرويبضة. قيل: وما الرويبضة؟ قال : الفويسق يتكلم فى امر العامة. مسند احمد

کہا رسول اللہ ﷺ نے اس میں کچھ شک نہیں کہ دھوکے کے سال دجال کے امام ہوں گے، ان میں جھوٹا سچا ہوگا اور سچا جھوٹا ہوگا، خیانت کرنے والے امین اور امانت کا حق ادا کرنے والے خیانت دار، بولیں گے ان میں رویبضہ۔ پوچھا گیا اور کیا ہیں رویبضہ؟ تو رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا بات کو بدلنے والے، بات میں جھوٹ کی ملاوٹ کرنے والے سچ کو بدلنے والے بولیں گے دخل اندازی کریں گے عوام الناس کے معاملات میں۔

قال رسول الله ﷺ : تكون أمام الدجال سنون خداعة، يكثر فيها المطر ويقل النبت، ويكذب فيها الصادق و يصدق فيها الكاذب، ويؤتمن الخائن ويخون فيها الأمين، وينطق فيها الرويبضة، قيل: يا رسول الله ﷺ وما الرويبضة؟ قال: من لا يوبه له. طبرانی

يوبه. پرواہ، ذمہ داری کا احساس، ذمہ دار ہونا، سنجیدگی وغیرہ۔

کہا رسول اللہ ﷺ نے دھوکے کے سال دجال کے امام ہوں گے، ان میں بارش کثرت سے ہوگی لیکن پیداوار کم سے کم ہوں گی، جھوٹا اس میں سچا ہوگا اور سچا اس میں جھوٹا، امانت کا حق ادا کرنے والا خائن اور امانت میں خیانت کرنے والا امین ہوگا، اور بولیں گے اس میں رویبضہ، پوچھا گیا اے اللہ کے رسول ﷺ اور یہ رویبضہ کون ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا رویبضہ وہ ہوگا جس کو ذمہ داری کا احساس نہیں ہوگا غیر سنجیدہ، بے پرواہ، غیر ذمہ دار جو بغیر سوچے سمجھے بات کرے گا کہ اس کی وجہ سے خواہ کتنی ہی تباہی کیوں نہ آ جائے اسے

کوئی فکر، پرواہ نہیں ہوگی۔

النبی ﷺ قال: سیاتی علی الناس سنوات خداعات یصدق فیها الکاذب، ویکذب فیها الصادق، ویؤتمن الخائن ویخون فیها الأمین، وینطق فیها الرویبضة، قیل: یا رسول الله ﷺ وما الرویبضة؟ قال:الرجل التافه ینطق فی امر العامة. الأمالی الخمیسیة للشجری

التافه. بےوقعت، لالچی، کمینہ، بےبنیاد، احمق، کمتر، فضول، بےکار، مضحکہ خیز، نیچ، ذلیل، برا، سستاوغیرہ۔

نبی ﷺ نے کہا آئیں گے لوگوں پر دھوکے کے سال، جھوٹا اس میں سچا ہوگا اور سچا اس میں جھوٹا، امانت کا حق ادا کرنے والا خائن اور امانت میں خیانت کرنے والا امین ہوگا، اور بولیں گے اس میں رویبضۃ، پوچھا گیا اے اللہ کے رسول ﷺ اور یہ رویبضہ کون ہیں؟ رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا بےوقعت، لالچی، کمینہ، بے بنیاد، احمق، کمتر، فضول، بےکار، مضحکہ خیز، نیچ، ذلیل، برا، سستاوغیرہ شخص ہوگا جو بولے گا دخل اندازی کرے گا عوام الناس کے معاملات میں۔

روایات میں رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کے عین مطابق آج یہ سب کچھ ہورہا ہے اور ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں۔ امانت کہتے ہیں حکمرانی کی ذمہ داری پوری کرنے کو جیسا کہ پورا کرنے کا حق ہے۔ اور آج ہم دیکھ سکتے ہیں پوری دنیا میں خائن حکمران مسلط ہیں، آج سچے کو جھوٹا اور جھوٹے کو سچا بنا کر پیش کیا جاتا اور سمجھا جاتا ہے، بارشیں پوری دنیا میں کثرت سے ہوتی ہیں جن کی وجہ سے آئے روز سیلاب آتے ہیں لیکن ان بارشوں کا فائدے کی بجائے نقصان ہوتا ہے بارشیں تو کثرت سے ہورہی ہیں لیکن ان بارشوں سے پیداوار نہ ہونے کے برابر ہوتی ہے۔ بارشوں کا نظام ہی درہم برہم ہو چکا ہے۔ رویبضہ آج عوام الناس کے معاملات میں بول رہے ہیں جنہیں ہم کسی بھی ٹی وی چینل یا میڈیا پر دیکھ سکتے ہیں پوری دنیا کے میڈیا میں ایسے لوگوں کی بھرمار ہے جو سچ میں جھوٹ کی ملاوٹ کر کے لوگوں کے سامنے پیش کرتے ہیں انتہائی غیر ذمہ داری کر

مظاہرہ کرتے ہوئے ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں کہ جتنی جی چاہے تباہی آئے انہیں اس کی کوئی پرواہ نہیں اور ایسے تمام کے تمام لوگ لالچی، کمینے، شہرت کے بھوکے، بے وقعت، جاہل، فضول، فاسق و فاجر انسان ہیں۔ ایسے دھوکے سے بھرپور سالوں کو رسول اللہ ﷺ نے دجّال کے امام قرار دیا۔ ایسے تمام روایات میں امام الدجال کے معنی دجال سے پہلے دھوکے کے سال مراد لیے جاتے ہیں جو کہ بہت بڑا دھوکا اور فراڈ ہے۔ پہلے کے لیے عربی میں لفظ قبل استعمال ہوتا ہے نہ کہ امام۔ امام عربی میں کہتے ہیں جو آگے ہوتا ہے۔ جو لیڈ کرتا ہے۔

مثال کے طور پر ٹرین کی ہی مثال لے لیجئے ٹرین کا انجن باقی ڈبوں کا امام کہلائے گا کیونکہ وہ ان سب سے آگے آگے چلتا ہے۔ اور امام کو رسول اللہ ﷺ نے ڈھال قرار دیا۔ ڈھال ایسی شئے کو کہتے ہیں جس کی آڑ لے لی جائے جیسے پہلے ادوار میں لوہے کا ایک تھال ہوتا تھا جو دوران جنگ استعمال کیا جاتا تھا دشمن کا وار روکنے کے لیے اور اس کی آڑ میں دشمن سے لڑا جاتا تھا۔ جیسے درج ذیل روایت میں رسول اللہ ﷺ نے بھی اسی بات کو واضح کر دیا۔

النبی ﷺ قال: انما الامام جنة، يقاتل من ورائه و يتقى به. مسلم

نبی ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں امام ڈھال ہے لڑا جاتا ہے اس کے پیچھے سے اور بچا جاتا ہے اس سے۔

ایسے دھوکے سے بھرپور سال دجّال کے امام ہوں گے یعنی ایسے سال دجّال کو لیڈ کر رہے ہوں گے دجّال ایسے سالوں کی آڑ لیے ہوئے ہوگا۔ اسی ڈھال یعنی دھوکے سے بھرپور سالوں کی وجہ سے کوئی بھی دجّال کو سمجھنے اور پہچاننے سے قاصر رہے ہیں۔ درحقیقت یہ رویبضہ جن کا پیچھے ذکر ہو چکا ہے جیسے کہ میڈیا اینکرز، صحافی وغیرہ یہ سب دجّال کی امامت کر رہے ہیں دجّال ان کی آڑ لیے ہوئے ہے۔ یہی وہ لوگ ہیں جو دجّال کو مسیحا بنا بنا کر پیش کرتے ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے لفظ امام الدجال کا استعمال کر کے واضع کر دیا کہ انہیں سالوں میں دجّال موجود ہوگا نہ کہ ایسے سالوں کے بعد دجّال آئے گا۔ آج یہ وہی دھوکے سے بھرپور سال ہیں جو دجّال کے امام ہیں اور دجّال یعنی ٹیکنالوجی ان کی آڑ میں پوری دنیا کے انسانوں کا ربّ بنا ہوئی ہے۔ یہ میڈیا ٹیکنالوجی کو مسیحا بنا کر پیش کرتا ہے اس کا صرف ایک ہی رُخ دیکھاتا ہے جو دیکھنے میں بہت مزین ہے لیکن اس کا دوسرا رُخ کوئی بھی نہیں دیکھاتا سب چھپا دیتے ہیں جس کی وجہ سے آج انسانوں کی اکثریت دجّال کو پہچاننے سے قاصر ہے اور دجّال یعنی ٹیکنالوجی کو اپنا ربّ بنائے ہوئے ہے۔

رسول الله ﷺ قال: ان بين يدى الساعة فتناً كأنها قطع الليل المظلم، يصبح الرجل فيها مؤمناً ويمسى كافراً، ويمسى مؤمناً ويصبح كافراً، يبيع قوم أخلاقهم بعرضٍ من الدنيا يسيرٍ. مسند احمد، نعیم بن حماد، حلية الاولياء

رسول اللہ ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں ساعت کے ہاتھ کے درمیان یعنی جب ساعت بلکل سر پر آ جائے گی فتنے ہوں گے کالی سیاہ رات کی طرح اس میں شخص صبح کرے گا تو مومن ہوگا اور شام کو کافر اور شام کو مومن ہوگا اور صبح کرے گا تو کافر ہوگا۔اس میں دنیا کی آسانیاں، سہولتیں پیش کے عوض اپنے اخلاق کا سودا کرے گا۔

رسول الله ﷺ قال: ان بين يدى الساعة فتناً كقطع الليل المظلم يصبح الرجل فيها مؤمناً ويمسى كافراً، ويمسى مؤمناً ويصبح كافراً، يبيع فيها قوم دينهم بعرضٍ من الدنيا. طبرانی

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ.

المومنون ۷۸

اور وہی ہے جس نے تمہاری ذہانت بڑھائی سیکھنے ،سمجھنے کی صلاحیت رکھی ، سیکھنے سمجھنے، ذہانت کے آلات نصب کیے ۔اور کر دیئے تمہارے لیے سننے والے اوردیکھنے والے اور جو سنتے اوردیکھتے ہو اس کا سمجھنے کی صلاحیت رکھنے والے۔ بہت ہی کم ہیں جو ہماری ان دی ہوئی نعمتوں کو اسی مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں جس مقصد کے لیے دیں۔

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ . السجدہ ۹

پھر اسے مکمل کیا اور پھونکا اس میں اپنی روح سے اور کر دیا تمہارے لیے سننے والا اوردیکھنے والا اور جو سنتے اور دیکھتے ہو اس کا سمجھنے کی صلاحیت رکھنے والا۔ بہت ہی کم ہیں جو ہماری ان دی ہوئی نعمتوں کو اسی مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں جس مقصد کے لیے دیں۔

قُلْ هُوَ الَّذِىْٓ اَنْشَاَ كُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَةَ ط قَلِيْلاً مَّا تَشْكُرُوْنَ . الملک ۲۳

کہو وہی ہے جس نے تمہاری ذہانت بڑھائی سیکھنے، سمجھنے کی صلاحیت رکھی، سیکھنے سمجھنے، ذہانت کے آلات نصب کیے۔اور کر دیئے تمہارے لیے سننے والے اور دیکھنے والے اور جو سنتے اور دیکھتے ہو اس کا سمجھنے کی صلاحیت رکھنے والے۔ بہت ہی کم ہیں جو ہماری ان دی ہوئی نعمتوں کو اسی مقصد کے لیے استعمال کرتے ہیں جس مقصد کے لیے دیں۔

یہ نعمتیں اللہ نے جس مقصد کے لیے دیں وہ حکم تو دے دیا لیکن ساتھ ہی یہ بھی بتا دیا کہ بہت کم ایسے ہوں گے جو شکر کریں گے یعنی ان نعمتوں کا استعمال اس مقصد کے لیے کریں گے جس مقصد کے لیے عطا کیں اور جو نہیں کریں گے ان کے بارے میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے جو کہا ان آیات میں سے چند درج ذیل ہیں۔

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ صلے لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ز وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ز وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّايَسْمَعُوْنَ بِهَا ط اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ط اُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ . الاعراف ۱۷۹

اور تحقیق کے بنایا ہم نے جہنم کے لیے اکثریت کو جنوں سے اور انسانوں سے، ان کے دل نہیں ان کیساتھ سمجھتے اور ان کی آنکھیں نہیں دیکھتے ان کے ساتھ اور ان کے کان نہیں سنتے ان کیساتھ یہی ہیں جیسے کہ جانور بلکہ یہ گمراہ ہیں۔یہی ہیں وہ (جنہیں جہنم کے لیے بنایا گیا) جو غفلت میں پڑے ہیں۔

صُمٌّ بُكْمٌ عُمْىٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ. البقرۃ ۱۸

بہرے ہیں، گونگے ہیں، اندھے ہیں پس یہ نہیں رجوع کرنے والے۔

وَمَا يَسۡتَوِى الۡاَعۡمٰى وَالۡبَصِيۡرُ. فاطر ۱۹

اورنہیں برابراندھےاوردیکھنے والے۔

یہ ان اندھوں اور دیکھنے والوں کی بات نہیں ہو رہی جن کی آنکھیں ہوتی ہیں یا نہیں ہوتیں بلکہ• یہ ان اندھوں کی بات ہو رہی ہے جو آنکھوں کو اس مقصد کے لیے استعمال ہی نہیں کرتے جس مقصد کے لیے دی گئیں۔ جیسے کہ اللہ سبحان وتعالیٰ درج ذیل آیت میں بتاتے ہیں کہ اصل میں اندھا ہونا کیا ہے۔

فَاِنَّهَا لَا تَعۡمَى الۡاَبۡصَارُ وَلٰكِنۡ تَعۡمَى الۡقُلُوۡبُ الَّتِىۡ فِى الصُّدُوۡرِ. الحج ۴۶

پس اس میں کچھ شک نہیں دیکھنے کی صلاحیت سے اندھا نہیں ہوتا یعنی آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں اور لیکن دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہوتے ہیں۔

وَمَا يَسۡتَوِى الۡاَحۡيَآءُ وَلَا الۡاَمۡوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسۡمِعُ مَنۡ يَّشَآءُ ۚ وَمَاۤ اَنۡتَ بِمُسۡمِعٍ مَّنۡ فِى الۡقُبُوۡرِ. فاطر ۲۲

اورنہیں ہیں برابر جو زندہ ہیں اور جو مردہ ہیں اس میں کچھ شک نہیں اللہ سناتا ہے جیسے اس کا قانون ہے اور نہیں تم سنا سکتے ان کو جو قبروں میں ہیں۔

اس آیت میں وفات شدگان کا ذکر نہیں ہو رہا بلکہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے ان کو اموات یعنی مردہ قرار دیکر کہا کہ زندہ اور مردہ برابر نہیں ہو سکتے جو لوگ آنکھوں، کانوں اور دل کا اس مقصد کے لیے استعمال نہیں کرتے جس مقصد کے لیے اللہ نے یہ نعمتیں دیں یعنی جو غور وفکر نہیں کرتے ان کو اللہ نے مردہ قرار دیا اور آیت کے آخری حصے میں غور وفکر نہ کرنے والوں کو قبروں میں قرار دیا حالانکہ جیتے جاگتے انسان ہیں اس کے باوجود قبروں میں اس لیے قرار دیا کہ یہ جو جانوروں سمیت مختلف حیات غیرہ ہمیں نظر آتے ہیں طیب ہوں یا خبیث یہ سب ان کی ہی حالت قبر ہے۔ ان میں اور ایک زندہ انسان میں ایک ہی شئے تمیز کرتی ہے اور وہ ہی غور وفکر کرنا۔ یہ صرف چند آیات ہیں ان کے علاوہ قرآن ایسی آیات سے بھرا پڑا ہے۔ اوپر بیان کردہ تمام آیات کو سامنے رکھیں اور فیصلہ آپ خود کریں۔

قرآن کی آیات میں اللہ سبحان وتعالیٰ کے احکامات آپ کے سامنے ہیں۔اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایسا کرنے والوں اور ایسے نظریے وعقیدے پرعمل کرنے والوں اوراسی کا پرچار کرنے والوں کا کیا دین سے کوئی تعلق ہوسکتا ہے؟

کیا ایسے لوگ دنیا کے طالب ہیں یا آخرت کے؟ خواہ اپنی زبانوں سے لاکھ آخرت کی طلب کے دعوے کرتے رہیں۔کیا یہ وہی کام نہیں جو پچھلی قوموں نے انجام دیا اور جس کی ممانعت رسول اللہ ﷺ نے بہت ہی شدت سے کی لیکن ان عقل کے اندھوں،شریر،مفاد پرست،فرقہ پرست، جہلا نے نہ صرف اللہ کے نبی کے لائے ہوئے دین کو جہالت میں بدل دیا بلکہ اللہ اوراس کے کلام کا ہی کفر کر دیا۔

میں نے پیچھے بیان کر دیا کہ قرب قیامت والا دجّال انسان ہے اس کا نہ تو کسی روایت میں کوئی ذکر ملتا ہے اور نہ ہی دین اس کی تائید کرتا ہے بلکہ اُلٹا تمام کی تمام روایات اس کے انسان ہونے کی نفی کرتی ہیں۔مثال کے طور پر اگر وہ ایک انسان ہوتا تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر اللہ سبحان وتعالیٰ کے نبی محمد رسول اللہ ﷺ نے اس کے بارے میں اتنی تفاصیل کیوں بیان کیں۔جب کہ اگر وہ ایک انسان تھا، ہوگا تو اللہ کے نبی اتنی وضاحتیں وتفصیلات بیان کرنے کی بجائے ایک ہی بات کہہ دیتے کہ اے اللہ کے غلامو تمہیں علم ہے کہ تم اپنے رب اللہ کو اس دنیا کی زندگی میں نہیں دیکھ سکتے اس لیے کوئی بھی ہو جو بھی تمہارے سامنے آ کر یہ دعویٰ کرے کہ میں ربّ ہوں تو اس کا جھوٹا ہونے کے لیے تو اتنا ہی کافی ہے کہ وہ سامنے آ گیا۔تم اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہوگے۔دیکھنے کی بات تو بہت دور کی ہے سورت اخلاص جو کہ قرآن کی ایک صورت ہے اس میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے بتا دیا۔

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۠ الاخلاص ۴

اور نہیں ہے نہ ہوسکتا ہے اس کے جیسا وہ اکیلا ہے

اس کے جیسا کوئی بھی نہیں، اگر ذہن میں کوئی تصور بھی قائم ہو جائے تو وہ تمہارا رب اللہ نہیں ہوسکتا۔اللہ سبحان وتعالیٰ کی ذات کا ادراک دنیاوی زندگی میں کسی بھی سطح پر ناممکن ہے۔

اس کے باوجود اگر ہم یہ کہیں کہ وہ ایک انسان ہوگا تو ایسا کہنے سے پہلے ہمیں یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ نعوذ باللہ رسول اللہ ﷺ کو ہی علم نہ تھا کہ اللہ کی ذات کو دنیا میں نہیں دیکھا جا سکتا۔اور پھر اصحاب رسول کو بھی یہ علم نہ تھا اور ممکن تھا کہ کوئی انسان اور وہ بھی ان کے عقائد ونظریات کے مطابق ایک آنکھ والا کانا، ٹھگنے قد والا، ٹیڑی پنڈلیوں والا، ایک آنکھ تو سرے سے ہوگی

نہیں اور دوسری جو ہو گی وہ بھی عیب زدہ پھولی ہوئی آنکھ والا سامنے آکر رب ہونے کا دعویٰ کرتا تو اصحاب رسول ہی اس پر کہیں ایمان نہ لے آتے۔

ہمیں غور کرنا چاہیے کہ ہمارے ان باطل و بے ہودہ نظریات کی بنیاد و حقیقت ہے کیا۔ اگر ایسا ہی ہوتا کہ وہ ایک انسان ہوتا تو دن رات اتنی تفاصیل بتانے کی ضرورت ہی کیا تھی۔ اللہ کے نبی ﷺ صرف ایک ہے بات بتا دیتے کہ دیکھو کوئی بھی ہو، ایک آنکھ چھوڑ و کوئی لاکھ آنکھوں والا بھی آجائے، کوئی کیسا ہی کیوں نہ ہو جس کو بھی تم دنیا کی زندگی میں دیکھ لو وہ تمہارا رب اللہ ہو ہی نہیں سکتا۔ بات ختم اس لیے پریشان ہونے کی تو کوئی ضرورت ہی نہیں۔

لیکن اس کے برعکس اللہ کے نبی ﷺ نے جو کہا وہ چونکا دینے والا ہے۔ ایک طرف اللہ کے نبی دجّال کے بارے میں سب کچھ بیان کر رہے ہیں کوئی چھوٹی سے چھوٹی بات بھی نہیں چھوڑی اور اس کے باوجود یہ کہہ رہے ہیں کہ ابھی بھی یہ ممکن ہی نہیں کہ وہ تمہاری عقلوں میں آجائے۔ وہ تمہاری عقلوں میں نہیں آئے گا۔

رسول اللہ ﷺ قال: انی قد حدثتکم عن الدجّال حتی خشیت ان لا تعقلوا. ابو داؤد

رسول اللہ ﷺ نے کہا اس میں کچھ شک نہیں میں نے تمہیں دجّال کے بارے میں جو بھی ایجادات، حادثات، واقعات ہوں گے سب بیان کر دیا اس کے باوجود مجھے یہ یقین ہے کہ وہ تمہاری عقلوں میں نہیں آئے گا۔

اگر وہ ایک انسان ہی تھا تو پھر اللہ کے نبی نے ایسے الفاظ کیوں استعمال کیے؟

اگر انسان تھا تو وہ ایک آنکھ کیا بغیر آنکھ کے ہوتا یا لا تعداد آنکھوں والا ہوتا، یا انسان کی بجائے کوئی ایک ہی عجیب الخلقت مخلوق ہوتی جو سامنے آکر یہ دعویٰ کرتی کہ میں تمہارا ربّ ہوں تو اس کے انکار کے لیے تو اتنا ہی کافی تھا کہ ہم اپنے ربّ کو اس دنیا میں دیکھ ہی نہیں سکتے اس لیے یہ کذاب ہے یہ ہمارا ربّ ہے ہی نہیں۔

اور مسلمان مومن ہی کیا اسے تو یہودی بھی ربّ تسلیم نہیں کریں گے وہ بھی اس کا انکار کر دیں گے۔ اس کو تو ہند کے مشرکین جنہیں ہم ہندو کہتے ہیں وہ بھی اس کی تکذیب کر دیں گے۔ ان کی آسمانی کتاب وید میں وہی سورت موجود ہے جو قرآن میں سورت اخلاص کے نام سے موجود ہے۔

اس کے باوجود اگر کسی کا ایسا نظریہ ہو کہ دجّال انسان ہی ہو گا تو پھر میرے نزدیک تو ایسے انسان کا تو علی الاعلان یہ عقیدہ و

نظریہ ہے کہ اللہ کی ذات کو دنیا میں بھی دیکھا جاسکتا ہے نہ صرف دنیا میں دیکھا جاسکتا ہے بلکہ انسانی شکل وصورت میں۔اس کا فائدہ ایک عیب دار انسان اُٹھاتے ہوئے سامنے آکر اپنے ربّ ہونے کا اعلان کرے گا اور دنیا کی اکثریت اس پر ایمان لے آئے گی۔

اس سب کے باوجود کوئی ایسا عقیدہ ونظریہ رکھے کہ دجّال ایک انسان ہوگا تو ایسا عقیدہ رکھنے والے سے میرے لاتعداد لاجواب سوالات میں سے چند سوالات ہیں جن کے جواب کا منتظر رہوں گا۔اور یہ سوال ہر اس شخص سے بھی ہیں جو جبے و کبے میں ملبوس اپنے نام کے ساتھ الشیخ ،مولانا، علامہ، مفتی وغیرہ سمیت کوئی لقب لگاتا ہے اور ایسا تاثر دیتا ہے کہ اس کے پاس دین کا ٹھیکہ ہے۔اور وہ دجّال کے بارے میں ایسے عقائد ونظریات کے پرچار میں مصروف ہے۔ ہر اس انسان سے میرے یہ سوالات ہیں جو دجّال کے ایک انسان ہونے پر بضد ہے۔

۱۔دجّال اگر انسان ہوگا تو پھر اللہ کے نبی نے اتنی تفصیلات کیوں بیان کیں؟ صرف ایک ہی بات کہہ دیتے کہ کوئی بھی ہو جسے تم دنیا میں اپنی آنکھوں سے دیکھ لو وہ تمہارا رب ہو ہی نہیں سکتا؟

۲۔ دجّال اگر انسان ہے تو اس کا مطلب ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور اصحاب الرسول کو ہی علم نہ تھا کہ اللہ کو دنیا میں نہیں دیکھا جاسکتا۔

۳۔اگر علم تھا تو یقین نہیں تھا۔اور ان کے نزدیک یہ ممکن تھا کہ وہ دنیا میں اللہ کو انسانی شکل میں دیکھ سکتے ہیں؟

۴۔یہ عقیدہ نہ صرف آپ رسول اللہ ﷺ اور ان کے اصحاب کی طرف منسوب کرتے ہیں بلکہ یہی عقیدہ آپ کا بھی ہے؟ ان شاءاللہ آگے کتاب میں تمام کی تمام تفاصیل بہت صراحت کیساتھ آجائیں گی۔

۵۔کیا اللہ کی کتاب اس کی تصدیق کرتی ہے کہ اللہ کی کائنات میں کوئی بھی کام اس کے قانون کے خلاف ہوسکتا ہے جیسا کہ آپ دجّال کے بارے میں کہتے ہیں۔کہ وہ ایک انسان ہوگا اور آسمان کو برسنے کا حکم دے گا، زمین کو پیدا کرنے کا حکم دے گا، ہوا میں تیز رفتاری سے اُڑے گا، زمین کے خزانے نکالے گا۔صحراؤں کو سرسبزوشاداب کردے گا۔زندہ کو مردہ اور مردو کو زندہ کرے گا۔اس کے علاوہ جو بھی روایات میں آیا ہے کیا یہ سب کرنے کے لیے احکامات زبان سے دے گا؟ کیا وہ یہ سب بغیر کسی قوت کے کرے گا؟

کیا وہ یہ سب بغیر کسی شئے کے کرے گا؟

اگر وہ زبان سے آسمان کو برسنے کا حکم دے گا تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اللہ کے قانون میں اس کی گنجائش موجود ہے؟

قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے بارش برسنے کا باقائدہ ایک قانون وضع کر دیا۔اس قانون کے برعکس اللہ کے علاوہ کائنات کی کوئی بھی طاقت بارش نہیں برسا سکتی تو دجّال انسان ہو کر ایسا کیسے کر سکتا ہے؟

زمین کے خزانے اللہ کے قانون کے مطابق ہی نکالے جائیں گے اس کے لیے زمین کو پھاڑا جائے گا اس قانون کے بغیر دنیا کی کوئی طاقت زمین کے خزانے نہیں نکال سکتی۔تو دجّال اللہ کے قانون کے خلاف کیسے کر سکتا ہے؟

۶۔دجّال انسان ہے آپ کے نزدیک چالیس دن کے لیے آئے گا تو ان چالیس دنوں میں ہی وہ ہر انسان کو فرداً فرداً اپنے ربّ ہونے کی دعوت دے گا۔جب وہ ایسا کرے گا اسے یہ کرنے کے لیے کتنی مدت درکار ہوگی؟ اور کیا ایسا چالیس دنوں میں ممکن ہے؟

۷۔دجّال انسان ہوگا اس کے ساتھ جنت اور جہنم کیسے ہوگی؟ وہ جنت اور جہنم کہاں ہوگی؟ کس طرح اس کا کفر کرنے والوں کو جہنم میں اور ایمان لانے والوں کو جنت میں داخل کرے گا؟

۸۔اس کے قتل کے بعد اس کی جنت اور جہنم کا کیا بنے گا؟ اس کے جنتیوں کا کیا بنے گا اور اس کے جہنمیوں کا کیا بنے گا؟

۹۔آپ کے عقائد ونظریات کے مطابق وہ اتنے بڑے بڑے کام کرے گا۔مردوں کو زندہ کرے گا۔اندھوں کو انکھیں، معذوروں کی معذوری دور کرے گا وغیرہ تو پھر اپنی ہی ٹانگوں کا ٹیڑھ کیوں نہ دور کر سکے گا؟ اپنی ہی آنکھوں کا ٹھیک کرنے پر قادر کیوں نہ ہوگا؟

۱۰۔ اس کی آنکھوں کے درمیان یعنی ماتھے پر ک ف ر ''کافر'' لکھا ہوگا تو اس کو ہی مٹانے پر قادر کیوں نہ ہوگا؟ چلیں مان لیا کہ وہ ان حروف کو مٹانے پر قادر نہیں ہوگا لیکن ان کو چھپا تو سکتا ہے نہ،تو اس پر کوئی اسٹیکر وغیرہ ہی چپکا کر اسے چھپا ہی تو لیتا اس کے باوجود بھی وہ کیا اسے اپنا ''ک ف ر'' دیکھانے کا شوق ہوگا؟

اس کے علاوہ بھی لاتعداد سوالات ہیں لیکن اگر مجھے صرف ان سوالات کے جوابات مل گئے تو میں سمجھوں گا کہ مجھے میرے تمام سوالات کے جوابات مل گئے۔

اگر دجّال انسان ہے تو سوالات

دجّال اگر انسان ہے تو پھر اسے دنیا کے تمام انسانوں پر بھی عبور ہونا چاہیے۔ جو کہ اربوں کی تعداد میں ہیں۔
دنیا کے ہر انسان کو اپنے رب ہونے کی دعوت دینے کے لیے ہر انسان کے پاس اگر جائے گا تو اسے اس کے لیے کتنا وقت درکار ہوگا ہمیں اس کا بھی اندازہ لگانا ہوگا کیا ایسا ممکن ہے؟ دنیا کی آج سات ارب سے زیادہ آبادی ہے ہر انسان کے پاس جائے گا تو کتنا وقت درکار ہوگا اس کا اندازہ لگانا مشکل ہے لیکن اتنا ضرور واضح ہو جاتا ہے کہ اس کے لیے تو سینکڑوں سال عمر درکار ہوگی۔ پھر وہ جو ایمان لائیں گے انہیں نوازے گا بھی۔ ان کے لیے سب کچھ خلق کرے گا تو کیا اس سب کو وقت نہیں لگے گا؟
جو ایمان نہیں لائیں گے ان کو اپنی جہنم میں ڈالے گا کتنا عرصہ جہنم میں رکھے گا اس کے قتل کے بعد اس کی جنت اور جہنم کا کیا بنے گا؟ ان کاموں کے لیے بھی اسے کتنا وقت درکار ہوگا؟ کیا یہ سب چالیس دن یا سال میں ممکن ہے؟
اللہ سبحان وتعالیٰ نے ہر شئے کو علم وحکمت سے خلق کیا۔ اللہ سبحان وتعالیٰ نے ایک قانون بنا دیا۔ کوئی بھی کام اگر ہوگا تو وہ صرف اسی قانون کے اندر رہ کر ہی ہوسکتا ہے۔ اللہ کے قانون کو سامنے رکھ کو غور وفکر کریں تو اللہ کا قانون، اللہ کا دین، اللہ کا کلام کھلم کھلا اس کی نفی کرتا ہے کہ کوئی انسان ایسی صلاحیتوں کا حامل ہوسکتا ہے۔ اور پھر اللہ سبحان وتعالیٰ الرحمٰن ہیں الرحمٰن ہونے کے ناطے وہ کوئی بھی ایسا قانون نہیں بنائیں گے کہ جس سے دنیا کے انسانوں میں فرق کریں یعنی جو گزر چکے ان کے لیے دجّال نہیں تھا اور دجّال صرف قیامت کے قریب کے انسانوں ہی کے لیے رکھا۔ ایسا ہرگز نہیں۔ قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے بہت سے مقامات پر کھول کر بیان کر دیا کہ اللہ انسانوں پر ظلم نہیں کرتا بلکہ یہ خود ہی اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔
دجّال کے خالق اللہ نہیں انسان بذات خود ہیں۔ فتنے کے خالق اللہ سبحان وتعالیٰ نہیں فتنہ انسان خود خلق کرتا ہے اپنے لیے۔
اب اس کا اختیار انسان کو ہے کہ وہ اپنے لیے کتنا بڑا فتنہ خلق کرے۔ البتہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے اپنے قانون میں اس کی گنجائش رکھ دی۔ اگر اللہ سبحان وتعالیٰ قانون میں یعنی قدر میں اس کی گنجائش نہ رکھتے تو انسان ایسا کرنے پر قدرت نہ رکھتا۔

اگر دجّال انسان ہے حتیٰ کہ اگر جن بھی ہے تو اسے جہنم میں جانا چاہیے اور اللہ کے نبی ﷺ کو اس کا واضح ذکر کرنا چاہیے۔ کیا ہمیں کوئی ایسا ذکر ملتا ہے جس میں اللہ کے نبی ﷺ نے یہ کہا ہو کہ قیامت سے پہلے نکلنے والا دجّال اکبر جہنم میں جائے گا؟ ایسا کوئی ذکر نہیں ہے۔ بلکہ اس کے برعکس یہ ملتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کہا کہ اللہ تمہیں اپنے ایک عبد یعنی غلام کے ذریعے آزمائش میں مبتلا کرے گا اور اسے دجال کہا۔ رسول اللہ ﷺ نے بلکل واضح الفاظ میں دجال کو اللہ کا غلام قرار دیا اور اللہ کا قرآن میں وعدہ ہے کہ اللہ اپنے کسی غلام کو عذاب نہیں دیتا بلکہ عذاب انہیں کو دیا جائے گا جو اللہ کے باغی ہیں جو غلامی اختیار نہیں کرتے اور وہ بھی صرف اور صرف دو مخلوقات میں ہیں جنات اور انسانوں میں سے۔

اگر دجّال انسان ہے تو کیا ایسا ممکن ہے۔

جب ہم روایات میں غور کریں تو دجّال کی صرف آنکھوں ہی کی تعداد کم سے کم بارہ سے زیادہ بنتی ہے۔اور یہ وہ تعداد ہے جو روایات ہم تک پہنچ سکیں ان سے پتہ چلا ورنہ بہت سی روایات تو ہم تک پہنچی ہی نہیں ورنہ یہ تعداد اس سے بھی کئی گنا بڑھ سکتی تھی۔

عین الیمنی

عین الیسری

عین الشمال

مطموس العین

جیسے اوپر بیان کر یہ چار ہیں اسی طرح آپ خود روایات سے باقی کو جمع کر سکتے ہیں۔جس سے کئی سوالات پیدا ہوتے ہیں ان میں سب سے پہلا یہ کہ کیا کوئی انسان بارہ یا اس سے زائد آنکھوں والا ہو سکتا ہے؟ فرض کریں اگر یہ تسلیم کر بھی لیا جائے کہ ہو سکتا ہے ایسا ممکن ہو تو پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ کیوں کہا کہ دجّال اعور العین ہو گا جس کا ترجمہ ایک آنکھ والا کیا جاتا ہے؟ اور اگر مختلف تاویلات پہنا کر یہ ثابت بھی کرنے کی کوشش کی جائے کہ آنکھیں بارہ نہیں دو ہی ہیں لیکن ان کی صفات بارہ سے زیادہ ہیں تو پھر بھی ایک سوال پیدا ہوتا ہے وہ یہ کہ رسول اللہ ﷺ کے واضح الفاظ کی روشنی میں تین آنکھیں تو لازم بنتی ہیں۔

عین الیسری

عین الیمنی

عین الشمال

یوں واضح الفاظ میں تین آنکھوں کا ذکر ملتا ہے تو کیا کسی انسان کی تین آنکھیں ہو سکتی ہیں؟ اور ان تین کے علاوہ وہ بھی ہیں جو

مٹی ہوئی ہیں یعنی سرے سے ہیں ہی نہیں۔اب جب انسان کی تین آنکھیں ہوں تو اسے ایک آنکھ والا کیسے کہا جا سکتا ہے؟
پھر کون سی آنکھ سے کانا ہے؟

بعض روایات میں ہے **اعور العین الیسری**

اور بعض میں ہے **اعور العین الیمنی**

اور بعض میں **اعور العین الشمال**

یعنی وہ تینوں ہی آنکھوں سے کانا ہے تو پھر اس کی وہ کون سی آنکھ ہے جس سے وہ دیکھتا ہے یقیناً وہ پھر ان کے علاوہ چوتھی ہوگی اور پھر جو مٹی ہوئی ہے وہ پانچویں اور جو بلکل چپٹی ہے وہ چھٹی اسی طرح جیسے جیسے غور کرتے جائیں تو اس کی آنکھیں بڑھتی ہی جائیں گی۔

یہ صرف چند سوالات ہیں جو صرف اور صرف اسی وجہ سے پیدا ہوئے کہ ہم نے پہلے ہی ایک نظریہ قائم کر لیا کہ دجّال ایک انسان ہے ایک معین شخصیت ہے لیکن جب ہم رسول اللہ ﷺ کے الفاظ کو دیکھیں تو رسول اللہ ﷺ نے کہیں بھی یہ نہیں کہا کہ دجّال ایک آنکھ والا ہوگا، دجّال بائیں آنکھ سے کانا ہوگا، دائیں آنکھ سے کانا ہوگا یا شمال والی آنکھ سے کانا ہوگا بلکہ رسول اللہ ﷺ کے الفاظ درج ذیل ہیں۔

الدجال اعور العین الیسری

الدجال اعور العین الیمنی

الدجال اعور العین الشمال

اعور کہتے ہیں کوئی بھی کام ایک ہی رخ سے دیکھ کر کرنا یعنی کسی بھی شئے کا دوسرا رخ نہ دیکھنا، عیب دار، خرابی، نقص والا کام کرنا۔

عین. دیکھنے کا آلہ۔ ہر وہ شئے جس میں وہ صفات پائی جاتی ہیں جو آنکھ میں پائی جاتی ہیں وہ عربی میں عین کہلاتا ہے۔اللہ سبحان وتعالیٰ نے انسان یا جانوروں کے اجسام میں دیکھنے کا جو آلہ نصب کیا اسی وجہ سے اسے عربی میں عین کہا جاتا ہے۔

الدجال اعور

دجّال ہے کسی بھی کام کو ایک ہی رخ سے دیکھ کر عیب زدہ، نقص زدہ، خرابی والا نامکمل کرنا۔یعنی دجّال وہ ہے جو کام عیب زدہ ہوتا ہے وہ صرف ایک ہی رخ سے دیکھ کر ہوتا ہے نہ کہ وہ کسی بھی کام کو دونوں رخ سے دیکھ کر ہوتا ہے جس کی وجہ سے ہر کام ناقص، عیب زدہ، خامی وخرابی سے پاک نہیں ہوتا۔ بلکل آسان الفاظ میں ہر وہ شئے جس میں حمد نہیں وہ انسان سمیت اس

کائنات کی ہر مخلوق کے لیے نقصاب دہ اور باعث تباہی ہے مگر اس میں موجود خرابی و خامی پر پردہ ڈال کر اسے فائدہ مند مسیحا بنا کر پیش کیا جائے کہ انسان اسے اپنا مسیحا یعنی فائدہ مند تسلیم کر کے اخذ کر لیں وہ دجال ہے، دجال کی خلق کردہ ہے۔ اور جس میں صرف اور صرف حمد ہو ہر طرح کے نقص سے پاک ہو وہ اللہ کی خلق کردہ ہے اس کے استعمال کرنے والے کا ربّ اللہ کہلائے گا۔

الدجال اعور العین الیسری

دجّال ہے ایک ہی رخ سے دیکھنے کا آلہ بائیں طرفہ۔

الدجال اعور العین الیمنی

دجال ہے ایک ہی رخ سے دیکھنے کا آلہ دائین طرفہ

الدجال اعور العین الشمال

دجّال ہے ایک ہی رخ سے دیکھنے کا آلہ شمال طرفہ

کسی بھی روایت میں یہ نہیں ہے کہ دجّال کی ایک آنکھ ہے پھر کبھی کہا جاتا ہے کہ وہ دائیں آنکھ سے کانا ہے، کبھی بائیں اور کبھی شمال والی آنکھ سے کانا۔ ایسے جتنے بھی تراجم موجود ہیں کوئی ایک بھی ترجمہ عربی زبان کے اصولوں پر پورا نہیں اترتا۔ ہم بار بار پیچھے بیان کر چکے ہیں کہ عربی دنیا کی واحد ایسی زبان ہے جس کا ترجمہ دنیا کی کسی بھی زبان میں نہیں کیا جا سکتا مگر صرف اور صرف معنی بیان کیے جا سکتے ہیں آج معنی کی بجائے مفہوم کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے اور معنی سے مراد ترجمہ لے لیا جاتا ہے جو کہ بلکل غلط العام ہے۔

تمام کی تمام روایات میں کہا گیا ہے کہ دجّال ہی وہ شیئے ہے جو یک طرفہ دیکھنے کا آلہ ہے۔ اور وہ کوئی ایک آلہ نہیں ہے بلکہ رسول اللہ ﷺ نے بڑی تفصیلات بیان کر دیں جو الحمدللہ پیچھے گزر چکیں۔

یہی وہ وجہ تھی جس وجہ سے رسول اللہ ﷺ نے کہا تھا کہ یہ ممکن ہی نہیں کہ دجّال تمہاری عقل میں آ جائے یعنی دجال تمہاری عقلوں میں آئے گا ہی نہیں۔

اب آتے ہیں اس طرف کہ دجال کو انسان کس بنیاد پر قرار دیا گیا یعنی دجال کو انسان ثابت کرنے یا دجال کے انسان ہونے کے عقیدے کی وجہ کیا بنی۔ وہ کون سے روایت ہے جس کی بنیاد پر دجال کو ایک انسان قرار دیا گیا بلکہ نہ صرف انسان قرار دیا

گیا بلکہ ایک معین شخصیت جو کہ ایک جزیرے پر قید میں ہے۔

دجال کو انسان سمجھنے اور دجال کا انسان ہونے کا نظریہ ایک ایسی روایت بنی جس میں ایک صحابی رضی اللہ عنہ کا واقعہ مذکور ہے۔ یہ ایک ہی واقعہ ہے اور ایک ہی روایت ہے لیکن مختلف راویوں سے بیان ہونے کی وجہ سے روایت میں ایسی خامیاں موجود ہیں جن کی وجہ سے تحقیق کرنے والوں نے ایسی تمام روایات کا سرے سے نہ صرف نکار کر دیا بلکہ من گھڑت قرار دیا۔ اور بلاشبہ اگر کوئی انسان غیر جانبدارانہ تحقیق کرے تو اسے من گھڑت ہی قرار دے گا مگر اس کے باوجود وہ تمام لوگ جنہوں نے دجال کو ایک انسان قرار دیا وہ اسے صحیح قرار دیتے ہیں۔ صحیح قرار دینے کی وجہ ہی یہی ہے کہ ان کے پاس دجال کو انسان قرار دینے کی واحد یہی ایک دلیل ہے اگر وہ بھی اس کو من گھڑت قرار دیں تو ان کے دجال کے بارے میں تمام تر عقائد و نظریات کی عمارت زمین بوس ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے وہ اپنی ضد پر ڈٹے ہوئے ہیں۔

اس روایت پر اعتراضات کرنے والوں نے جو سوالات اٹھائے وہ حقیقتاً ایسے ہیں کہ ان کا جواب دینا اس وقت تک ناممکن ہو جاتا ہے جب تک کہ اس بات پر بضد رہا جائے کہ اس روایت کا ایک ایک لفظ صحیح ہے لیکن اگر یہ تسلیم کر لیا جائے کہ روایت میں ایسی کمزوریاں تو موجو ہیں لیکن اس کے باوجود جو واقعہ روایت میں بیان ہوا ہے اس میں کسی حد تک صداقت موجو ہے تو اس صورت میں اس روایت پر اٹھنے والے تمام تر اعتراضات کے تسلی بخش جوابات دیئے جا سکتے ہیں۔ اعتراضات اٹھانے والا فریق چاہتا ہی یہی ہے کہ اس روایت کو صحیح ماننے والے یہ بات تسلیم کریں کہ اس میں یسی کمزوریاں، خامیاں موجود ہیں تو اس کے بعد روایت کے صحیح ہونے کی بنیا ہی ختم ہو جائے گی اور ساری بحث ہی ختم ہو جائے گی اور اسی خوف سے اس روایت کو صحیح ماننے والے اس بات کو تسلیم کرنے کو تیار ہی نہیں کہ روایت میں خامیاں اور کمروزیاں موجود ہیں۔ کیونکہ اگر وہ اس بات کو مان لیں تو ان کے پاس اس روایت کو صحیح ثابت کرنے کے لیے کوئی دلیل باقی نہیں رہے گی یوں ان کے دجال کے بارے میں یہ عقائد زمین بوس ہو جائیں گے کہ دجال ایک انسان ہے۔ اور یہی وہ نہیں چاہتے کہ ایسا ہو۔ اور ایسے تمام کے تمام لوگ خواہ ان کا کسی بھی فرقے سے تعلق ہو وہ روایت کے ایسے تراجم و تشریحات کرتے ہیں جن سے نہ صرف روایت کے اصل متن میں پیدا ہونے والے تمام سوالات کو غائب کر دیتے ہیں بلکہ دجال کو انسان ثابت کرنے والے اپنے نظریے کو ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں جو محض ترجمے کی حد تک سخت دھوکے پر مبنی ہوتی ہے اگر اس روایت کے اصل عربی متن کو دیکھ لیا جائے تو پتہ چلے گا کہ یہ علماء کے نا پر طبقہ جان بوجھ کر علم کے باوجود سادہ لوح عوام کو کتنا عظیم دھوکا دے رہا ہے۔ نہ صرف اپنی آخرت تباہ کر رہا ہے بلکہ لاتعداد انسانوں کی آخرت سے کھلواڑ کر رہا ہے۔ عوام بھی آنکھیں بند کر کے ان کے تراجم و

تشریحات پر ایسے ایمان لے آتی ہے اور لا رہی ہے جیسے کہ یہ اللہ کے مبعوث کیے گئے انبیاء ہوں۔
ہم صرف اور صرف اللہ سبحان وتعالیٰ کے فضل سے نہ صرف اس روایت کی بنیاد پر دیئے جانے والے دھوکوں کو افشاء کریں گے بلکہ اس واقعہ کی حقیقت کیا ہے اس کو بھی ہر لحاظ سے ایسے کھول دیں گے کہ کسی قسم کا کوئی ابہام باقی نہ رہے اور ایک ایک بات کھل کر واضح ہو جائے۔

سب سے پہلے ہم اس روایت پر تحقیق کریں گے کہ آیا اس روایت کی کوئی وقعت ہے بھی یا نہیں؟ آیا کہ یہ روایت قابل تسلیم ہے بھی یا نہیں؟ تا کہ اس روایت کی وجہ سے علمائے دجال کے دھوکے میں مبتلا لوگوں کے لیے کسی بھی لحاظ سے کوئی بھی پریشانی باقی نہ رہے اور ساری حقیقت کھل کر سامنے آ جائے۔ اور اس بات کے پیش نظر سب سے پہلے اس روایت کو پڑھنے سے جو سوالات سامنے آتے ہیں ہم ان سوالات کو سامنے رکھیں گے اس کے بعد ہم اس روایت میں بیان کیے جانے والے واقعے کی حقیقت کو بلکل کھول کر بیان کریں گے۔
اس لیے ہم سب سے پہلے ایسا کرتے ہیں کہ جن کتب احادیث میں یہ روایت مذکور ہے ان کتب کے صفحات کو معہ تراجم یہاں پیش کرتے ہیں تا کہ تمام قارعین اس روایت کے عربی متن اور تراجم کو خود پڑھ لیں۔ اس کے بعد ہم اس پر اٹھنے والے سوالات کو سامنے لائیں گے۔

مسلم کی روایات

صحیح مسلم شریف — جلد ششم — فتنوں اور قیامت کی نشانیاں کا بیان

بَابُ قِصَّةِ الْجَسَّاسَةِ

٧٣٨٦- عَنْ عَامِرِ بْنِ شَرَاحِيلَ الشَّعْبِيِّ شَعْبُ هَمْدَانَ أَنَّهُ سَأَلَ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ أُخْتَ الضَّحَّاكِ بْنِ قَيْسٍ وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ فَقَالَ حَدِّثِينِي حَدِيثًا سَمِعْتِيهِ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ لَا تُسْنِدِيهِ إِلَى

باب: دجال کے جاسوس کا بیان

٧٣٨٦- عامر بن شراحیل سے روایت ہے انھوں نے کہا فاطمہ بنت قیس سے جو بہن تھیں ضحاک بن قیس کی اور ان عورتوں میں سے تھیں جنھوں نے پہلے ہجرت کی تھی کہ بیان کرو مجھ سے ایک حدیث جو تم نے سنی ہو رسول اللہ سے اور مت واسطہ کرنا اس میں اور کسی کا؟ وہ بولیں اچھا اگر تم یہ چاہتے ہو تو میں بیان کروں گی۔

أَحَدٍ غَيْرِهِ فَقَالَتْ لَئِنْ شِئْتَ لَأَفْعَلَنَّ فَقَالَ لَهَا أَجَلْ حَدِّثِينِي فَقَالَتْ نَكَحْتُ ابْنَ الْمُغِيرَةِ وَهُوَ مِنْ خِيَارِ شَبَابِ قُرَيْشٍ يَوْمَئِذٍ فَأُصِيبَ فِي أَوَّلِ الْجِهَادِ مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ فَلَمَّا تَأَيَّمْتُ خَطَبَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَخَطَبَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَلَى مَوْلَاهُ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَكُنْتُ قَدْ حُدِّثْتُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَالَ ((**مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ أُسَامَةَ**)) فَلَمَّا كَلَّمَنِي رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ أَمْرِي بِيَدِكَ فَأَنْكِحْنِي مَنْ شِئْتَ فَقَالَ انْتَقِلِي إِلَى أُمِّ شَرِيكٍ وَأُمُّ شَرِيكٍ امْرَأَةٌ غَنِيَّةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ عَظِيمَةُ النَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللهِ يَنْزِلُ عَلَيْهَا الضِّيفَانُ فَقُلْتُ سَأَفْعَلُ فَقَالَ ((**لَا تَفْعَلِي إِنَّ أُمَّ شَرِيكٍ امْرَأَةٌ كَثِيرَةُ الضِّيفَانِ فَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَسْقُطَ عَنْكِ خِمَارُكِ أَوْ يَنْكَشِفَ الثَّوْبُ عَنْ سَاقَيْكِ فَيَرَى الْقَوْمُ مِنْكِ بَعْضَ مَا تَكْرَهِينَ وَلَكِنِ انْتَقِلِي إِلَى ابْنِ عَمِّكِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ**)) وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي فِهْرٍ فِهْرِ قُرَيْشٍ وَهُوَ مِنَ الْبَطْنِ الَّذِي هِيَ مِنْهُ فَانْتَقَلْتُ إِلَيْهِ فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتِي سَمِعْتُ نِدَاءَ الْمُنَادِي مُنَادِي رَسُولِ اللهِ ﷺ يُنَادِي الصَّلَاةَ جَامِعَةً فَخَرَجْتُ إِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكُنْتُ فِي صَفِّ النِّسَاءِ الَّتِي تَلِي ظُهُورَ الْقَوْمِ فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ

انھوں نے کہا ہاں بیان کرو۔ فاطمہ نے کہ میں نے نکاح کیا ابن مغیرہ سے اور وہ قریش کے عمدہ جوانوں میں سے تھے ان دنوں۔ پھر وہ شہید ہوئے پہلے ہی جہاد میں رسول اللہؐ کے ساتھ ۔جب میں بیوہ ہوگئی تو مجھ سے پیام بھیجا عبدالرحمٰن بن عوف اور کئی اصحاب نے رسول اللہؐ کے اور رسول اللہؐ نے بھی پیام بھیجا اپنے مولیٰ اسامہ بن زید کے لیے اور میں یہ حدیث سن چکی تھی کہ رسول اللہؐ نے فرمایا جو شخص مجھ سے محبت رکھے اس کو چاہیے کہ اسامہ سے بھی محبت رکھے جب رسول اللہؐ نے مجھ سے اس باب میں گفتگو کی تو میں نے کہا میرے کام کا اختیار آپ کو ہے آپ جس سے چاہیں نکاح کردیجئے۔ آپ نے فرمایا ام شریک کے گھر اٹھ جاؤ اورام شریک ایک عورت تھی مالدار انصار میں کی بہت خرچنے والی اللہ کی راہ میں۔اس کے پاس مہمان اترتے تھے۔ میں نے عرض کیا بہت اچھا میں ام شریک کے پاس اٹھ جاؤں گی۔ پھر آپ نے فرمایا ام شریک کے پاس مت جا اس کے پاس مہمان بہت آتے ہیں اور مجھے برا معلوم ہوتا ہے کہیں تیری اوڑھنی گر جائے یا تیری پنڈلیوں پر سے کپڑا ہٹ جائے اور لوگ تیرے بدن میں سے وہ دیکھیں جو تجھ کو برا لگے لیکن چلی جا اپنے چچا کے بیٹے عبداللہ بن عمرو بن ام مکتوم کے پاس اور وہ ایک شخص تھا بنی فہر میں سے اور فہر قریش کی ایک شاخ ہے اور وہ اس قبیلہ میں سے تھا جس میں سے فاطمہ بھی تھی۔ پھر فاطمہ نے کہا میں ان کے گھر میں چلی گئی۔ جب میری عدت گزر گئی تو میں نے پکارنے والے کی آواز سنی وہ پکارنے والا منادی تھا رسول اللہ کا پکارتا تھا نماز کے لیے جمع ہو جاؤ۔ میں بھی مسجد کی طرف نکلی اور میں نے رسول اللہؐ کے ساتھ نماز پڑھی۔ میں اس صف میں تھی جس میں عورتیں تھیں لوگوں کے پیچھے۔ جب آپ نے نماز پڑھ لی تو منبر پر بیٹھے اور آپ ہنس رہے تھے۔ آپ نے فرمایا ہر ایک آدمی اپنی نماز کی جگہ پر رہے پھر فرمایا تم جانتے ہو میں نے تم کو کیوں اکٹھا کیا؟ وہ بولے اللہ اور اس کا رسول خوب جانتا

صَلَاتَهُ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقَالَ ((لِيَلْزَمْ كُلُّ إِنْسَانٍ مُصَلَّاهُ)) ثُمَّ قَالَ ((أَتَدْرُونَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ)) قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ قَالَ إِنِّي وَاللّٰهِ مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ وَلَكِنْ جَمَعْتُكُمْ لِأَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ وَحَدَّثَنِي حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ مَسِيحِ الدَّجَّالِ حَدَّثَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامَ فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ ثُمَّ أَرْفَئُوا إِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ حَتَّى مَغْرِبِ الشَّمْسِ فَجَلَسُوا فِي أَقْرُبِ السَّفِينَةِ فَدَخَلُوا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرُ الشَّعَرِ لَا يَدْرُونَ مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ مِنْ كَثْرَةِ الشَّعَرِ فَقَالُوا وَيْلَكِ مَا أَنْتِ فَقَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ قَالُوا وَمَا الْجَسَّاسَةُ قَالَتْ أَيُّهَا الْقَوْمُ انْطَلِقُوا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ قَالَ لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً قَالَ فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا حَتَّى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ مَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ إِلَى كَعْبَيْهِ بِالْحَدِيدِ قُلْنَا وَيْلَكَ مَا أَنْتَ قَالَ قَدْ قَدَرْتُمْ عَلَى خَبَرِي فَأَخْبِرُونِي مَا أَنْتُمْ قَالُوا نَحْنُ أُنَاسٌ مِنَ الْعَرَبِ رَكِبْنَا فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ فَصَادَفْنَا الْبَحْرَ حِينَ اغْتَلَمَ فَلَعِبَ بِنَا الْمَوْجُ شَهْرًا ثُمَّ أَرْفَأْنَا إِلَى جَزِيرَتِكَ هَذِهِ فَجَلَسْنَا فِي أَقْرُبِهَا فَدَخَلْنَا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْنَا دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرُ الشَّعَرِ لَا يُدْرَى مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ مِنْ كَثْرَةِ

ہے۔ آپ نے فرمایا قسم خدا کی میں نے تم کو رغبت دلانے یا ڈرانے کے لیے جمع نہیں کیا بلکہ اس لیے جمع کیا کہ تمیم داری ایک نصرانی تھا وہ آیا اور اس نے بیعت کی اور مسلمان ہوا اور مجھ سے ایک حدیث بیان کی جو موافق پڑی اس حدیث کے جو میں تم سے بیان کیا کرتا تھا دجال کے باب میں۔ اس نے بیان کیا کہ وہ شخص یعنی تمیم سوار ہوا سمندر کے جہاز میں تیس آدمیوں کے ساتھ جو لخم اور جذام کی قوم سے تھے۔ سو ان سے ایک مہینہ بھر لہر کھیلا سمندر میں (یعنی شدت موج سے جہاز تباہ رہا)۔ پھر وہ لوگ جا لگے سمندر میں ایک ٹاپو کی طرف سورج ڈوبتے۔ پھر جہاز سے پلوار (یعنی چھوٹی کشتی) میں بیٹھے اور ٹاپو میں داخل ہوئے۔ وہاں ان کو ایک جانور بھاری دم بہت بالوں والا ملا کہ اس کا آگا پیچھا دریافت نہ ہوتا تھا بالوں کے ہجوم سے۔ تو لوگوں نے اس سے کہا اے کمبخت تو کیا چیز ہے؟ اس نے کہا میں جاسوس ہوں۔ لوگوں نے کہا جاسوس کیا؟ اس نے کہا اس مرد کے پاس چلو جو دیر میں ہے اس واسطے کہ وہ تمہاری خبر کا بہت مشتاق ہے۔ تمیم نے کہا جب اس نے مرد کا نام لیا تو ہم اس جانور سے ڈرے کہ کہیں شیطان نہ ہو۔ تمیم نے کہا پھر ہم چلے دوڑتے یہاں تک کہ دیر میں داخل ہوئے۔ دیکھا تو وہاں ایک بڑے قد کا آدمی ہے کہ ہم نے اتنا بڑا آدمی اور ویسا سخت جکڑا ہوا کبھی نہیں دیکھا۔ جکڑے ہوئے ہیں اس کے دونوں ہاتھ گردن کے ساتھ درمیان دونوں زانو کے دونوں ٹخنوں تک لوہے سے۔ ہم نے کہا اے کمبخت تو کیا چیز ہے؟ اس نے کہا تم قابو پاگئے میری خبر پر (یعنی میرا حال تو تم کو اب معلوم ہو جائے گا) تم اپنا حال بتاؤ کہ تم کون ہو؟ لوگوں نے کہا کہ ہم عرب لوگ ہیں جو سمندر میں سوار ہوئے تھے جہاز میں لیکن جب ہم سوار ہوئے تو سمندر کو جوش میں پایا پھر ایک مہینے کی مدت تک لہر ہم سے کھیلتی رہی بعد اس کے آ لگے اس ٹاپو میں پھر ہم بیٹھے چھوٹی کشتی میں اور داخل ہوئے ٹاپو میں سو ملا ہم کو ایک بھاری دم کا جانور بہت بالوں والا ہم نہ جانتے تھے اس کا آگا پیچھا بالوں کی کثرت سے ہم نے اس سے کہا اے کمبخت تو کیا چیز ہے؟ سو

الشَّعْرِ فَقُلْنَا وَيْلَكِ مَا أَنْتِ فَقَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ قُلْنَا وَمَا الْجَسَّاسَةُ قَالَتْ اعْمِدُوا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ فَأَقْبَلْنَا إِلَيْكَ سِرَاعًا وَفَزِعْنَا مِنْهَا وَلَمْ نَأْمَنْ أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً فَقَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ قُلْنَا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ أَسْأَلُكُمْ عَنْ نَخْلِهَا هَلْ يُثْمِرُ قُلْنَا لَهُ نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ لَا تُثْمِرَ قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ بُحَيْرَةِ الطَّبَرِيَّةِ قُلْنَا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ هَلْ فِيهَا مَاءٌ قَالُوا هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ قَالَ أَمَا إِنَّ مَاءَهَا يُوشِكُ أَنْ يَذْهَبَ قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ عَيْنِ زُغَرَ قَالُوا عَنْ أَيِّ شَأْنِهَا تَسْتَخْبِرُ قَالَ هَلْ فِي الْعَيْنِ مَاءٌ وَهَلْ يَزْرَعُ أَهْلُهَا بِمَاءِ الْعَيْنِ قُلْنَا لَهُ نَعَمْ هِيَ كَثِيرَةُ الْمَاءِ وَأَهْلُهَا يَزْرَعُونَ مِنْ مَائِهَا قَالَ أَخْبِرُونِي عَنْ نَبِيِّ الْأُمِّيِّينَ مَا فَعَلَ قَالُوا قَدْ خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ وَنَزَلَ يَثْرِبَ قَالَ أَقَاتَلَهُ الْعَرَبُ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ كَيْفَ صَنَعَ بِهِمْ فَأَخْبَرْنَاهُ أَنَّهُ قَدْ ظَهَرَ عَلَى مَنْ يَلِيهِ مِنْ الْعَرَبِ وَأَطَاعُوهُ قَالَ لَهُمْ قَدْ كَانَ ذَلِكَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ أَمَا إِنَّ ذَاكَ خَيْرٌ لَهُمْ أَنْ يُطِيعُوهُ وَإِنِّي مُخْبِرُكُمْ عَنِّي إِنِّي أَنَا الْمَسِيحُ وَإِنِّي أُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ فَأَخْرُجَ فَأَسِيرَ فِي الْأَرْضِ فَلَا أَدَعَ قَرْيَةً إِلَّا هَبَطْتُهَا فِي أَرْبَعِينَ لَيْلَةً غَيْرَ مَكَّةَ وَطَيْبَةَ فَهُمَا مُحَرَّمَتَانِ عَلَيَّ كِلْتَاهُمَا كُلَّمَا أَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَ وَاحِدَةً أَوْ وَاحِدًا مِنْهُمَا اسْتَقْبَلَنِي مَلَكٌ بِيَدِهِ السَّيْفُ صَلْتًا يَصُدُّنِي عَنْهَا وَإِنَّ عَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْهَا مَلَائِكَةً يَحْرُسُونَهَا قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ

اس نے کہا میں جاسوس ہوں ہم نے کہا جاسوس کیا؟ اس نے کہا چلو اس مرد کے پاس جو دیر میں ہے کہ البتہ وہ تمہاری خبر کا مشتاق ہے سو ہم تیری طرف دوڑتے آئے اور ہم اس سے ڈرے کہ کہیں بھوت پریت نہ ہو۔ پھر اس مرد نے کہا کہ مجھ کو خبر دو بیسان کے نخلستان سے؟ ہم نے کہا کہ کونسا حال اس کا تو پوچھتا ہے؟ اس نے کہا کہ میں اس کے نخلستان سے پوچھتا ہوں کہ پھلتا ہے؟ ہم نے اس سے کہا ہاں پھلتا ہے۔ اس نے کہا خبردار ہو کہ مقرر عنقریب ہے کہ وہ نہ پھلے گا اس نے کہا کہ بتلاؤ مجھ کو طبرستان کا دریا ہم نے کہا کونسا حال اس دریا کا تو پوچھتا ہے؟ وہ بولا اس میں پانی ہے؟ لوگوں نے کہا اس میں بہت پانی ہے۔ اس نے کہا البتہ اس کا پانی عنقریب جاتا رہے گا۔ پھر اس نے کہا خبر دو مجھ کو زغر کے چشمے سے۔ لوگوں نے کہا کیا حال اس کا پوچھتا ہے؟ اس نے کہا اس چشمہ میں پانی ہے اور وہاں کے لوگ اس کے پانی سے کھیتی کرتے ہیں؟ ہم نے اس سے کہا ہاں اس میں بہت پانی ہے اور وہاں کے لوگ کھیتی کرتے ہیں اس کے پانی سے۔ اس نے کہا مجھ کو خبر دو عرب کے پیغمبر سے؟ انھوں نے کہا وہ مکہ سے نکلے اور مدینہ میں گئے۔ اس نے کہا کیا عرب کے لوگ ان سے لڑے؟ ہم نے کہا ہاں۔ اس نے کہا کیونکر انھوں نے عربوں کے ساتھ کیا؟ ہم نے کہا وہ غالب ہوئے اپنے گرد و پیش کے عربوں پر اور انھوں نے اطاعت کی ان کی۔ اس نے کہا یہ بات ہو چکی؟ ہم نے کہا ہاں۔ اس نے کہا خبردار رہو یہ بات ان کے حق میں بہتر ہے کہ پیغمبر کے تابعدار ہوں اور البتہ میں تم سے اپنا حال کہتا ہوں کہ مسیح ہوں یعنی دجال تمام زمین کا پھرنے والا اور البتہ وہ زمانہ قریب ہے جب مجھ کو اجازت ہوگی نکلنے کی۔ سو میں نکلوں گا اور سیر کروں گا اور کسی بستی کو نہ چھوڑوں گا جہاں نہ جاؤں چالیس رات کے اندر سوائے مکہ اور طیبہ کے۔ وہاں جانا مجھ پر حرام ہے یعنی منع ہے جب میں چاہوں گا ان دو بستیوں میں سے کسی کے اندر جانا تو میرے آگے بڑھ آئے گا ایک فرشتہ اور اس کے ہاتھ میں ننگی تلوار ہوگی وہ مجھ کو وہاں جانے سے روک دے گا اور البتہ

صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَطَعَنَ بِمِخْصَرَتِهِ فِي الْمِنبَرِ هَذِهِ طَيْبَةُ ((هَذِهِ طَيْبَةُ هَذِهِ طَيْبَةُ يَعْنِي الْمَدِينَةَ أَلَا هَلْ كُنْتُ حَدَّثْتُكُمْ ذَلِكَ فَقَالَ النَّاسُ نَعَمْ فَإِنَّهُ أَعْجَبَنِي حَدِيثُ تَمِيمٍ أَنَّهُ وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْهُ وَعَنِ الْمَدِينَةِ وَمَكَّةَ أَلَا إِنَّهُ فِي بَحْرِ الشَّأْمِ أَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ لَا بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ)) وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَى الْمَشْرِقِ قَالَتْ فَحَفِظْتُ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ.

اس کے ہر ایک ناکہ پر فرشتے ہونگے جو اس کی چوکیداری کریں گے۔ پھر حضرتؐ نے اپنے پشت خار سے منبر پر ٹکورا دیا اور فرمایا کہ طیبہ یہی ہے طیبہ یہی ہے طیبہ یہی ہے یعنی طیبہ سے مراد مدینہ منورہ ہے۔ خبردار ہو بھلا میں تم کو اس حال کی خبر دے چکا ہوں؟ تو اصحاب نے کہا کہ ہاں حضرتؐ نے فرمایا کہ مجھ کو اچھی لگی تمیم کی بات جو موافق پڑی اس چیز کے جو میں تم کو دجال اور مدینہ اور مکہ کے حال سے فرمادیا کرتا تھا۔ خبردار ہو کہ البتہ وہ دریائے شام یا دریائے یمن میں ہے۔ نہیں بلکہ وہ پورب کی طرف ہے وہ پورب کی طرف ہے وہ پورب کی طرف ہے۔ (پورب کی طرف بحر ہند ہے شاید دجال بحر ہند کے کسی جزیرہ میں ہو) اور آپ نے اشارہ کیا پورب کی طرف۔ فاطمہ بنت قیس نے کہا تو یہ حدیث میں نے رسول اللہؐ سے یاد رکھی۔

۷۳۸۷- عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَأَتْحَفَتْنَا بِرُطَبٍ يُقَالُ لَهُ رُطَبُ ابْنِ طَابٍ وَأَسْقَتْنَا سَوِيقَ سُلْتٍ فَسَأَلْتُهَا عَنِ الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا أَيْنَ تَعْتَدُّ قَالَتْ طَلَّقَنِي بَعْلِي ثَلَاثًا فَأَذِنَ لِي النَّبِيُّ ﷺ أَنْ أَعْتَدَّ فِي أَهْلِي قَالَتْ فَنُودِيَ فِي النَّاسِ إِنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةٌ قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ فِيمَنِ انْطَلَقَ مِنَ النَّاسِ قَالَتْ فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الْمُقَدَّمِ مِنَ النِّسَاءِ وَهُوَ يَلِي الْمُؤَخَّرَ مِنَ الرِّجَالِ قَالَتْ فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ ﷺ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ فَقَالَ ((إِنَّ بَنِي عَمٍّ لِتَمِيمٍ الدَّارِيِّ رَكِبُوا فِي الْبَحْرِ)) وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَزَادَ فِيهِ قَالَتْ فَكَأَنَّمَا أَنْظُرُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ وَأَهْوَى بِمِخْصَرَتِهِ إِلَى الْأَرْضِ وَقَالَ ((هَذِهِ طَيْبَةُ)) يَعْنِي الْمَدِينَةَ.

۷۳۸۷- شعبیؒ سے روایت ہے ہم فاطمہ بنت قیس کے پاس گئے انھوں نے ہم کو تحفہ دیا رطب جس کو رطب ابن طاب کہتے ہیں (وہ ایک عمدہ قسم ہیں ترکھجور کی) اور جو کے ستو ہم کو پلائے۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ جس عورت کو تین طلاقیں دی جائیں وہ کہاں عدت کرے؟ انھوں نے کہا بعلی نے مجھے تین طلاق دی تو رسول اللہؐ نے مجھ کو اجازت دی اپنے میکے میں عدت کرنے کی۔ پھر لوگوں میں منادی کی گئی نماز کے لیے جمع ہو میں بھی چلی ان لوگوں کے ساتھ جو چلے اور عورتوں کی پہلی صف میں تھی جو مردوں کی آخری صف کے بعد تھی۔ میں نے سنا رسول اللہؐ سے سنا اور آپ منبر پر خطبہ پڑھتے تھے تو فرمایا کہ تمیم داری کے چچازاد بھائی سمندر میں سوار ہوئے۔ پھر بیان کیا وہی قصہ جو گزرا اس میں اتنا زیادہ ہے کہ فاطمہ نے کہا گویا میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھ رہی ہوں آپ نے اپنا پشت خار زمین پر مارا اور فرمایا طیبہ یہی ہے یعنی مدینہ۔

۷۳۸۸- عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ فَأَخْبَرَ رَسُولَ اللهِ ﷺ أَنَّهُ رَكِبَ الْبَحْرَ فَتَاهَتْ بِهِ

۷۳۸۸- فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ کے پاس تمیم داری آئے اور آپ کو خبر دی کہ سمندر میں سوار ہوئے تھے ان کا جہاز راہ سے ہٹ گیا اور ایک جزیرہ سے

سَفِينَتُهُ فَسَقَطَ إِلَى جَزِيرَةٍ فَخَرَجَ إِلَيْهَا يَلْتَمِسُ الْمَاءَ فَلَقِيَ إِنْسَانًا يَجُرُّ شَعَرَهُ وَاقْتَصَّ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ ثُمَّ قَالَ أَمَا إِنَّهُ لَوْ قَدْ أُذِنَ لِي فِي الْخُرُوجِ قَدْ وَطِئْتُ الْبِلَادَ كُلَّهَا غَيْرَ طَيْبَةَ فَأَخْرَجَهُ رَسُولُ اللَّهِ ﷺ إِلَى النَّاسِ فَحَدَّثَهُمْ قَالَ ((هَذِهِ طَيْبَةُ وَذَاكَ الدَّجَّالُ)).

جالگا۔ وہ اس کے اندر گئے پانی کی تلاش میں۔ وہاں ایک آدمی دیکھا جو اپنے بال کھینچ رہا تھا اور بیان کیا سارا قصہ حدیث کا۔ پھر کہا کہ دجال نے کہا اگر مجھ کو اجازت ملتی نکلنے کی تو میں سب شہروں میں ہو آتا سوا طیبہ کے۔ پھر رسول اللہؐ نے تمیم کو لوگوں کے سامنے نکالا اس نے سارا قصہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا طیبہ یہی مدینہ ہے اور دجال وہی شخص ہے۔

۷۳۸۹- عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ قَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ ((أَيُّهَا النَّاسُ حَدَّثَنِي تَمِيمٌ الدَّارِيُّ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ كَانُوا فِي الْبَحْرِ فِي سَفِينَةٍ لَهُمْ فَانْكَسَرَتْ بِهِمْ فَرَكِبَ بَعْضُهُمْ عَلَى لَوْحٍ مِنْ أَلْوَاحِ السَّفِينَةِ فَخَرَجُوا إِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ)) وَسَاقَ الْحَدِيثَ.

۷۳۸۹- فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر بیٹھے اور فرمایا اے لوگو! مجھ سے بیان کیا تمیم داری نے کہ ان کی قوم کے لوگ سمندر میں تھے ایک کشتی میں وہ کشتی ٹوٹ گئی۔ بعض لوگ ان میں کے ایک تختہ پر سوار ہو رہے اور ایک جزیرہ میں گئے۔ پھر بیان کیا حدیث کو اسی طرح جیسے اوپر گزرا۔

سنن ابوداود کی روایات

(المعجم ۱۵) - بَابٌ: فِي خَبَرِ الْجَسَّاسَةِ (التحفة ۱۵)

باب:۱۵- جساسہ کا بیان

فائدہ: یہ ایک حیوان ہے جو ایک سمندری جزیرے میں دیکھا گیا ہے اور اسے "جساسہ" اس لیے کہا گیا ہے کہ یہ دجال کی خبریں پوچھتا تھا۔

٤٣٢٥- حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَٰنِ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ؛ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ ﷺ أَخَّرَ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، ثُمَّ خَرَجَ فَقَالَ:

۴۳۲۵- حضرت فاطمہ بنت قیس ؓ سے روایت ہے کہ ایک رات رسول اللہ ﷺ نے عشاء کی نماز میں تاخیر فرما دی۔ پھر تشریف لائے اور فرمایا: "مجھے تمیم داری کی باتوں نے روک لیا تھا۔ وہ بیان کر رہے تھے کہ سمندری جزیروں میں سے ایک جزیرے میں ایک آدمی

«إِنَّهُ حَبَسَنِي حَدِيثٌ كَانَ يُحَدِّثُنِيهِ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ عَنْ رَجُلٍ كَانَ فِي جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ: فَإِذَا أَنَا بِامْرَأَةٍ تَجُرُّ شَعْرَهَا، قَالَ: مَا أَنْتِ؟ قَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، اذْهَبْ إِلَى ذَلِكَ الْقَصْرِ، فَأَتَيْتُهُ فَإِذَا رَجُلٌ يَجُرُّ شَعْرَهُ مُسَلْسَلٌ فِي الأَغْلَالِ يَنْزُو فِيمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، فَقُلْتُ: مَنْ أَنْتَ؟ فَقَالَ: أَنَا الدَّجَّالُ، خَرَجَ نَبِيُّ الأُمِّيِّينَ بَعْدُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ: أَطَاعُوهُ أَمْ عَصَوْهُ؟ قُلْتُ: بَلْ أَطَاعُوهُ قَالَ: ذَاكَ خَيْرٌ لَهُمْ».

تھا' اور میں نے ایک عورت کو دیکھا جو اپنے بال کھینچ رہی تھی۔ پوچھا کہ تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں "جساسہ" ہوں' اس محل میں چلے جاؤ' میں وہاں گیا تو اس میں ایک آدمی کو دیکھا جو اپنے بال کھینچ رہا تھا اور زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا اور اوپر نیچے اچھل رہا تھا۔ میں نے کہا: تم کون ہو؟ اس نے کہا: میں دجال ہوں۔ کیا عربوں کا نبی آ گیا ہے؟ میں نے کہا: ہاں۔ اس نے کہا: کیا ان لوگوں نے اس کی اطاعت کی ہے یا نافرمانی؟ میں نے کہا: نہیں بلکہ اطاعت کی ہے۔ اس نے کہا: یہ ان کے لیے بہتر ہے۔"

٤٣٢٦- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ أَبِي يَعْقُوبَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ: حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: سَمِعْتُ حُسَيْنًا الْمُعَلِّمَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ بُرَيْدَةَ: حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ شَرَاحِيلَ الشَّعْبِيُّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ: سَمِعْتُ مُنَادِيَ رَسُولِ اللهِ ﷺ يُنَادِي: أَنِ الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ فَخَرَجْتُ فَصَلَّيْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ ﷺ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللهِ ﷺ الصَّلَاةَ جَلَسَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَ: «لِيَلْزَمْ كُلُّ إِنْسَانٍ مُصَلَّاهُ»، ثُمَّ قَالَ: «هَلْ تَدْرُونَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ؟» قَالُوا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: «إِنِّي مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَهْبَةٍ وَلَا رَغْبَةٍ،

۴۳۲۶- حضرت فاطمہ بنت قیس ؓ بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اعلان کرنے والے کو منادی کرتے ہوئے سنا کہ نماز کے لیے جمع ہو جاؤ۔ تو میں بھی چلی آئی اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھی۔ جب آپ نماز سے فارغ ہو گئے تو منبر پر تشریف لائے اور آپ ہنس رہے تھے۔ آپ نے فرمایا: "ہر شخص اپنی جگہ پر بیٹھا رہے۔" پھر فرمایا: "کیا جانتے ہو میں نے تمھیں کیوں جمع کیا ہے؟" انھوں نے کہا: اللہ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: "میں نے تمھیں ڈرانے یا خوشخبری سنانے کے لیے جمع نہیں کیا ہے۔ میں نے تمھیں اس لیے جمع کیا ہے کہ تمیم داری عیسائی تھا' میرے ہاں آیا' بیعت کی اور اسلام قبول کیا اور اس نے مجھے ایک بات بیان کی ہے جو میری بات کی

وَلَكِنْ جَمَعْتُكُمْ أَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ وَحَدَّثَنِي حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الدَّجَّالِ، حَدَّثَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامٍ، فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ وَأَرْفَؤُوا إِلَى جَزِيرَةٍ حِينَ مَغْرِبِ الشَّمْسِ، فَجَلَسُوا فِي أَقْرُبِ السَّفِينَةِ، فَدَخَلُوا الْجَزِيرَةَ، فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرَةُ الشَّعْرِ. قَالُوا: وَيْلَكِ مَا أَنْتِ؟ قَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، انْطَلِقُوا إِلَى هَذَا الرَّجُلِ فِي هَذَا الدَّيْرِ فَإِنَّهُ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ. قَالَ: لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً، فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا حَتَّى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَسَأَلَهُمْ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ وَعَنْ عَيْنِ زُغَرَ وَعَنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ. قَالَ: إِنِّي أَنَا الْمَسِيحُ [الدَّجَّالُ] وَإِنَّهُ يُوشِكُ أَنْ يُؤْذَنَ لِي فِي الْخُرُوجِ». قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: «وَإِنَّهُ فِي بَحْرِ الشَّامِ، أَوْ بَحْرِ الْيَمَنِ، لَا، بَلْ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ مَا هُوَ»، مَرَّتَيْنِ، وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ. قَالَتْ: حَفِظْتُ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ وَسَاقَ الْحَدِيثَ.

تائید میں ہے جو میں نے تمہیں دجال کے متعلق کہی ہے۔اس نے مجھے بتایا ہے کہ وہ ایک جہاز میں سوار ہوا' اس کے ساتھ قبیلہ لخم اور جذام کے تمیں آدمی تھے۔جہاز کو طوفانی موجوں نے آ لیا جو انہیں ایک مہینہ تک پریشان کیے رہیں......اور وہ سورج غروب ہونے کے وقت ایک جزیرے کے پاس پہنچے اور ایک چھوٹی کشتی میں سوار ہو کر جزیرے میں جا اترے۔تو انہیں ایک جانور ملا جس کی دم بھاری اور جسم پر بہت بال تھے۔ انہوں نے کہا: کم بخت! تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں جساسہ ہوں۔اس گرجے میں ایک آدمی ہے اس کے پاس جاؤ' وہ تمہاری خبروں کا بہت مشتاق ہے۔جب اس نے ہمارے سامنے آدمی کا نام لیا تو ہم اس سے ڈر گئے کہ یہ کہیں شیطان نہ ہو۔ہم جلدی سے چلے اور اس گرجے میں داخل ہوئے تو ایک بہت بڑا انسان دیکھا' اس قدر بڑا انسان ہم نے کبھی نہیں دیکھا تھا جسے بڑی سختی سے باندھا گیا تھا اور اس کے ہاتھ گردن کے ساتھ بندھے ہوئے تھے......'' اور حدیث بیان کی...... اس نے ان سے (شام کے) نخلستان بیسان' چشمہ زغر اور نبی اُمی ﷺ کے متعلق پوچھا...... اور کہا کہ میں ہی مسیح (دجال) ہوں۔عنقریب مجھے نکلنے کی اجازت مل جائے گی۔نبی ﷺ نے فرمایا: ''دجال شام یا یمن کے سمندر میں ہے' نہیں بلکہ مشرق کی طرف میں ہے۔'' دو بار فرمایا......آپ نے اپنے ہاتھ سے مشرق کی طرف اشارہ فرمایا۔سیدہ فاطمہ بنت قیس ﷝ کہتی ہیں: میں نے یہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے یاد کی ہے...... اور بقیہ حدیث بیان کی۔

٤٣٢٧- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عن مُجَالِدِ بنِ سَعِيدٍ، عن عَامِرٍ قالَ: أَخْبَرَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ؛ أَنَّ النَّبِيَّ ﷺ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ صَعِدَ الْمِنْبَرَ وكَانَ لا يَصْعَدُ عَلَيْهِ إِلَّا يَوْمَ جُمُعَةٍ قَبْلَ يَوْمَئِذٍ، ثُمَّ ذَكَرَ هٰذِهِ الْقِصَّةَ.

۴۳۲۷- حضرت فاطمہ بنت قیس ؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف لائے اور آپ جمعہ کے علاوہ منبر پر نہ آتے تھے۔ مگر اس دن منبر پر آئے۔ پھر یہ قصہ بیان کیا۔

قالَ أَبُو دَاوُدَ: ابنُ صُدْرَانَ بَصْرِيٌّ غَرِقَ فِي الْبَحْرِ مَعَ ابنِ مِسْوَرٍ لَمْ يَسْلَمْ مِنْهُمْ غَيْرُهُ.

امام ابوداود ؒ کہتے ہیں: ابن صدران بصری ہیں جو ابن مسور کے ساتھ سمندر میں ڈوب گئے تھے اور اس کے علاوہ اور کوئی محفوظ نہیں رہا تھا۔

٤٣٢٨- حَدَّثَنَا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الأَعْلَى: حَدَّثَنَا ابنُ فُضَيْلٍ عن الْوَلِيدِ بنِ عَبْدِ الله بنِ جُمَيْعٍ، عن أَبِي سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عن جَابِرٍ قالَ: قالَ رَسُولُ الله ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ: «إِنَّهُ بَيْنَمَا أُنَاسٌ يَسِيرُونَ فِي الْبَحْرِ فَنَفِدَ طَعَامُهُمْ فَرُفِعَتْ لَهُمْ جَزِيرَةٌ، فَخَرَجُوا يُرِيدُونَ الْخُبْزَ فَلَقِيَتْهُمُ الْجَسَّاسَةُ» - فَقُلْتُ لأَبِي سَلَمَةَ: وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قال: امْرَأَةٌ تَجُرُّ شَعْرَ جِلْدِهَا وَرَأْسِهَا - قالَتْ: فِي هٰذَا الْقَصْرِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ. وَسَأَلَ عن نَخْلِ بَيْسَانَ وَعن عَيْنِ زُغَرَ. قال: هُوَ الْمَسِيحُ فقالَ لِي ابنُ أَبِي سَلَمَةَ: إِنَّ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ شَيْئًا مَا حَفِظْتُهُ. قال: شَهِدَ جَابِرٌ أَنَّهُ هُوَ

۴۳۲۸- حضرت جابر ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک روز منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا: ”کچھ لوگ سمندر میں جا رہے تھے کہ ان کا کھانا ختم ہو گیا تو انہیں ایک جزیرہ دکھائی دیا۔ وہ روٹی کی تلاش میں اسی میں چلے گئے تو جساسہ سے ان کی ملاقات ہو گئی۔“ ولید بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوسلمہ سے پوچھا: جساسہ کیا ہے؟ تو اس نے کہا: ایک عورت ہے جو اپنے جسم اور سر کے بال کھینچ رہی تھی۔ اس نے کہا...... اس محل میں...... اور حدیث بیان کی۔ اور (محل والے آدمی نے) ان سے بیسان کے نخلستان اور زُغر کے چشمے کے متعلق معلوم کیا۔ کہا: وہی مسیح (دجال) ہے۔ ابن ابوسلمہ نے مجھ سے کہا کہ اس حدیث میں ایک بات ہے جو مجھے یاد نہیں۔ کہتے ہیں کہ حضرت جابر ؓ نے گواہی دی کہ یہی ابن صائد ہے۔ میں نے کہا: وہ تو مر چکا ہے۔ کہا اگرچہ مر گیا ہے۔

ابْنُ صَائِدٍ. قُلْتُ: فَإِنَّهُ قَدْ مَاتَ. قَالَ: وَإِنْ مَاتَ! قُلْتُ: فَإِنَّهُ قَدْ أَسْلَمَ. قَالَ: وَإِنْ أَسْلَمَ! قُلْتُ: فَإِنَّهُ قَدْ دَخَلَ الْمَدِينَةَ، قَالَ: وَإِنْ دَخَلَ الْمَدِينَةَ.

میں نے کہا: اس نے اسلام قبول کیا تھا۔ کہا اگر چہ اسلام قبول کیا تھا۔ میں نے کہا: وہ تو مدینے میں بھی داخل ہوا تھا۔ کہا اگر چہ مدینے میں بھی داخل ہوا تھا۔

سنن ابن ماجہ کی روایات

٤٠٧٤ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ نُمَيْرٍ: حَدَّثَنَا أَبِي: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ: صَلَّى رَسُولُ اللهِ ﷺ، ذَاتَ يَوْمٍ. وَصَعِدَ الْمِنْبَرَ. وَكَانَ لَا يَصْعَدُ عَلَيْهِ، قَبْلَ ذٰلِكَ، إِلَّا يَوْمَ الْجُمُعَةِ. فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى النَّاسِ. فَمِنْ بَيْنِ قَائِمٍ وَجَالِسٍ. فَأَشَارَ إِلَيْهِمْ بِيَدِهِ أَنِ اقْعُدُوا: «فَإِنِّي، وَاللهِ مَا قُمْتُ مَقَامِي هٰذَا لِأَمْرٍ يَنْفَعُكُمْ، لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ. وَلٰكِنْ تَمِيمًا الدَّارِيَّ أَتَانِي فَأَخْبَرَنِي خَبَرًا مَنَعَنِي الْقَيْلُولَةَ، مِنَ الْفَرَحِ وَقُرَّةِ الْعَيْنِ. فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَنْشُرَ عَلَيْكُمْ فَرَحَ نَبِيِّكُمْ. أَلَا إِنَّ ابْنَ عَمٍّ لِتَمِيمٍ الدَّارِيِّ أَخْبَرَنِي أَنَّ الرِّيحَ أَلْجَأَتْهُمْ إِلَى جَزِيرَةٍ لَا يَعْرِفُونَهَا. فَقَعَدُوا فِي قَوَارِبِ السَّفِينَةِ. فَخَرَجُوا فِيهَا. فَإِذَا

۴۰۷۴- حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انھوں نے فرمایا: ایک دن رسول اللہ ﷺ نماز ادا کرنے کے بعد منبر پر تشریف فرما ہوئے حالانکہ اس سے پہلے آپ ﷺ صرف جمعہ کے دن (خطبہ جمعہ کے لیے) منبر پر تشریف رکھتے تھے۔ لوگوں کو اس سے پریشانی ہوئی۔ کوئی کھڑا تھا کوئی بیٹھا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ سے اشارہ فرمایا کہ بیٹھ جاؤ۔ (پھر فرمایا:) ''اللہ کی قسم! اس جگہ میں کوئی ایسی ترغیب وترہیب والی بات بتانے کھڑا نہیں ہوا جس سے تمھیں فائدہ ہو۔ لیکن میرے پاس تمیم داری آئے اور مجھے ایک خبر دی جس سے مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ مجھے دوپہر کو خوشی اور آنکھوں کی ٹھنڈک کی وجہ سے نیند نہیں آئی اس لیے میں نے چاہا کہ تمھارے نبی کی خوشی سے تم سب کو آگاہ کر دوں۔ مجھے تمیم داری کے ایک چچا زاد نے بتایا کہ (سمندری سفر کے دوران میں) باد مخالف انھیں ایک غیر معروف جزیرے تک لے گئی۔ وہ جہاز کی کشتیوں میں

هُمْ بِشَيْءٍ أَهْدَبَ، أَسْوَدَ. قَالُوا لَهُ: مَا أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ. قَالُوا: أَخْبِرِينَا. قَالَتْ: مَا أَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ شَيْئًا. وَلَا سَائِلَتِكُمْ. وَلٰكِنْ هٰذَا الدَّيْرُ، قَدْ رَمَقْتُمُوهُ. فَأْتُوهُ. فَإِنَّ فِيهِ رَجُلًا بِالْأَشْوَاقِ إِلَى أَنْ تُخْبِرُوهُ وَيُخْبِرَكُمْ. فَأَتَوْهُ فَدَخَلُوا عَلَيْهِ. فَإِذَا هُمْ بِشَيْخٍ مُوثَقٍ، شَدِيدِ الْوَثَاقِ. يُظْهِرُ الْحُزْنَ. شَدِيدِ التَّشَكِّي. فَقَالَ لَهُمْ: مِنْ أَيْنَ؟ قَالُوا: مِنَ الشَّامِ. قَالَ: مَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ؟ قَالُوا: نَحْنُ قَوْمٌ مِنَ الْعَرَبِ. عَمَّ تَسْأَلُ؟ قَالَ: مَا فَعَلَ هٰذَا الرَّجُلُ الَّذِي خَرَجَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: خَيْرًا. نَاوَى قَوْمًا. فَأَظْهَرَهُ اللهُ عَلَيْهِمْ. فَأَمْرُهُمُ الْيَوْمَ جَمِيعٌ: إِلٰهُهُمْ وَاحِدٌ، وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ. قَالَ: مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ؟ قَالُوا:

بیٹھ کر جزیرے میں پہنچے۔ انھیں بڑی بڑی پلکوں والی ایک سیاہ فام چیز ملی۔ انھوں نے اسے کہا: تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں جساسہ ہوں۔ انھوں نے کہا: ہمیں (وضاحت سے) بتا۔ اس نے کہا: میں نہ تمھیں کچھ بتاؤں گی' نہ تم سے کچھ پوچھوں گی۔ لیکن یہ مندر جو تمھیں نظر آ رہا ہے' اس میں جاؤ۔ وہاں ایک آدمی ہے جس کی شدید خواہش ہے کہ تم اسے کچھ بتاؤ اور وہ تمھیں کچھ بتائے۔ وہ اس مندر میں گئے اور اس شخص کے پاس جا پہنچے' دیکھا تو ایک بڑی عمر کا آدمی ہے جو خوب جکڑا ہوا ہے۔ اس سے بہت رنج و غم ظاہر ہو رہا ہے' بہت ہائے وائے کر رہا ہے۔ اس نے ان سے کہا: کہاں سے آئے ہو؟ انھوں نے کہا: شام سے۔ اس نے کہا: عربوں کا کیا حال ہے؟ وہ بولے: ہم عرب کے لوگ ہیں' تو کس چیز کے بارے میں پوچھتا ہے؟ اس نے کہا: تمھارے اندر جو آدمی (نبی ﷺ) ظاہر ہوا ہے اس کا کیا حال ہے؟ وہ بولے: اچھا حال ہے۔ اس (نبی ﷺ)

خَيْرًا. يَسْقُونَ مِنْهَا زُرُوعَهُمْ. وَيَسْتَقُونَ مِنْهَا لِسَقْيِهِمْ. قَالَ: فَمَا فَعَلَ نَخْلٌ بَيْنَ عَمَّانَ وَبَيْسَانَ؟ قَالُوا: يُطْعِمُ ثَمَرَهُ كُلَّ عَامٍ. قَالَ: فَمَا فَعَلَتْ بُحَيْرَةُ الطَّبَرِيَّةِ؟ قَالُوا: تَدَفَّقُ جَنَبَاتُهَا مِنْ كَثْرَةِ الْمَاءِ. قَالَ: فَزَفَرَ ثَلَاثَ زَفَرَاتٍ، ثُمَّ قَالَ: لَوِ انْفَلَتُّ مِنْ وَثَاقِي هٰذَا، لَمْ أَدَعْ أَرْضًا إِلَّا وَطِئْتُهَا بِرِجْلَيَّ هَاتَيْنِ. إِلَّا طَيْبَةَ. لَيْسَ لِي

نے قوم کا مقابلہ کیا تو اللہ نے اسے قوم پر غلبہ عطا فرما دیا۔ اب وہ سب (اہل عرب) متحد ہیں۔ ان کا معبود بھی ایک ہے اور دین بھی ایک ہے۔ اس نے کہا: زُغر کے چشمے کا کیا حال ہے؟ انھوں نے کہا: اچھا ہے۔ لوگ اس سے کھیتی کو پانی دیتے اور خود پینے کے لیے پانی بھرتے ہیں۔ اس نے کہا: بیسان اور عمان کے درمیان کے کھجوروں کے درختوں کا کیا حال ہے؟ انھوں نے کہا: ہر سال پھل دیتے ہیں۔ اس نے کہا: بحیرہ طبریہ کا کیا

عَلَيْهَا سَبِيلٌ». قَالَ النَّبِيُّ ﷺ: «إِلَى هَٰذَا يَنْتَهِي فَرَحِي. هَٰذِهِ طَيْبَةُ. وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا فِيهَا طَرِيقٌ ضَيِّقٌ وَلَا وَاسِعٌ، وَلَا سَهْلٌ وَلَا جَبَلٌ، إِلَّا وَعَلَيْهِ مَلَكٌ شَاهِرٌ سَيْفَهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ».

حال ہے؟ انھوں نے کہا: اس کا پانی اتنا زیادہ ہے کہ کناروں سے اچھلتا ہے۔ اس نے تین بار ٹھنڈی سانس لی، پھر بولا: اگر میں اس قید سے چھوٹ گیا تو زمین کا کوئی علاقہ نہیں رہے گا جس پر میرے یہ قدم نہ لگیں، سوائے طیبہ کے۔ اس پر میرا بس نہیں چلے گا۔ نبی ﷺ نے فرمایا: ''یہ سن کر میری خوشی کی انتہا ہوگئی (بے حد خوشی ہوئی۔) یہ (مدینہ منورہ ہی) طیبہ ہے۔ قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اس کے ہر تنگ اور کھلے راستے پر، ہر میدان اور پہاڑ پر قیامت تک کے لیے فرشتے تلواریں سونتے کھڑے ہیں۔''

مسند احمد بن حنبل کی روایات

(٢٧٨٧٤) حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا دَاوُدُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ مُسْرِعًا فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَنُودِيَ فِي النَّاسِ الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ وَاجْتَمَعَ النَّاسُ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي لَمْ أَدْعُكُمْ لِرَغْبَةٍ نَزَلَتْ وَلَا لِرَهْبَةٍ وَلَكِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ أَخْبَرَنِي أَنَّ نَاسًا مِنْ أَهْلِ فِلَسْطِينَ رَكِبُوا الْبَحْرَ فَقَذَفَتْهُمُ الرِّيحُ إِلَى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ فَإِذَا هُمْ بِدَابَّةٍ أَشْعَرَ لَا يُدْرَى أَذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى مِنْ كَثْرَةِ شَعْرِهِ فَقَالُوا مَنْ أَنْتَ فَقَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ قَالُوا فَأَخْبِرِينَا قَالَتْ مَا أَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ وَلَا بِمُسْتَخْبِرَتِكُمْ وَلَكِنْ فِي هَذَا الدَّيْرِ رَجُلٌ فَقِيرٌ إِلَى أَنْ يُخْبِرَكُمْ وَيَسْتَخْبِرَكُمْ فَدَخَلُوا الدَّيْرَ فَإِذَا رَجُلٌ ضَرِيرٌ وَمُصَفَّدٌ فِي الْحَدِيدِ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ قُلْنَا نَحْنُ الْعَرَبُ قَالَ هَلْ بُعِثَ فِيكُمْ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا نَعَمْ قَالَ فَهَلْ اتَّبَعَهُ الْعَرَبُ قَالُوا نَعَمْ قَالَ ذَاكَ خَيْرٌ لَهُمْ قَالَ مَا فَعَلَتْ فَارِسُ هَلْ ظَهَرَ عَلَيْهَا قَالُوا لَمْ يَظْهَرْ عَلَيْهَا بَعْدُ قَالَ أَمَا إِنَّهُ سَيَظْهَرُ عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَ مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ قَالُوا هِيَ تَدْفُقُ مَلْأَى قَالَ فَمَا فَعَلَتْ بُحَيْرَةُ طَبَرِيَّةَ قَالُوا هِيَ تَدْفُقُ مَلْأَى قَالَ فَمَا فَعَلَتْ نَخْلُ بَيْسَانَ هَلْ أَطْعَمَ بَعْدُ قَالُوا قَدْ أَطْعَمَ أَوَائِلُهُ قَالَ فَوَثَبَ وَثْبَةً ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيَفْلِتُ فَقُلْنَا مَنْ أَنْتَ قَالَ أَنَا الدَّجَّالُ أَمَا إِنِّي سَأَطَأُ الْأَرْضَ كُلَّهَا غَيْرَ مَكَّةَ وَطَيْبَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْشِرُوا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ فَإِنَّ هَذِهِ طَيْبَةُ لَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ [راجع: ٢٧٦٤٠].

(۲۷۸۷۴) حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبی علیہ السلام باہر نکلے اور ظہر کی نماز پڑھائی، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز پوری کر لی تو بیٹھے رہو، منبر پر تشریف فرما ہوئے لوگ حیران ہوئے تو فرمایا لوگو! اپنی نماز کی جگہ پر ہی میں نے تمہیں کسی بات کی ترغیب یا اللہ سے ڈرانے کے لیے جمع نہیں کیا۔ میں نے تمہیں صرف اس لیے جمع کیا ہے کہ تمیم داری میرے پاس آئے اور اسلام پر بیعت کی اور مسلمان ہو گئے اور مجھے ایک بات بتائی کہ وہ اپنے چچازاد بھائیوں کے ساتھ ایک بحری کشتی میں سوار ہوئے، اچانک سمندر میں طوفان آ گیا، وہ سمندر میں ایک نامعلوم جزیرہ کی طرف پہنچے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا تو وہ چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ کے اندر داخل ہوئے تو انہیں وہاں ایک جانور ملا جو موٹے اور گھنے بالوں والا تھا، انہیں سمجھ نہ آئی کہ وہ مرد ہے یا عورت انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب دیا، انہوں نے کہا تو کون ہے؟ اس نے کہا: اے قوم! اس آدمی کی طرف گرجے میں چلو کیونکہ وہ تمہاری خبر کے بارے میں بہت شوق رکھتا ہے ہم نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اس نے بتایا کہ میں جساسہ ہوں، چنانچہ وہ چلے یہاں تک کہ گرجے میں داخل ہو گئے، وہاں ایک انسان تھا جسے انتہائی سختی کے ساتھ باندھا گیا تھا، اس نے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے کہا ہم عرب کے لوگ ہیں، اس نے پوچھا کہ اہل عرب کا کیا بنا؟ کیا ان کے نبی کا ظہور ہو گیا؟ انہوں نے کہا ہاں! اس نے پوچھا پھر اہل عرب نے کیا کیا؟ انہوں نے بتایا کہ اچھا کیا، ان پر ایمان لے آئے اور ان کی تصدیق کی، اس نے کہا کہ انہوں نے اچھا کیا پھر اس نے پوچھا کہ اہل فارس کا کیا بنا، کیا وہ ان پر غالب آ گئے؟ انہوں نے کہا کہ وہ ابھی تک تو اہل فارس پر غالب نہیں آئے، اس نے کہا یاد رکھو! عنقریب وہ ان پر غالب آ جائیں گے، اس نے کہا: مجھے زغر کے چشمہ کے بارے میں بتاؤ، ہم نے کہا یہ کثیر پانی والا ہے اور وہاں کے لوگ اس کے پانی سے کھیتی باڑی کرتے ہیں، پھر اس نے کہا نخل بیسان کا کیا بنا؟ کیا اس نے پھل دینا شروع کیا؟ انہوں نے کہا کہ اس کا ابتدائی حصہ پھل دینے لگا ہے، اس پر وہ اتنا اچھلا کہ ہم سمجھے یہ ہم پر حملہ کر دے گا، ہم نے اس سے پوچھا کہ تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ میں مسیح (دجال) ہوں، عنقریب مجھے نکلنے کی اجازت دے دی جائے گی۔ پس میں نکلوں گا تو زمین میں چکر لگاؤں گا اور چالیس راتوں میں ہر ہر بستی پر اتروں گا مکہ اور طیبہ کے علاوہ کیونکہ ان دونوں پر داخل ہونا میرے لیے حرام کر دیا گیا ہے، نبی علیہ السلام نے فرمایا مسلمانو! خوش ہو جاؤ کہ طیبہ یہی مدینہ ہے، اس میں دجال داخل نہ ہو سکے گا۔

(۲۷۸۹۱) حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُجَالِدٌ عَنْ عَامِرٍ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَأَتَيْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ فَحَدَّثَتْنِي أَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ فَقَالَ لِي أَخُوهُ اخْرُجِي مِنْ الدَّارِ فَقُلْتُ إِنَّ لِي نَفَقَةً وَسُكْنَى حَتَّى يَحِلَّ الْأَجَلُ قَالَ لَا قَالَتْ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنَّ فُلَانًا طَلَّقَنِي وَإِنَّ أَخَاهُ أَخْرَجَنِي وَمَنَعَنِي السُّكْنَى وَالنَّفَقَةَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَقَالَ مَا لَكَ وَلِابْنَةِ آلِ قَيْسٍ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَخِي طَلَّقَهَا ثَلَاثًا جَمِيعًا قَالَتْ فَقَالَ

لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرِي أَيْ بِنْتَ آلِ قَيْسٍ إِنَّمَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنَى لِلْمَرْأَةِ عَلَى زَوْجِهَا مَا كَانَتْ لَهُ عَلَيْهَا رَجْعَةٌ فَإِذَا لَمْ يَكُنْ لَهُ عَلَيْهَا رَجْعَةٌ فَلَا نَفَقَةَ وَلَا سُكْنَى اخْرُجِي فَانْزِلِي عَلَى فُلَانَةَ ثُمَّ قَالَ إِنَّهُ يُتَحَدَّثُ إِلَيْهَا انْزِلِي عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَإِنَّهُ أَعْمَى لَا يَرَاكِ ثُمَّ قَالَ لَا تَنْكِحِي حَتَّى أَكُونَ أَنَا أُنْكِحُكِ قَالَتْ فَخَطَبَنِي رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْتَأْمِرُهُ فَقَالَ أَلَا تَنْكِحِينَ مَنْ هُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ فَقُلْتُ بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ فَأَنْكِحْنِي مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَتْ فَأَنْكَحَنِي مِنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ فَلَمَّا أَرَدْتُ أَنْ أَخْرُجَ قَالَتْ اجْلِسْ حَتَّى أُحَدِّثَكَ حَدِيثًا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا مِنَ الْأَيَّامِ فَصَلَّى صَلَاةَ الْهَاجِرَةِ ثُمَّ قَعَدَ فَفَزِعَ النَّاسُ فَقَالَ اجْلِسُوا أَيُّهَا النَّاسُ فَإِنِّي لَمْ أَقُمْ مَقَامِي هَذَا لِفَزَعٍ وَلَكِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ أَتَانِي فَأَخْبَرَنِي خَبَرًا مَنَعَنِي مِنَ الْقَيْلُولَةِ مِنَ الْفَرَحِ وَقُرَّةِ الْعَيْنِ فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَنْشُرَ عَلَيْكُمْ فَرَحَ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَنِي أَنَّ رَهْطًا مِنْ بَنِي عَمِّهِ رَكِبُوا الْبَحْرَ فَأَصَابَتْهُمْ رِيحٌ عَاصِفٌ فَأَلْجَأَتْهُمُ الرِّيحُ إِلَى جَزِيرَةٍ لَا يَعْرِفُونَهَا فَقَعَدُوا فِي قُوَيْرِبِ سَفِينَةٍ حَتَّى خَرَجُوا إِلَى الْجَزِيرَةِ فَإِذَا هُمْ بِشَيْءٍ أَهْلَبَ كَثِيرِ الشَّعْرِ لَا يَدْرُونَ أَرَجُلٌ هُوَ أَوِ امْرَأَةٌ فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيْهِمُ السَّلَامَ فَقَالُوا أَلَا تُخْبِرُنَا فَقَالَ مَا أَنَا بِمُخْبِرِكُمْ وَلَا مُسْتَخْبِرِكُمْ وَلَكِنَّ هَذَا الدَّيْرَ قَدْ رَهِقْتُمُوهُ فَفِيهِ مَنْ هُوَ إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ أَنْ يُخْبِرَكُمْ وَيَسْتَخْبِرَكُمْ قَالُوا قُلْنَا مَا أَنْتِ قَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ فَانْطَلَقُوا حَتَّى أَتَوْا الدَّيْرَ فَإِذَا هُمْ بِرَجُلٍ مُوثَقٍ شَدِيدِ الْوَثَاقِ مُظْهِرٍ الْحُزْنَ كَثِيرِ التَّشَكِّي فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيْهِمْ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ قَالُوا مِنَ الْعَرَبِ قَالَ مَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ أَخَرَجَ نَبِيُّهُمْ بَعْدُ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَمَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ قَالُوا خَيْرًا آمَنُوا بِهِ وَصَدَّقُوهُ قَالَ ذَلِكَ خَيْرٌ لَهُمْ وَكَانَ لَهُ عَدُوٌّ فَأَظْهَرَهُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ قَالَ فَالْعَرَبُ الْيَوْمَ إِلَهُهُمْ وَاحِدٌ وَدِينُهُمْ وَاحِدٌ وَكَلِمَتُهُمْ وَاحِدَةٌ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَمَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ قَالَ قَالُوا صَالِحَةٌ يَشْرَبُ مِنْهَا أَهْلُهَا لِشَفَتِهِمْ وَيَسْقُونَ مِنْهَا زَرْعَهُمْ قَالَ فَمَا فَعَلَ نَخْلٌ بَيْنَ عَمَّانَ وَبَيْسَانَ قَالُوا صَالِحٌ يُطْعِمُ جَنَاهُ كُلَّ عَامٍ قَالَ فَمَا فَعَلَتْ بُحَيْرَةُ الطَّبَرِيَّةِ قَالُوا مَلْأَى قَالَ فَزَفَرَ ثُمَّ زَفَرَ ثُمَّ زَفَرَ ثُمَّ حَلَفَ لَوْ خَرَجْتُ مِنْ مَكَانِي هَذَا مَا تَرَكْتُ أَرْضًا مِنْ أَرْضِ اللَّهِ إِلَّا وَطِئْتُهَا غَيْرَ طَيْبَةَ لَيْسَ لِي عَلَيْهَا سُلْطَانٌ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هَذَا انْتَهَى فَرَحِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ إِنَّ طَيْبَةَ الْمَدِينَةُ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى الدَّجَّالِ أَنْ يَدْخُلَهَا ثُمَّ حَلَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ مَا لَهَا طَرِيقٌ ضَيِّقٌ وَلَا وَاسِعٌ فِي سَهْلٍ وَلَا جَبَلٍ إِلَّا عَلَيْهِ مَلَكٌ شَاهِرٌ بِالسَّيْفِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ مَا يَسْتَطِيعُ الدَّجَّالُ أَنْ يَدْخُلَهَا عَلَى أَهْلِهَا [راجع: ٢٧٦٤٠].

(٢٧٨٩١) امام عامر شعبی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ میں مدینہ منورہ حاضر ہوا اور حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے یہاں گیا تو انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی کہ نبی علیہ السلام کے دور میں ان کے شوہر نے انہیں طلاق دے دی، اسی دوران نبی علیہ السلام نے اسے ایک دستے کے ساتھ روانہ فرما دیا، تو مجھ سے اس کے بھائی نے کہا کہ تم اس گھر سے نکل جاؤ، میں نے اس سے پوچھا کہ کیا عدت ختم ہونے تک مجھے نفقہ اور رہائش ملے گی؟ اس نے کہا نہیں، میں نبی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوگئی اور عرض کیا کہ فلاں شخص نے مجھے طلاق دے دی ہے اور اس کا بھائی مجھے گھر سے نکال رہا ہے اور نفقہ اور سکنی بھی نہیں دے رہا؟ نبی علیہ السلام نے پیغام

بھیج کر اسے بلایا اور فرمایا بنت آل قیس کے ساتھ تمہارا کیا جھگڑا ہے؟ اس نے کہا کہ یا رسول اللہ! میرے بھائی نے اسے اکٹھی تین طلاقیں دے دی ہیں، اس پر نبی علیہ السلام نے فرمایا اے بنت آل قیس! دیکھو، شوہر کے ذمے اس بیوی کا نفقہ اور سکنی واجب ہوتا ہے جس سے وہ رجوع کر سکتا ہو اور جب اس کے پاس رجوع کی گنجائش نہ ہو تو عورت کو نفقہ اور سکنی نہیں ملتا، اس لئے تم اس گھر سے فلاں عورت کے گھر منتقل ہو جاؤ، پھر فرمایا اس کے یہاں لوگ جمع ہو کر باتیں کرتے ہیں اس لئے تم ابن ام مکتوم کے یہاں چلی جاؤ، کیونکہ وہ نابینا ہیں اور تمہیں دیکھ نہیں سکیں گے، اور تم اپنا آئندہ نکاح خود سے نہ کرنا بلکہ میں خود تمہارا نکاح کروں گا، اسی دوران مجھے قریش کے ایک آدمی نے پیغام نکاح بھیجا، میں نبی علیہ السلام کے پاس مشورہ کرنے کے لئے حاضر ہوئی تو نبی علیہ السلام نے فرمایا کیا تم اس شخص سے نکاح نہیں کر لیتیں جو مجھے اس سے زیادہ محبوب ہے؟ میں نے عرض کیا کیوں نہیں، یا رسول اللہ! آپ جس سے چاہیں میرا نکاح کرا دیں، چنانچہ نبی علیہ السلام نے مجھے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کے نکاح میں دے دیا، امام شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ جب میں وہاں سے جانے لگا تو انہوں نے مجھ سے فرمایا کہ بیٹھ جاؤ میں تمہیں نبی علیہ السلام کی ایک حدیث سناتی ہوں، ایک مرتبہ نبی علیہ السلام باہر نکلے اور ظہر کی نماز پڑھائی، جب رسول اللہ ﷺ نے اپنی نماز پوری کر لی تو بیٹھے رہو، منبر پر تشریف فرما ہوئے لوگ حیران ہوئے تو فرمایا لوگو! اپنی نماز کی جگہ پر ہی میں نے تمہیں کسی بات کی ترغیب یا اللہ سے ڈرانے کے لیے جمع نہیں کیا۔ میں نے تمہیں صرف اس لیے جمع کیا ہے کہ تمیم داری میرے پاس آئے اور اسلام پر بیعت کی اور مسلمان ہو گئے اور مجھے ایک بات بتائی، جس نے خوشی اور آنکھوں کی ٹھنڈک سے مجھے قیلولہ کرنے سے روک دیا، اس لئے میں نے چاہا کہ تمہارے پیغمبر کی خوشی تم تک پھیلا دوں، چنانچہ انہوں نے مجھے خبر دی کہ وہ اپنے چچا زاد بھائیوں کے ساتھ ایک بحری کشتی میں سوار ہوئے، اچانک سمندر میں طوفان آ گیا، وہ سمندر میں ایک نامعلوم جزیرہ کی طرف پہنچے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا تو وہ چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ کے اندر داخل ہوئے تو انہیں وہاں ایک جانور ملا جو موٹے اور گھنے بالوں والا تھا، انہیں سمجھ نہ آئی کہ وہ مرد ہے یا عورت انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب دیا، انہوں نے کہا تو کون ہے؟ اس نے کہا: اے قوم! اس آدمی کی طرف گرجے میں چلو کیونکہ وہ تمہاری خبر کے بارے میں بہت شوق رکھتا ہے ہم نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اس نے بتایا کہ میں جساسہ ہوں، چنانچہ وہ چلے یہاں تک کہ گرجے میں داخل ہو گئے، وہاں ایک انسان تھا جسے انتہائی سختی کے ساتھ بندھا ہوا تھا وہ انتہائی غمگین اور بہت زیادہ شکایت کرنے والا تھا، انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب اور پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے کہا ہم عرب کے لوگ ہیں، اس نے پوچھا کہ اہل عرب کا کیا بنا؟ کیا ان کے نبی کا ظہور ہو گیا؟ انہوں نے کہا ہاں! اس نے پوچھا پھر اہل عرب نے کیا کیا؟ انہوں نے بتایا کہ اچھا کیا، ان پر ایمان لے آئے اور ان کی تصدیق کی، اس نے کہا کہ ان کے دشمن تھے لیکن اللہ نے انہیں ان پر غالب کر دیا، اس نے پوچھا کہ اب عرب کا ایک خدا، ایک دین اور ایک کلمہ ہے؟ انہوں نے کہا ہاں! اس نے پوچھا زغر چشمے کا کیا بنا؟ انہوں نے کہا کہ صحیح ہے، لوگ اس کا پانی خود بھی پیتے ہیں اور اپنے کھیتوں کو بھی اس سے سیراب کرتے ہیں، اس نے پوچھا عمان اور بیسان کے درمیان باغ کا کیا بنا؟ انہوں نے کہا کہ صحیح ہے اور ہر سال پھل دیتا ہے، اس نے پوچھا بحیرۂ طبریہ کا کیا بنا؟ انہوں نے کہا کہ بھرا ہوا ہے، اس پر وہ تین مرتبہ چیخا اور قسم کھا کر کہنے لگا اگر میں اس جگہ سے نکل گیا تو اللہ کی زمین کا کوئی حصہ ایسا نہیں چھوڑوں گا جسے اپنے پاؤں تلے روند نہ دوں، سوائے طیبہ

کے کہ اس پر مجھے کوئی قدرت نہیں ہوگی، نبی علیہ السلام نے فرمایا یہاں پہنچ کر میری خوشی بڑھ گئی (تین مرتبہ فرمایا) مدینہ ہی طیبہ ہے اور اللہ نے میرے حرم میں داخل ہونا دجال پر حرام قرار دے رکھا ہے، پھر نبی علیہ السلام نے قسم کھا کر فرمایا اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں، مدینہ منورہ کا کوئی تنگ یا کشادہ، وادی اور پہاڑ ایسا نہیں ہے جس پر قیامت تک کے لئے تلوار سونتا ہوا فرشتہ مقرر نہ ہو، دجال اس شہر میں داخل ہونے کی طاقت نہیں رکھتا۔

(٢٧٨٩٤) حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي ابْنَ سَلَمَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ ذَاتَ يَوْمٍ مُسْرِعًا فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ وَنُودِيَ فِي النَّاسِ الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ فَاجْتَمَعَ النَّاسُ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي لَمْ أَدْعُكُمْ لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ وَلَكِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ أَخْبَرَنِي أَنَّ نَفَرًا مِنْ أَهْلِ فِلَسْطِينَ رَكِبُوا الْبَحْرَ فَقَذَفَتْ بِهِمْ الرِّيحُ إِلَى جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ فَإِذَا هُمْ بِدَابَّةٍ أَشْعَرَ لَا يُدْرَى ذَكَرٌ هُوَ أَمْ أُنْثَى لِكَثْرَةِ شَعْرِهِ فَقَالُوا مَنْ أَنْتِ فَقَالَتْ أَنَا الْجَسَّاسَةُ فَقَالُوا فَأَخْبِرِينَا فَقَالَتْ مَا أَنَا بِمُخْبِرَتِكُمْ وَلَا مُسْتَخْبِرَتِكُمْ وَلَكِنْ فِي هَذَا الدَّيْرِ رَجُلٌ فَقِيرٌ إِلَى أَنْ يُخْبِرَكُمْ وَإِلَى أَنْ يَسْتَخْبِرَكُمْ فَدَخَلُوا الدَّيْرَ فَإِذَا هُوَ رَجُلٌ أَعْوَرُ مُصَفَّدٌ فِي الْحَدِيدِ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ قَالُوا نَحْنُ الْعَرَبُ فَقَالَ هَلْ بُعِثَ فِيكُمْ النَّبِيُّ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَهَلْ اتَّبَعَهُ الْعَرَبُ قَالُوا نَعَمْ قَالَ ذَاكَ خَيْرٌ لَهُمْ قَالَ فَمَا فَعَلَتْ فَارِسُ هَلْ ظَهَرَ عَلَيْهَا قَالُوا لَا قَالَ أَمَا إِنَّهُ سَيَظْهَرُ عَلَيْهَا ثُمَّ قَالَ مَا فَعَلَتْ عَيْنُ زُغَرَ قَالُوا هِيَ تَدَفَّقُ مَلْأَى قَالَ فَمَا فَعَلَ نَخْلُ بَيْسَانَ هَلْ أَطْعَمَ قَالُوا نَعَمْ أَوَائِلُهُ قَالَ فَوَثَبَ وَثْبَةً حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّهُ سَيَفْلِتُ فَقُلْنَا مَنْ أَنْتَ فَقَالَ أَنَا الدَّجَّالُ أَمَا إِنِّي سَأَطَأُ الْأَرْضَ كُلَّهَا غَيْرَ مَكَّةَ وَطَيْبَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْشِرُوا مَعَاشِرَ الْمُسْلِمِينَ هَذِهِ طَيْبَةُ لَا يَدْخُلُهَا [راجع: ٢٧٦٤٠].

(۲۷۸۹۴) حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبی علیہ السلام باہر نکلے اور ظہر کی نماز پڑھائی، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز پوری کر لی تو بیٹھے رہو، منبر پر تشریف فرما ہوئے لوگ حیران ہوئے تو فرمایا لوگو! اپنی نماز کی جگہ پر ہی میں نے تمہیں کسی بات کی ترغیب یا اللہ سے ڈرانے کے لیے جمع نہیں کیا۔ میں نے تمہیں صرف اس لیے جمع کیا ہے کہ تمیم داری میرے پاس آئے اور اسلام پر بیعت کی اور مسلمان ہو گئے اور مجھے ایک بات بتائی کہ وہ اپنے چچا زاد بھائیوں کے ساتھ ایک بحری کشتی میں سوار ہوئے، اچانک سمندر میں طوفان آ گیا، وہ سمندر میں ایک نامعلوم جزیرہ کی طرف پہنچے یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا تو وہ چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ کے اندر داخل ہوئے تو انہیں وہاں ایک جانور ملا جو موٹے اور گھنے بالوں والا تھا، انہیں سمجھ نہ آئی کہ وہ مرد ہے یا عورت انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب دیا، انہوں نے کہا تو کون ہے؟ اس نے کہا: اے قوم! اس آدمی کی طرف گرجے میں چلو کیونکہ وہ تمہاری خبر کے بارے میں بہت شوق رکھتا ہے ہم نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو؟ اس نے بتایا کہ میں جساسہ ہوں، چنانچہ وہ چلے یہاں تک کہ گرجے میں داخل ہو گئے، وہاں ایک انسان تھا جسے انتہائی سختی کے ساتھ باندھا گیا تھا، اس نے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے کہا ہم عرب کے لوگ ہیں، اس نے پوچھا کہ اہل

عرب کا کیا بنا؟ کیا ان کے نبی کا ظہور ہو گیا؟ انہوں نے کہا ہاں! اس نے پوچھا پھر اہل عرب نے کیا کیا؟ انہوں نے بتایا کہ اچھا کیا، ان پر ایمان لے آئے اور ان کی تصدیق کی، اس نے کہا کہ انہوں نے اچھا کیا پھر اس نے پوچھا کہ اہل فارس کا کیا بنا، کیا وہ ان پر غالب آ گئے؟ انہوں نے کہا کہ وہ ابھی تک تو اہل فارس پر غالب نہیں آئے، اس نے کہا یاد رکھو! عنقریب وہ ان پر غالب آ جائیں گے، اس نے کہا: مجھے زغر کے چشمہ کے بارے میں بتاؤ، ہم نے کہا یہ کثیر پانی والا ہے اور وہاں کے لوگ اس کے پانی سے کھیتی باڑی کرتے ہیں، پھر اس نے کہا نخل بیسان کا کیا بنا؟ کیا اس نے پھل دینا شروع کیا؟ انہوں نے کہا کہ اس کا ابتدائی حصہ پھل دینے لگا ہے، اس پر وہ اتنا اچھلا کہ ہم سمجھے یہ ہم پر حملہ کر دے گا، ہم نے اس سے پوچھا کہ تو کون ہے؟ اس نے کہا کہ میں مسیح (دجال) ہوں، عنقریب مجھے نکلنے کی اجازت دے دی جائے گی۔ پس میں نکلوں گا تو زمین میں چکر لگاؤں گا اور چالیس راتوں میں ہر ہر بستی پر اتروں گا مکہ اور طیبہ کے علاوہ کیونکہ ان دونوں پر داخل ہونا میرے لیے حرام کر دیا گیا ہے، نبی ﷺ نے فرمایا مسلمانو! خوش ہو جاؤ کہ طیبہ یہی مدینہ ہے، اس میں دجال داخل نہ ہو سکے گا۔

سوال نمبرا۔ آپ نے خود پڑھ لیا کہ ایک مقام پر مذکور ہے کہ فاطمہ بنت قیس کہتی ہیں کہ وہ بیوہ ہوگئیں اور عدت گزاری۔ جیسا کہ درج ذیل روایت کے متن کو دیکھا جاسکتا ہے۔

صحیح مسلم شریف جلد ششم

فتنوں اور قیامت کی نشانیاں کا بیان

أَحَدٍ غَيْرِهِ فَقَالَتْ لَئِنْ شِئْتَ لَأَفْعَلَنَّ فَقَالَ لَهَا أَجَلْ حَدِّثِينِي فَقَالَتْ نَكَحْتُ ابْنَ الْمُغِيرَةِ وَهُوَ مِنْ خِيَارِ شَبَابِ قُرَيْشٍ يَوْمَئِذٍ فَأُصِيبَ فِي أَوَّلِ الْجِهَادِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ ﷺ فَلَمَّا تَأَيَّمْتُ

انھوں نے کہا ہاں بیان کرو۔ فاطمہ نے کہ میں نے نکاح کیا ابن مغیرہ سے اور وہ قریش کے عمدہ جوانوں میں سے تھے ان دنوں۔ پھر وہ شہید ہوئے پہلے ہی جہاد میں رسول اللہؐ کے ساتھ۔ جب میں بیوہ ہوگئی تو مجھ سے پیام بھیجا عبدالرحمٰن بن عوف اور کئی اصحاب

اور دوسرے مقام پر بیوہ کی بجائے طلاق کا ذکر ہے کہ طلاق کے بعد عدت گزار رہی تھیں۔ جیسا کہ روایت کے متن کو دیکھا جا سکتا ہے۔

صحیح مسلم شریف جلد ششم

فتنوں اور قیامت کی نشانیاں کا بیان

بِنْتِ قَيْسٍ فَأَتْحَفَتْنَا بِرُطَبٍ يُقَالُ لَهُ رُطَبُ ابْنِ طَابٍ وَأَسْقَتْنَا سَوِيقَ سُلْتٍ فَسَأَلْتُهَا عَنِ الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا أَيْنَ تَعْتَدُّ قَالَتْ طَلَّقَنِي بَعْلِي ثَلَاثًا فَأَذِنَ لِي النَّبِيُّ ﷺ أَنْ أَعْتَدَّ فِي أَهْلِي قَالَتْ فَنُودِيَ فِي النَّاسِ إِنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةً قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ فِيمَنْ

انھوں نے ہم کو تحفہ دیا رطب جس کو رطب ابن طاب کہتے ہیں (وہ ایک عمدہ قسم ہیں تر کھجور کی) اور جو کے ستو ہم کو پلائے۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ جس عورت کو تین طلاقیں دی جائیں وہ کہاں عدت کرے؟ انھوں نے کہا بعلی نے مجھے تین طلاق دی تو رسول اللہؐ نے مجھ کو اجازت دی اپنے میکے میں عدت کرنے کی۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا ان میں سے کون سی بات ٹھیک ہے؟ یہ ایک ایسا تضاد ہے جو اس روایت کی صحت کو مشکوک بنا دیتا ہے۔ اس سوال کا جواب دینے کے لیے اسماء ورجال پر تحقیق کرنے والوں نے یہ ثابت کیا ہے کہ فاطمہ بنت قیس بیوہ نہیں بلکہ اس وقت مطلقہ تھیں یعنی ان کو طلاق ہوئی تھی۔ وہ عبداللہ بن عمرو بن عثمان کے نکاح میں تھیں اور انہوں نے طلاق دی تھی۔ اس پر مسند احمد میں کئی روایات موجود ہیں کہ انہیں طلاق ہوئی تھی۔

روایت کی صحت کو بچانے کے لیے اس مسئلے کا حل تو نکال لیا گیا لیکن اس حل نے نا قابل حل سوال کو جنم دے دیا وہ یہ ہے کہ روایت کیمطابق عدت گزارنے سے پہلے ہی ان کی طرف کئی اصحاب رسول کی طرف سے نکاح کا پیغام موصول ہوا۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اصحاب رسول کو اتنا بھی علم نہ تھا کہ اللہ سبحان وتعالیٰ یہ آیات نازل کر چکے ہیں کہ مطلقہ عورت کی

عدت پوری ہونے سے پہلے اس کی طرف نکاح کا پیغام نہیں بھیجا جاسکتا؟

کیونکہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے دوران عدت دوبارہ رجوع کی گنجائش رکھی ہے۔ اب یہ کیسے مان لیا جائے کہ اصحاب رسول نے ایک مطلقہ عورت جو ابھی عدت میں ہے اس کی طرف نکاح کا پیغام بھیج رہے ہیں؟ کیا اصحاب رسول کو اتنا بھی علم نہ تھا اور اس بات کو تو چھوڑ یئے روایت میں تو محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات پر بہتان عظیم باندھا جارہا ہے کہ خود محمد رسول اللہ ﷺ نے بھی اسامہ بن زید کے لیے نکاح کا پیغام بھجوادیا حالانکہ مطلقہ نے اپنی عدت بھی پوری نہیں کی؟ کیا محمد رسول اللہ ﷺ اللہ کے نبی ایسا کرسکتے ہیں؟ یہ ایسے سوالات ہیں ان کے جوابات چاہ کر بھی نہیں تراشے جاسکتے کیونکہ نہ تو یہ واقعہ مکی دور کا ہے اور نہ ہی ہجرت کے بعد مدنی دور کے شروع کا ہے بلکہ یہ واقعہ مدنی دور کے آخری وقت دس ہجری کا ہے۔ اگر تو مکی دور کی بات ہوتی تو کوئی جواز پیش کیے جاسکتے تھے حالانکہ مکی دور میں بھی ایک نبی ایسا ہرگز نہیں کرسکتا کیونکہ نبی وحی کا پابند ہوتا ہے اور اللہ سبحان وتعالیٰ نبی کو ایسے کسی کام کے حلال کرلینے کی اجازت نہیں دیتا جو اپنی ذات میں حرام ہے اور جب تک اس کی حرمت کے اعلان کا وقت نہیں آجاتا نبی جان بوجھ کر ایسا کام نہیں کرسکتا الا یہ کہ جس حالت میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے گنجائش رکھ دی۔

نوٹ اس اس وقعہ کے علاوہ ایسی مسند احمد سمیت بعض کتب میں ایسی روایات موجود ہیں جن میں یہ واضح ہے کہ ان کی طرف نکاح کا پیغام عدت گزرنے کے بعد بھیجا گیا لیکن ان روایات کا اس واقعہ والی روایت سے تعلق نہیں ہے جس سے اس واقعہ والی روایت کی صحت مزید مشکوک اور کمزور ہوجاتی ہے۔

سوال نمبر۲۔ مسلم کی روایت میں دیکھیں کہ شعبی کہتے ہیں کہ وہ فاطمہ بنت قیس سے پوچھنے گئے کہ مطلقہ عورت عدت کہاں گزارے۔ جیسا کہ ذیل میں روایت کا عکس موجود ہے۔

فتنوں اور قیامت کی نشانیاں کا بیان

۷۳۸۷–عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَأَتْحَفَتْنَا بِرُطَبٍ يُقَالُ لَهُ رُطَبُ ابْنِ طَابٍ وَأَسْقَتْنَا سَوِيقَ سُلْتٍ فَسَأَلْتُهَا عَنِ الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا أَيْنَ تَعْتَدُّ قَالَتْ طَلَّقَنِي بَعْلِي ثَلَاثًا فَأَذِنَ لِي النَّبِيُّ ﷺ أَنْ أَعْتَدَّ فِي أَهْلِي قَالَتْ فَنُودِيَ فِي النَّاسِ إِنَّ الصَّلَاةَ جَامِعَةً قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ فِيمَنْ

۷۳۸۷- شعبیؒ سے روایت ہے ہم فاطمہ بنت قیس کے پاس گئے انھوں نے ہم کو تحفہ دیا رطب جس کو رطب ابن طاب کہتے ہیں (وہ ایک عمدہ قسم ہیں تر کھجور کی) اور جو کے ستو ہم کو پلائے۔ پھر میں نے ان سے پوچھا کہ جس عورت کو تین طلاقیں دی جائیں وہ کہاں عدت کرے؟ انھوں نے کہا بعلی نے مجھے تین طلاق دی تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ کو اجازت دی اپنے میکے میں عدت کرنے کی۔

اب میرا اسی پر پہلا سوال تو یہ ہے کہ جب شعبی مدینہ میں آئے ہی تھے اور ان کا سوال تھا تو انہوں نے اس سوال کے جواب کے لیے فاطمہ بنت قیس کے پاس ہی جانا کیوں مناسب سمجھا کیا امہات المومنین مدینہ میں موجود نہیں تھیں؟ کیا خلیفہ موجود نہیں تھے یا کوئی ایسا مرد موجود نہیں تھا جو ان کے اس سوال کا جواب دے سکتا تھا؟ اور اس سے بھی بڑا سوال تو یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس روایت سے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ نعوذ باللہ اصحاب رسول قرآن سے ہی ناواقف تھے۔ کیا اللہ سبحان وتعالیٰ نے قرآن میں مطلقہ کی عدت گزارنے کی صراحت کیساتھ وضاحت نہیں کر دی؟ کیا قرآن میں آیات موجود نہ تھیں جو وہ قرآن کو چھوڑ کر فاطمہ بنت قیس کے ہاں جا پہنچے؟ اس سے تو بلکل ثابت ہو جاتا ہے کہ یہ کہانی کسی اسلام دشمن یہودی کی گھڑی ہوئی ہے جس نے جان بوجھ کر اصحاب رسول کے کردار کو مشکوک بنانا چاہا اور اس واقعہ کو فاطمہ بنت قیس سے منسوب کر دیا۔ اور خود کو امت مسلمہ کہلوانے والوں نے خود کو فرقوں میں تقسیم کر کے اپنے اپنے فرقے اور اس کے نظریات کو سچا ثابت کرنے کے لیے ایسی روایات کو بطور دلائل استعمال کرنا شروع کر دیا۔

سوال نمبر۳۔ اس روایت کے تمام مقامات کو سامنے رکھیں تو جو تضادات سامنے آتے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

ایک مقام پر یہ مذکور ہے کہ یہ واقعہ تمیم داریؓ کیساتھ پیش آیا وہ بذات خود سمندری جہاز میں سوار تھے۔ ذیل میں دیئے گئے روایت کے عکس کو دیکھیں۔

لِرَهْبَةٍ وَلَكِنْ جَمَعْتُكُمْ لِأَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ وَحَدَّثَنِي حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ مَسِيحِ

دجال کے باب میں۔ اس نے بیان کیا کہ وہ شخص یعنی تمیم سوار ہوا سمندر کے جہاز میں تیس آدمیوں کے ساتھ جو لخم اور جذام کی قوم سے تھے۔ سو ان سے ایک مہینہ بھر لہر کھیلا سمندر میں (یعنی شدت

۷۳۸۸- عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ فَأَخْبَرَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ أَنَّهُ رَكِبَ الْبَحْرَ فَتَاهَتْ بِهِ

۷۳۸۸- فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ کے پاس تمیم داری آئے اور آپ کو خبر دی کہ سمندر میں سوار ہوئے تھے ان کا جہاز راہ سے ہٹ گیا اور ایک جزیرہ سے

مُصَلَّاهُ»، ثُمَّ قَالَ: «هَلْ تَدْرُونَ لِمَ جَمَعْتُكُمْ؟» قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ. قَالَ: «إِنِّي مَا جَمَعْتُكُمْ لِرَهْبَةٍ وَلَا رَغْبَةٍ، وَلَكِنْ جَمَعْتُكُمْ أَنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ كَانَ رَجُلًا نَصْرَانِيًّا فَجَاءَ فَبَايَعَ وَأَسْلَمَ وَحَدَّثَنِي حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الدَّجَّالِ،

ہے۔ میں نے تمہیں اس لیے جمع کیا ہے کہ تمیم داری عیسائی تھا' میرے ہاں آیا' بیعت کی اور اسلام قبول کیا اور اس نے مجھے ایک بات بیان کی ہے جو میری بات کی تائید میں ہے جو میں نے تمہیں دجال کے متعلق کہی ہے۔ اس نے مجھے بتایا ہے کہ وہ ایک جہاز میں سوار ہوا' اس کے ساتھ قبیلہ لخم اور جذام کے تیس آدمی تھے۔ جہاز

دوسرے مقام پر تمیم داریؓ کی بجائے ان کے چچازاد کا ذکر ہے کہ یہ واقعہ تمیم داریؓ کیساتھ نہیں بلکہ ان کے چچازاد کیساتھ پیش آیا۔ ذیل میں دیئے گئے روایت کے عکس میں دیکھیں۔

فَقَالَ ((إِنَّ بَنِي عَمٍّ لِتَمِيمٍ الدَّارِيِّ رَكِبُوا فِي الْبَحْرِ)) وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَزَادَ فِيهِ قَالَتْ

آپ منبر پر خطبہ پڑھتے تھے تو فرمایا کہ تمیم داری کے چچازاد بھائی سمندر میں سوار ہوئے۔ پھر بیان کیا وہی قصہ جو گزرا اس میں اتنا زیادہ ہے

تیسرے مقام پر نہ تمیم داریؓ کا ذکر ہے اور نہ ہی ان کے چچازاد کا بلکہ اس کے برعکس یہ ہے کہ یہ واقعہ ان کی قوم کے کچھ لوگوں کیساتھ پیش آیا۔ ذیل میں دیئے گئے روایت کے عکس میں دیکھا جا سکتا ہے۔

تَمِيمٌ الدَّارِيُّ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ كَانُوا فِي الْبَحْرِ

بیان کیا تمیم داری نے کہ ان کی قوم کے لوگ سمندر میں تھے ایک

چوتھے مقام پر یوں مذکور ہے کہ پہلے رسول اللہ ﷺ کہتے ہیں کہ تمیم داری میرے پاس آئے مجھے خبر دی اور ساتھ ہی آگے یہ بھی آ جاتا ہے کہ مجھے خبر دی تمیم داری کے چچازاد نے۔ جیسے کہ ذیل میں روایت کے عکس میں واضح نظر آ رہا ہے۔

يَنْفَعُكُمْ، لِرَغْبَةٍ وَلَا لِرَهْبَةٍ. وَلَٰكِنَّ تَمِيمًا الدَّارِيَّ أَتَانِي فَأَخْبَرَنِي خَبَرًا مَنَعَنِي الْقَيْلُولَةَ، مِنَ الْفَرَحِ وَقُرَّةِ الْعَيْنِ. فَأَحْبَبْتُ أَنْ أَنْشُرَ عَلَيْكُمْ فَرَحَ نَبِيِّكُمْ. أَلَا إِنَّ ابْنَ عَمٍّ لِتَمِيمٍ الدَّارِيِّ أَخْبَرَنِي أَنَّ الرِّيحَ أَلْجَأَتْهُمْ إِلَىٰ جَزِيرَةٍ لَا يَعْرِفُونَهَا. فَقَعَدُوا فِي قَوَارِبِ السَّفِينَةِ. فَخَرَجُوا فِيهَا. فَإِذَا

میرے پاس تمیم داری آئے اور مجھے ایک خبر دی جس سے مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ مجھے دوپہر کو خوشی اور آنکھوں کی ٹھنڈک کی وجہ سے نیند نہیں آئی' اس لیے میں نے چاہا کہ تمھارے نبی کی خوشی سے تم سب کو آگاہ کر دوں۔ مجھے تمیم داری کے ایک چچا زاد نے بتایا کہ (سمندری سفر کے دوران میں) بادِ مخالف انھیں ایک غیر معروف جزیرے تک لے گئی۔ وہ جہاز کی کشتیوں میں

اب یہاں بھی سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا تمیم داریؓ نے خبر دی یا پھر ان کے چچازاد نے؟ اب یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس تمیم داری آئیں اور وہ خبر دیں پھر رسول اللہ ﷺ یہ کہیں کہ یہ خبر تمیم داری کے چچازاد نے دی؟

پانچویں مقام پر نہ تمیم داری کا ذکر ہے نہ ہی ان کے چچا زاد اور نہ ہی ان کی قوم کا بلکہ نامعلوم لوگوں کا ذکر ہے کہ یہ واقعہ ان کے ساتھ پیش آیا۔ جیسا کہ ذیل میں روایت کے عکس میں دیکھا جا سکتا ہے۔

تَمِيمٌ الدَّارِيُّ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ كَانُوا فِي الْبَحْرِ فِي سَفِينَةٍ لَهُمْ فَانْكَسَرَتْ بِهِمْ فَرَكِبَ بَعْضُهُمْ

بیان کیا تمیم داری نے کہ ان کی قوم کے لوگ سمندر میں تھے ایک کشتی میں وہ کشتی ٹوٹ گئی۔ بعض لوگ ان میں کے ایک تختہ پر سوار

اب آپ ان پانچوں مقامات کو سامنے رکھیں تو سامنے آنے والے تضادات ایسے ہیں جو اس روایت کی صحت کو نہ صرف مشکوک بنا دیتے ہیں بلکہ ناقابل قبول بنا دیتے ہیں اور من گھڑت قرار دیتے ہیں۔ لیکن حیران کن بات یہ ہے کہ خود کو علماء کہلوانے والوں کی اکثریت نے عام عوام میں یہی پھیلایا ہوا ہے کہ یہ واقعہ تمیم داریؓ کیساتھ پیش آیا اور اس کا دوسرا رخ جو ابھی سامنے لایا جا رہا ہے اس کو سرے سے چھپا دیا جاتا ہے جو کہ بہت بڑا دھوکا ہے۔ آپ اپنی آنکھوں سے تمام مقامات کو سامنے رکھ کر فیصلہ کریں کہ کیا سب کو ہی صحیح تسلیم کیا جا سکتا ہے حالانکہ واقعہ تو صرف ایک ہی ہے۔ یہ بات اس روایت کی صحت کو غیر معمولی مشکوک بنا دیتی ہے۔

سوال نمبر ۴۔ ایک مقام پر مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عشاء کی صلاۃ کے بعد یہ واقعہ بیان کیا۔ جیسا کہ ذیل میں روایت کے عکس میں دیکھا جا سکتا ہے۔

٤٣٢٥ - حَدَّثَنَا النُّفَيْلِيُّ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عن الزُّهْرِيِّ، عن أبي سَلَمَةَ، عن

۴۳۲۵- حضرت فاطمہ بنت قیس ؓ سے روایت ہے کہ ایک رات رسول اللہ ﷺ نے عشاء کی نماز میں تاخیر فرما دی۔ پھر تشریف لائے اور فرمایا: ''مجھے تمیم داری

لیکن دوسرے مقام پر عشاء کی صلاۃ کے برعکس ظہر کی صلاۃ کے بعد اس وقعہ کو بیان کرنے کا ذکر ہے۔ ذیل میں دیئے گئے روایت کے عکس میں واضح ہے۔

٤٣٢٧ - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صُدْرَانَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي

۴۳۲۷- حضرت فاطمہ بنت قیس ؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھائی پھر منبر پر تشریف

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب یہ بات بلکل مصدقہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک ہی بار یہ واقعہ بیان کیا تو پھر یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ اتنا اہم واقعہ انسان بھول جائے یا کوئی پریشانی ہو یاد رکھنے میں کہ کس وقت بیان کیا۔ اب یہ تو ممکن نہیں ہے کہ دونوں باتوں کو صحیح تسلیم کرلیا جائے اس لیے یہ بات بھی اس روایت کی صحت کو سخت مشکوک بنادیتی ہے۔ یہ بھی ایک ایسا تضاد ہے جس کا جواب دینا ناممکن ہے الا یہ کہ اس کی بنیاد پر روایت کو من گھڑت قرار دیا جائے اس کے علاوہ اس تضاد کو دور نہیں کیا جاسکتا اور نہ ہی کوئی تسلی بخش جواب دیا جاسکتا ہے۔

سوال نمبر۵۔ ایک مقام پر یہ ہے کہ مخالف ہوا کی سمت سے سمندری لہروں میں ایک مہینہ تک گھرے رہے اور بالآخر ایک جزیرے پر ان کا جہاز جالگا اور وہ چھوٹی کشتیوں میں سوار ہوکر جزیرے میں گئے۔ جیسا کہ روایات کے دیئے گئے عکس میں دیکھا جاسکتا ہے۔

حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي كُنْتُ أُحَدِّثُكُمْ عَنْ مَسِيحِ الدَّجَّالِ حَدَّثَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامَ فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ ثُمَّ أَرْفَئُوا إِلَى جَزِيرَةٍ

سے تھے۔ سوان سے ایک مہینہ بھر لہر کھیلا سمندر میں (یعنی شدت موج سے جہاز تباہ رہا)۔ پھر وہ لوگ جالگے سمندر میں ایک ٹاپو کی طرف سورج ڈوبتے۔ پھر جہاز سے پلوار (یعنی چھوٹی کشتی) میں بیٹھے اور ٹاپو میں داخل ہوئے۔ وہاں ان کو ایک جانور بھاری دم بہت

حَدِيثًا وَافَقَ الَّذِي حَدَّثْتُكُمْ عَنِ الدَّجَالِ، حدَّثَنِي أَنَّهُ رَكِبَ فِي سَفِينَةٍ بَحْرِيَّةٍ مَعَ ثَلَاثِينَ رَجُلًا مِنْ لَخْمٍ وَجُذَامٍ، فَلَعِبَ بِهِمُ الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ وَأَرْفَئُوا إِلَى جَزِيرَةٍ

اس کے ساتھ قبیلہ لخم اور جذام کے تیس آدمی تھے۔ جہاز کو طوفانی موجوں نے آلیا جو انہیں ایک مہینہ تک پریشان کیے رہیں...... اور وہ سورج غروب ہونے کے وقت ایک جزیرے کے پاس پہنچے اور ایک چھوٹی کشتی

عَمٌّ لِتَمِيمِ الدَّارِيِّ أَخْبَرَنِي أَنَّ الرِّيحَ أَلْجَأَتْهُمْ إِلَى جَزِيرَةٍ لَا يَعْرِفُونَهَا. فَقَعَدُوا فِي قَوَارِبِ السَّفِينَةِ. فَخَرَجُوا فِيهَا. فَإِذَا هُمْ بِشَيْءٍ أَهْدَبَ، أَسْوَدَ. قَالُوا لَهُ: مَا

دوں۔ مجھے تمیم داری کے ایک چچا زاد نے بتایا کہ (سمندری سفر کے دوران میں) بادِ مخالف انھیں ایک غیر معروف جزیرے تک لے گئی۔ وہ جہاز کی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرے میں پہنچے۔ انھیں بڑی بڑی پلکوں والی

اس کے برعکس دوسرے مقام پر مسند احمد کی روایت میں ہے کہ اچانک طوفان آ گیا اوران کا جہاز ایک جزیرے پر جالگا۔ جیسا کہ روایت کے دیئے گئے عکس میں دیکھا جاسکتا ہے۔

اچانک سمندر میں طوفان آ گیا، وہ سمندر میں ایک نامعلوم جزیرہ کی طرف پہنچے

اس کے برعکس تیسرے مقام پر یہ مذکور ہے کہ جہاز میں سوار لوگوں کا کھانا ختم ہوگیا اور وہ کھانے کی تلاش میں خود جزیرے پر گئے۔ جیسا کہ ذیل میں روایت کے عکس میں واضح ہے۔

٤٣٢٨- حَدَّثَنا وَاصِلُ بنُ عَبْدِ الأعْلَى: حَدَّثَنا ابنُ فُضَيْلٍ عن الْوَلِيدِ بنِ عَبْدِ اللهِ بنِ جُمَيْعٍ، عن أبِي سَلَمَةَ بنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عن جَابِرٍ قالَ: قالَ رَسُولُ اللهِ

۴۳۲۸-حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک روز منبر پر کھڑے ہو کر فرمایا: "کچھ لوگ سمندر میں جارہے تھے کہ ان کا کھانا ختم ہو گیا' تو انہیں ایک جزیرہ دکھائی دیا۔ وہ روٹی کی تلاش میں اسی میں

چوتھے مقام پر اس کے برعکس پانی کا ذکر ہے کہ پانی ختم ہوگیا اور پانی کی تلاش میں جزیرے میں گئے۔ جیسا کہ ذیل میں روایت کے عکس میں واضح ہے۔

رَسُولَ اللهِ ﷺ أنَّهُ رَكِبَ الْبَحْرَ فَتَاهَتْ بِهِ سَفِينَتُهُ فَسَقَطَ إلَى جَزِيرَةٍ فَخَرَجَ إلَيْهَا يَلْتَمِسُ

سوار ہوئے تھے ان کا جہاز راہ سے ہٹ گیا اور ایک جزیرہ سے جالگا۔ وہ اس کے اندر گئے پانی کی تلاش میں۔ وہاں ایک آدمی دیکھا

چھٹے مقام پر یہ مذکو ہے کہ ان کا جہاز ٹوٹ گیا یعنی تباہ ہوگیا اور وہ لوگ جہاز کے تختے پر سوار ہو کر ایک جزیرے پر جالگے۔ جیسا کہ ذیل میں دیئے گئے روایت کے عکس میں واضح ہے۔

تَمِيمٌ الدَّارِيُّ أنَّ أنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ كَانُوا فِي الْبَحْرِ فِي سَفِينَةٍ لَهُمْ فَانْكَسَرَتْ بِهِمْ فَرَكِبَ بَعْضُهُمْ عَلَى لَوْحٍ مِنْ ألْوَاحِ السَّفِينَةِ فَخَرَجُوا إلَى

بیان کیا تمیم داری نے کہ ان کی قوم کے لوگ سمندر میں تھے ایک کشتی میں وہ کشتی ٹوٹ گئی۔ بعض لوگ ان میں کے ایک تختہ پر سوار ہو رہے اور ایک جزیرہ میں گئے۔ پھر بیان کیا حدیث کو اسی طرح

امام ابودواد نے تو اپنی مسند ابوداود میں یہاں تک لکھا ہے کہ ان میں سے صرف ایک ہی زندہ بچا باقی سب غرق ہوگئے اور جو زندہ بچا اس میں تمیم داری کا نام نہیں بلکہ کسی اور کا نام ہے۔ جیسا کہ ذیل میں امام ابوداود کے الفاظ کو دیئے گئے روایت کے عکس میں دیکھا جاسکتا ہے۔

قَالَ أَبُو دَاوُدَ: ابنُ صُدْرَانَ بَصْرِيٌّ غَرِقَ فِي الْبَحْرِ مَعَ ابنِ مِسْوَرٍ لَمْ يَسْلَمْ مِنْهُمْ غَيْرُهُ.

امام ابوداود رحمہ اللہ کہتے ہیں: ابن صدران بصری ہیں جو ابن مسور کے ساتھ سمندر میں ڈوب گئے تھے اور اس کے علاوہ اور کوئی محفوظ نہیں رہا تھا۔

اب میرا سوال یہ ہے کہ ان میں سے کون سی بات کو سچ مان لیا جائے اور باقی سب کو رد کردیا جائے؟ اتنے بڑے اور غیر معمولی تضادات اس روایت کو من گھڑت قرار دینے کے لیے کافی ہیں اور یہ ایسے سوالات ہیں جن کا جواب دینا ناممکن ہے۔
اور پھر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب ان کا جہاز تباہ ہوگیا تو وہ لوگ واپس کیسے آئے؟
امام ابوداود کے مطابق ان میں صرف ایک ہی شخص زندہ بچا باقی سب غرق ہوگئے تو پھر یہ سب رسول اللہ ﷺ نے بیان کیوں نہ کیا؟ وہ شخص وہاں سے واپس کیسے آگیا؟ اس کی بجائے تمیم داری نے واقعہ کیوں سنایا نہ صرف تمیم داری کا ذکر آتا ہے بلکہ ان کے چچازاد کا بھی اور ان دونوں کے علاوہ غیر معلوم شخصیت کا بھی ذکر آتا ہے آخر یہ سب تضادات کہاں سے آ گئے؟

کہیں پر پانی کی تلاش میں جزیرے پر جانے کا ذکر کہیں پر روٹی کی تلاش میں، کہیں پر جہاز بھٹک کر خود ہی جالگا تو کہیں جہاز ہی تباہ ہوگیا آخر یہ تمام تر سوالات کے جوابات کیسے حاصل ہوسکتے ہیں۔ یہ ایسے سوالات ہیں جو اس روایت کو من گھڑت قرار دینے کے لیے کافی ہیں اور کوئی بھی اس کی مخالفت نہیں کرسکتا اگر کوئی مخالفت کرے گا تو اس کو ان تمام سوالات کے جوابات دینا لازم ہوں گے جو کہ ناممکن ہے۔

سوال نمبر۶۔ ایک مقام پر یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خود تمیم داریؓ سے یہ واقعہ سن کر بیان کیا لیکن دوسرے مقام پر اس کے برعکس یہ مذکور ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تمیم داریؓ کو سامنے نکالا اور تمیم داریؓ نے یہ واقعہ لوگوں کے سامنے بیان کیا۔ جیسا کہ ذیل میں روایات کے عکس میں دیکھا جاسکتا ہے۔

٧٣٨٩- عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ ﷺ قَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ: «أَيُّهَا النَّاسُ حَدَّثَنِي تَمِيمٌ الدَّارِيُّ أَنَّ أُنَاسًا مِنْ قَوْمِهِ كَانُوا فِي الْبَحْرِ

۷۳۸۹- فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم منبر پر بیٹھے اور فرمایا اے لوگو! مجھ سے بیان کیا تمیم داری نے کہ ان کی قوم کے لوگ سمندر میں تھے ایک

الْخُرُوجِ قَدْ وَطِئْتُ الْبِلَادَ كُلَّهَا غَيْرَ طَيْبَةَ فَأَخْرَجَهُ رَسُولُ اللهِ ﷺ إِلَى النَّاسِ فَحَدَّثَهُمْ

ہو آتا سوا طیبہ کے۔ پھر رسول اللہؐ نے تمیم کو لوگوں کے سامنے نکالا اس نے سارا قصہ بیان کیا۔ آپ نے فرمایا طیبہ یہی مدینہ ہے

اب یہاں بھی یہی سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان میں سے کس بات کو صحیح تسلیم کیا جائے؟ اور اگر دونوں میں سے ایک کا رد کیا جائے تو اس کی بنیاد کیا ہوگی؟ یہ کیسے ثابت ہوگا کہ جسے ترک کیا جارہا ہے وہی غلط ہے اور جو بات لی جارہی ہے وہ ہی ٹھیک ہے۔ یہ بھی تو ہوسکتا ہے نہ کہ دونوں ہی غلط ہوں؟ یہ سوال بھی اس روایت کی صحت کو مشکوک اور نا قابل اعتماد بنا دیتا ہے۔

سوال نمبر۷۔ روایات میں مذکور ہے جساسہ سے ملاقات ہوئی اور یہ کہا جاتا ہے کہ وہ ایک جانور تھا تو یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کہیں اسے جانور لکھا اور کہا جاتا ہے اور کہیں پر یہ کہا جاتا ہے کہ وہ ایک عورت تھی جس پر اتنی کثرت سے بال تھے کہ اس کے اگلے اور پچھلے حصے کا پتہ نہیں چلتا تھا۔ جیسا کہ ذیل میں روایات کے عکس میں دیکھا جاسکتا ہے۔

الْمَوْجُ شَهْرًا فِي الْبَحْرِ ثُمَّ أَرْفَئُوا إِلَى جَزِيرَةٍ فِي الْبَحْرِ حَتَّى مَغْرِبِ الشَّمْسِ فَجَلَسُوا فِي أَقْرُبِ السَّفِينَةِ فَدَخَلُوا الْجَزِيرَةَ فَلَقِيَتْهُمْ دَابَّةٌ أَهْلَبُ كَثِيرُ الشَّعَرِ لَا يَدْرُونَ مَا قُبُلُهُ مِنْ دُبُرِهِ

بیٹھے اور ٹاپو میں داخل ہوئے۔ وہاں ان کو ایک جانور بھاری دم بہت بالوں والا ملا کہ اس کا آگا پیچھا دریافت نہ ہوتا تھا بالوں کے ہجوم سے۔ تو لوگوں نے اس سے کہا اے کمبخت تو کیا چیز ہے؟ اس نے کہا میں جاسوس ہوں۔ لوگوں نے کہا جاسوس کیا؟ اس نے کہا اس

«إِنَّهُ حَبَسَنِي حَدِيثٌ كَانَ يُحَدِّثُنِيهِ تَمِيمٌ الدَّارِيُّ عَنْ رَجُلٍ كَانَ فِي جَزِيرَةٍ مِنْ جَزَائِرِ الْبَحْرِ: فَإِذَا أَنَا بِامْرَأَةٍ تَجُرُّ

تھا' اور میں نے ایک عورت کو دیکھا جو اپنے بال کھینچ رہی تھی۔ پوچھا کہ تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں ''جساسہ'' ہوں' اس محل میں چلے جاؤ' میں وہاں گیا تو اس میں ایک

ﷺ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الْمِنْبَرِ: «إِنَّهُ بَيْنَمَا أُنَاسٌ يَسِيرُونَ فِي الْبَحْرِ فَنَفِدَ طَعَامُهُمْ فَرُفِعَتْ لَهُمْ جَزِيرَةٌ، فَخَرَجُوا يُرِيدُونَ الْخُبْزَ فَلَقِيَتْهُمُ الْجَسَّاسَةُ» - فَقُلْتُ لأَبِي سَلَمَةَ: وَمَا الْجَسَّاسَةُ؟ قَالَ: امْرَأَةٌ تَجُرُّ شَعْرَ

چلے گئے تو جساسہ سے ان کی ملاقات ہوگئی۔" ولید بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے ابوسلمہ سے پوچھا: جساسہ کیا ہے؟ تو اس نے کہا: ایک عورت ہے جو اپنے جسم اور سر کے بال کھینچ رہی تھی۔ اس نے کہا...... اس محل میں...... اور حدیث بیان کی۔ اور (محل والے آدمی نے) ان سے

تو کیا وہ جانور تھا یا ایک عورت؟

اگر جانور تھا تو اس جانور نے ان سے کس زبان میں اور کیسے بات کی؟ وہ لوگ عرب تھے تو ظاہر ہے ان کی زبان عربی تھی تو اس جانور نے ان کیساتھ عربی زبان میں اتنی روانی سے بات کیسے کی؟

اور اگر وہ جانور نہیں تھا بلکہ عورت تھی تو وہ عورت وہاں کہاں سے آ گئی اور پھر وہ کیسی عورت تھی جس پر بالوں کی اتنی کثرت تھی کہ نہ ہی اس کا اگلا اور نہ ہی پچھلے حصے کا پتہ چلتا تھا؟ کیا کوئی انسان ایسا ہوسکتا ہے؟ اور اس عورت نے ان سے کس زبان میں بات کی؟ اگر عربی میں بات کی تو وہ عورت عربی کیسے جانتی تھی؟

سوال نمبر ۸۔ پھر ایک مقام پر ہے کہ انہوں نے جساسہ پر سلام بھیجا اور اس نے ان کے سلام کا واپس جواب بھی دیا لیکن اس کے برعکس دوسرے مقام پر ملتا ہے کہ انہوں نے کہا کہ تیرے لیے ویل ہو جس کے معنی ہلاکت کے کیے جاتے ہیں حالانکہ ویل جہنم کی گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی ہے۔ ان دونوں مقامات کو واضح طور پر روایات کے دیئے گئے عکس میں دیکھا جاسکتا ہے۔

سَفِينَةٍ حَتَّى خَرَجُوا إِلَى الْجَزِيرَةِ فَإِذَا هُمْ بِشَيْءٍ أَهْلَبَ كَثِيرِ الشَّعْرِ لَا يَدْرُونَ أَرَجُلٌ هُوَ أَوِ امْرَأَةٌ فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيْهِمُ السَّلَامَ فَقَالُوا: أَلَا تُخْبِرُنَا فَقَالَ مَا أَنَا بِمُخْبِرِكُمْ وَلَا مُسْتَخْبِرِكُمْ وَلَكِنَّ هَذَا الدَّيْرَ قَدْ

چھوٹی چھوٹی کشتیوں میں بیٹھ کر جزیرہ کے اندر داخل ہوئے تو انہیں وہاں ایک جانور ملا جو موٹے اور گھنے بالوں والا تھا، انہیں سمجھ نہ آئی کہ وہ مرد ہے یا عورت انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب دیا، انہوں نے کہا تو کون ہے؟ اس نے کہا: اے

أَهْلَبُ كَثِيرَةُ الشَّعْرِ. قَالُوا: وَيْلَكِ مَا أَنْتِ؟ قَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، انْطَلِقُوا إِلَى

انہوں نے کہا: کم بخت! تو کون ہے؟ اس نے کہا: میں جساسہ ہوں۔ اس گرجے میں ایک آدمی ہے اس کے

یہ بھی ایک غیر معمولی تضاد ہے اگر تو جساسہ جہنمی تھا تو انہوں نے اس پر سلام کیسے بھیجا اور اور اگر وہ جنتی تھا تو انہوں نے اس کے لیے ویل کیوں کہا؟ یہ غیر معمولی تضاد بھی اس روایت کو مشکوک اور نا قابل تسلیم بنا دیتا ہے۔ اور اس کا جواب بھی دینا ایسے لوگوں کے لیے ناممکن ہے جو محض اپنی ضد اور انا کی خاطر اپنے باطل نظریات کو کھوکھلی بنیاد فراہم کرنے کی خاطر اس روایت کو سینے سے لگائے پھرتے ہیں چاہے ان کے اس فعل سے ساری انسانیت گمراہ ہو جائے انہیں اس کی کوئی پرواہ نہیں بلکہ ان کو اپنی انا، ضد، ہٹ دھرمی اور باطل عقائد ہی سب سے بڑھ کر عزیز ہیں۔

سوال نمبر ۹۔ ایک مقام پر یہ ہے کہ جب وہ الدیر میں داخل ہوئے تو انہوں نے دجال پر سلام بھیجا اور اس نے واپس ان پر سلام بھیجا لیکن دوسرے مقام پر اس کے برعکس اس پر ویل بھیجی گئی یعنی جہنمی قرار دیا گیا۔ جیسا کہ ذیل میں روایات کے عکس میں دیکھا جا سکتا ہے۔

فَانطَلَقُوا حَتّٰى أَتَوُا الدَّيْرَ فَإِذَا هُمْ بِرَجُلٍ مُوثَقٍ شَدِيدِ الْوَثَاقِ مُظْهِرِ الْحُزْنِ كَثِيرِ التَّشَكِّي فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيْهِمْ فَقَالَ مَنْ أَنْتُمْ قَالُوا مِنَ الْعَرَبِ قَالَ مَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ أَخَرَجَ نَبِيُّهُمْ بَعْدُ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَمَا فَعَلَتْ

کے ساتھ بندھا ہوا تھا وہ انتہائی غمگین اور بہت زیادہ شکایت کرنے والا تھا، انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب اور پوچھا

رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً قَالَ فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا حَتّٰى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ مَا بَيْنَ رُكْبَتَيْهِ إِلَى كَعْبَيْهِ بِالْحَدِيدِ قُلْنَا وَيْلَكَ مَا أَنْتَ قَالَ قَدْ

آدمی ہے کہ ہم نے اتنا بڑا آدمی اور ویسا سخت جکڑا ہوا کبھی نہیں دیکھا۔ جکڑے ہوئے ہیں اس کے دونوں ہاتھ گردن کے ساتھ درمیان دونوں زانو کے دونوں ٹخنوں تک لوہے سے۔ ہم نے کہا اے کمبخت تو کیا چیز ہے؟ اس نے کہا تم قابو پا گئے میری خبر پر (یعنی میرا حال تو تم کو اب معلوم ہو جائے گا) تم اپنا حال بتاؤ کہ تم کون ہو؟

سوال نمبر ۱۰۔ روایات میں ایک مقام پر الدیر کا لفظ آیا ہے کہ اس الدیر میں داخل ہو جاؤ تو وہیں دوسرے مقام پر الدیر کی بجائے قصر کا لفظ آیا ہے۔ جیسا کہ روایات کے عکس میں دیکھا جا سکتا ہے۔

هَذَا الرَّجُلِ فِي الدَّيْرِ

، إِلَى ذَلِكَ الْقَصْرِ .

دونوں الفاظ کے معنوں میں زمین آسمان کا فرق ہے قصر کہتے ہیں محل کو اور الدیر کے معنی آگے آئیں گے تفصیل کیساتھ۔ یہاں بھی یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان دونوں میں سے ایک ہی صحیح ہو سکتا ہے اور وہ کون سا مقام صحیح سمجھا جائے؟ اور ایک کو صحیح اور دوسرے کو غلط ثابت کرنے کے لیے کن دلائل کا سہارا لیا جائے گا کہ جس سے انسان کو تسلی ہو جائے کہ یہی صحیح ہے۔ یہ بھی ایسا تضاد ہے جو اس روایت کی صحت کو مشکوک بنا دیتا ہے۔

سوال نمبر ۱۱۔ ایک مقام پر دجال کو دیو قامت اور بڑی جسامت والا انسان قرار دیا جاتا ہے جو لوہے کی زنجیروں میں مضبوطی سے جکڑا ہوا تھا تو وہیں دوسری طرف اسے کمزور، غمگین یعنی اپنے کیے پر پچھتانے والا، کراہتا ہوا قابل ترس قرار دیا جاتا ہے۔ جیسا کہ روایات کے عکس میں دیکھا جا سکتا ہے۔

إِلَى خَبَرِكُمْ بِالْأَشْوَاقِ قَالَ لَمَّا سَمَّتْ لَنَا رَجُلًا فَرِقْنَا مِنْهَا أَنْ تَكُونَ شَيْطَانَةً قَالَ فَانْطَلَقْنَا سِرَاعًا حَتَّى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ

یہاں تک کہ دیر میں داخل ہوئے۔ دیکھا تو وہاں ایک بڑے قد کا آدمی ہے کہ ہم نے اتنا بڑا آدمی اور ویسا سخت جکڑا ہوا کبھی نہیں دیکھا۔ جکڑے ہوئے ہیں اس کے دونوں ہاتھ گردن کے ساتھ

سِرَاعًا حَتَّى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَسَأَلَهُمْ عَنْ نَخْلِ بَيْسَانَ وَعَنْ عَيْنِ زُغَرَ

گرجے میں داخل ہوئے تو ایک بہت بڑا انسان دیکھا، اس قدر بڑا انسان ہم نے کبھی نہیں دیکھا تھا جسے بڑی سختی سے باندھا گیا تھا اور اس کے ہاتھ گردن کے ساتھ بندھے ہوئے تھے......" اور حدیث بیان کی...... اس

الْوَثَاقِ. يُظْهِرُ الْحُزْنَ. شَدِيدِ التَّشَكِّي. فَقَالَ لَهُمْ: مِنْ أَيْنَ؟ قَالُوا: مِنَ الشَّامِ. قَالَ: مَا فَعَلَتِ الْعَرَبُ؟ قَالُوا: نَحْنُ قَوْمٌ مِنَ الْعَرَبِ. عَمَّ تَسْأَلُ؟ قَالَ: مَا فَعَلَ هَذَا

کچھ بتائے۔ وہ اس مندر میں گئے اور اس شخص کے پاس جا پہنچے دیکھا تو ایک بڑی عمر کا آدمی ہے جو خوب جکڑا ہوا ہے۔ اس سے بہت رنج و غم ظاہر ہو رہا ہے، بہت ہائے وائے کر رہا ہے۔ اس نے ان سے کہا: کہاں سے

ہو؟ اس نے بتایا کہ میں جساسہ ہوں، چنانچہ وہ چلے یہاں تک کہ گرجے میں داخل ہو گئے، وہاں ایک انسان تھا جسے انتہائی سختی کے ساتھ بندھا ہوا تھا وہ انتہائی غمگین اور بہت زیادہ شکایت کرنے والا تھا، انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب اور پوچھا

یہ بھی ایک غیر معمولی تضاد ہے جس کا جواب دینا ایسے لوگوں کے بس سے باہر ہے لیکن یہ علمائے دجال ایک رخ کو سرے سے چھپا دیتے ہیں اور صرف دوسرے رخ کو ہی سامنے لاتے ہیں کہ وہ ایک بہت بڑا دیو قامت انسان تھا۔اس کی حقیقت کیا ہے آگے اس کی کھل کر وضاحت ہو جائے گی لیکن یہ لوگ ایسا اس لیے کرتے ہیں کیونکہ ان کو علم ہے اگر اس کے کمزور ہونے اور کراہنے والی بات کو سامنے لایا جائے گا تو پھر جو انہوں نے اس سے ایسی باتیں منسوب کی ہوئی ہے کہ وہ بڑے بڑے کام کرے گا جو اللہ کے کرنے والے ہیں تو وہ کیسے کر سکتا ہے جو خود قابل ترس ہے۔ جو اپنی حالت کو ٹھیک نہیں کر سکتا قابل ترس ہے وہ رب ہونے کا دعویٰ کیسے کر سکتا ہے۔ یوں اس سوال کا جواب یہ لوگ قیامت تک نہ دے سکتے تو سب سے بہتر انہیں یہی لگا کہ اس بات کو ہی چھپا دو۔ کیونکہ انہیں علم ہے کہ عام عوام ان کی محتاج ہے وہ نہ ہی خود سے غور و فکر کرے گی اور نہ ہی ان کا یہ پول کھلے گا اس لیے جتنا جی چاہے دھوکا دو کوئی پوچھنے والا نہیں بلکہ الٹا لوگ تعریفیں ہی کریں گے کہ کتنے بڑے بڑے علماء ہیں جو دین کی خدمت کر رہے ہیں۔

سوال نمبر ۱۲۔قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے صراحت کیساتھ واضح کر دیا کہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے الرحمٰن ہونے کے ناطے ہر انسان کے لیے ایک ہزار سال کی مدت کا تعین کر دیا یعنی کوئی بھی انسان زیادہ سے زیادہ ہزار سال زندہ رہ سکتا ہے اس بات کی قرآن کی آیات کیساتھ وضاحت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام والے باب میں گزر چکی ہے۔جب کوئی بھی انسان ہزار سال سے زیادہ عمر نہیں پا سکتا یعنی اپنی پیدائش سے اپنی وفات تک ہزار سال سے زیادہ مدت نہیں پا سکتا تو سوال یہ پیدا ہے کہ اگر دجال انسان ہے تو اس کی عمر ہزار سال سے زیادہ کیسے ہوگئی؟ ایک طرف اللہ کہتا ہے کہ وہ اپنی سنت کے خلاف نہیں کرتا اپنے قانون کے خلاف نہیں کرتا، اللہ الرحمٰن ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ اللہ اپنے ہی قانون اور سنت کے خلاف کرے اور اپنے الرحمٰن ہونے کی ہی نفی کر دے؟

اگر وہ وہاں ایک جزیرے پر قید تھا تو اسے قید کس نے کب اور کیوں کیا؟ اگر یہ سب ایسا ہی تھا تو کیا اصحاب رسول کے اذہان میں یہ غیر معمولی سوالات پیدا نہ ہوئے؟ کیا انہوں نے اللہ کے نبی محمد ﷺ سے ایسے سوالات نہ کیے کہ یا رسول اللہ ﷺ اس کو قید کب کیا گیا؟ کس نے قید کیا؟ اور کیوں قید کیا اسے قتل ہی کیوں نہ کر دیا کیونکہ جس نے قید کیا اسے اس کی حقیقت کا علم تھا تو قید کیا نا۔اور پھر جب کہ وہ وہاں قید تھا تو اصحاب رسول ابن صیاد کے دجال ہونے پر قسمیں کیوں کھاتے تھے؟ ابن صیاد تو یثرب میں ہی پیدا ہوا تھا اور انہیں کے سامنے پلا بڑا کیا انہیں یہ علم نہیں تھا کہ دجال تو یک جزیرے میں پہلے سے قید ہے اور دجال تو مدینہ اور مکہ میں داخل نہیں ہو سکتا لیکن ابن صیاد مدینہ میں پیدا ہوا وہیں اس کی موت ہوئی اور مکہ بھی آتا جاتا رہا۔

سوال نمبر ۱۳ ۔ جب یہ واقعہ مدینہ کا ہے اور ایک ایسے موقعہ کا ہے جب مدینہ کے تقریباً تمام انصار و مہاجرین موجود تھے تو کیا صرف فاطمہ بنت قیس ہی ایسی تھیں کہ جن کو یہ روایت یاد رہی؟ حالانکہ یہ تو ایک ایسا واقعہ تھا جو نہایت عجیب وغریب تھا اور اس کو کبار اصحاب رسول کو ضرور بیان کرنا چاہیے تھا لیکن ہمیں ایسا کچھ نہیں ملتا آخر اس کی کیا وجہ ہے؟

سوال نمبر ۱۴۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب جساسہ دجال کے لیے جاسوسی کرتا تھا جس سے ثابت ہوتا ہے کہ دجال خبروں کے لیے جساسہ کا محتاج تھا تو پھر دجال نے جو سوالات کیے وہ تمام کی تمام خبریں جن کا تعلق قطعی غیب سے تھا ان کا علم اسے کس طرح ہو گیا؟ کیا دجال غیب کا علم رکھتا ہے؟ جیسا کہ ایسے نظریات سے تو بلکل واضح ہوتا ہے کہ ایسے تمام کے تمام لوگوں کے نزدیک دجال غیب کا بھی علم رکھتا ہے تو دوسری طرف انہی لوگوں کا عقیدہ ہے کہ غیب کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں تو پھر دجال جب کہ ایک انسان ہے اسے غیب کا علم کہاں سے ہو گیا؟ قرآن میں تو اللہ سبحان وتعالیٰ نے واضح کر دیا کہ اللہ صرف اپنے چنیدہ رسولوں پر غیب میں سے کچھ ظاہر کرتا ہے تو کیا دجال اللہ کا رسول ٹھہرا؟

سوال نمبر ۱۵۔ جب دجال کو سب علم ہے کہ وہ رب نہیں رب اللہ ہی ہے۔ اور اس کا انجام کیا ہے تو اس کے باوجود وہ رب ہونے کا دعویٰ کیسے کر سکتا ہے؟

سوال نمبر ۱۶۔ جب دجال کو یہ بھی پہلے سے علم ہے کہ اسے مدینہ میں داخل ہونے نہیں دیا جائے گا مدینہ کے ہر رستے پر ملائکہ معمور ہوں گے تو علم ہونے کے باوجود دجال مدینہ جانے کی کوشش کیوں کرے گا؟

سوال نمبر ۱۷۔ جساسہ نے اس جزیرے پر موجود محل میں جانے کو کہا جس میں دجال قید تھا۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا اب کسی جزیرے پر تعمیر شدہ محل موجود ہے؟ اور پھر یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ اللہ نے اس محل کو دنیا کے انسانوں سے چھپا کر رکھا ہے کیونکہ اصل بات تو یہ سامنے آتی ہے کہ اس جزیرے تک کسی کی رسائی نہیں اور اگر کسی کی رسائی ہو جائے تو وہ نہ صرف اس محل کو دیکھ سکتا ہے بلکہ اس میں داخل بھی ہو سکتا ہے جیسے وہ لوگ جو اس جہاز میں سوار تھے اور اس جزیرے تک پہنچ گئے۔ اور آج زمین کا ایک ایک انچ ایسا ہے کہ انسان کی نظروں کے سامنے ہے اوپر سیٹیلائیٹ گھوم رہی ہے جو پل پل پوری زمین کے انگ انگ کی تصاویر بنا رہی ہے اور اسی سیٹیلائیٹ کے بنائے ہوئے نقشے کو نہ صرف ہم آج دیکھتے استعمال کرتے ہیں بلکہ یہ

دنیا کا واحد مصدقہ ترین نقشہ ہے جسے گوگل ارتھ کا نام یا جاتا ہے۔ سمندروں میں کوئی چھوٹے سے چھوٹا بھی جزیرہ ایسا نہیں ہے جس پر آج انسان جا نہ چکا ہو۔اس کے باوجود نہ ہی کوئی ایسا محل کہیں ملتا ہے اور نہ ہی کوئی ایسا شخص اور نہ ہی کوئی ایسا جانور جسے جساسہ کا نام دیا گیا۔تو آخر ایسا کیوں؟

آخر وہ جزیرہ آج کہاں گیا؟ وہ محل کہاں گیا؟اور اس میں قید دجال کہاں گیا؟

آج جب کوئی ایسا محل کہیں موجود ہی نہیں اور اگر تھا تو پھر بغیر کسی شک وشبے کے ظاہر ہے محل تباہ ہو چکا اور دجال نہ جانے کب کا آزار ہو چکا۔اور پھر حقیقت اگر یہی ہے تو پھر وہ دجال کہاں گیا؟ وہ دجال تو پھر آکر بھی جا چکا تو پھر کس دجال کا آج بھی انتظار کیا جا رہا ہے؟ اس روایت کی بنیاد پر دجال کو انسان ثابت کرنے اور انسان ہونے کا عقیدہ رکھے والوں کی بھی حقیقت کھل کر آشکار ہو جاتی ہے کہ وہ محض نہ صرف خود کو دھوکے میں مبتلا کیے ہوئے ہیں بلکہ اکثریت کو بھی اسی دھوکے میں مبتلا کر کے ان کی دنیا و آخرت تباہ کر رہے ہیں۔

اس روایت پر مزید کئی سوالات پیدا ہوتے ہیں اور اعتراضات سامنے آتے ہیں جن کی تعداد بہت زیادہ ہے لیکن ہم صرف انہی سوالات پر ہی اکتفاء کرتے ہیں۔ یہ ایسے اعتراضات ہیں ان کو دور کرنا ناممکن ہے۔روایت کی صحت کو کوئی ایک ہی اعتراض مشکوک بنا دیتا ہے لیکن اس میں تو درجنوں لاجواب اعتراضات ہیں تو یہ روایت کیسے قابل تسلیم کہی جاسکتی ہے یا تسلیم کی جاسکتی ہے؟ ان اعتراضات کی روشنی میں اس روایت کی اہمیت بلکل صفر ہو جاتی ہے لیکن اس کے باوجود ہم اس روایت کی اصل حقیقت پر ضرور روشنی ڈالیں گے تا کہ حق کھل کر واضح ہو جائے اور کسی کے پاس کوئی عذر،شک یا شبہ وغیرہ نہ رہے۔

جن جن کتب میں یہ روایت بیان کی گئی ہے جب ان تمام مقامات کو سامنے رکھا جائے اور اگر اللہ سبحان وتعالیٰ کی طرف سے خالص علم حاصل ہو تو اس کو سمجھنے میں رائی برابر بھی مشکل پیش نہیں آتی لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ ہم اللہ سبحان وتعالیٰ سے رجوع کرنے کی بجائے اپنی خواہشات کی تکمیل میں ساری محنت ضائع کرتے ہیں۔ہم حق کی تلاش کی بجائے جو ہمارے اپنے نظریات ہوتے ہیں ہمیں علم ہوتا ہے کہ یہ باطل نظریات ہیں اس کے باوجود ہم اپنے باطل نظریات کو ہی حق ثابت کرنے اور دوسروں پر زبردستی مسلط کرنے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ایسا واقعہ ضرور پیش آیا البتہ وہ کس کیساتھ پیش آیا یہ الگ بحث ہے لیکن جب غور کیا جائے تو یہ واقعہ تمیم داریؓ کیساتھ ہی پیش آیا نہ کہ ان کے علاوہ کسی اور کیساتھ۔ پیچھے کتاب میں ذالقرنین علیہ السلام جو کہ سلیمان علیہ السلام تھے کا ذکر

تفصیل سے گزر چکا ہے جس میں ہم نے دیکھا تھا کہ اللہ سبحان وتعالیٰ نے قرآن میں واضح بتا دیا کہ ذالقرنین سلیمان علیہ السلام نے ایک نہیں بلکہ تین رکاوٹیں بنائیں تھیں۔ایک مغرب میں جسے برمیودہ ٹرائی اینگل کے نام سے جانا جاتا ہے، دوسری مشرق میں جسے شیطانی، اژدھا یا ڈریگن ٹرائی اینگل کے نام سے جانا جاتا ہے جوکہ جاپان کے سمندر میں واقع ہے۔ تیسری ان دو رکاوٹوں کے درمیان اس مقام پر جہاں دو چٹانیں کے درمیان ایک درہ تھا کو بند کیا تھا۔

مغرب اور مشرق والی سدین یعنی دو رکاوٹیں مادی نہیں تھیں بلکہ غیر مادی تھیں جن کو نحاس کہا گیا ہے نحاس بلکل ایسی ہی مقناطیسی قوت یا کشش کو کہتے ہیں جیسے مقناطیسی قوت زمین مسلسل پیدا کر رہی ہے جس مقناطیسی قوت کی وجہ سے نہ صرف ہر شئے زمین کی طرف کھنچی ہوئی ہے بلکہ اسی قوت کی وجہ سے زمین کے گرد سات مختلف تہوں پر مشتمل ایک حصار قائم ہے جنہیں زمین کے سات آسمان کہا جاتا ہے۔

زمین کی مقناطیسی قوت کا ایک نارتھ یعنی شمالی پول ہے اور ایک ساؤتھ یعنی جنوبی پول ہے۔زمین کی مقناطیسی قوت کے شمال اور جنوب پول کی وجہ سے کمپاس کی سوئی کا رخ شمال اور جنوب کی طرف رہتا ہے کیونکہ کمپاس میں موجود مقناطیسی ٹکڑا جس پر سوئی چپکی ہوتی ہے اس کو دونوں طرف سے زمین کی مقناطیسی قوت مخالف سمت دھکیلتی ہے جیسے مقناطیس کے دو ٹکڑوں کو ایک ہی سمت میں آمنے سامنے لایا جائے تو ایک دوسرے کو دور دھکیلتے ہیں بلکل اسی طرح کمپاس میں موجود مقناطیسی ٹکڑا کو دونوں طرف سے زمین کی مقناطیسی قوت مخالف سمت دھکیلتی ہے جس سے اس کا رخ شمال اور جنوب کی طرف ہو جاتا ہے اور سوئی وہیں ٹھہر جاتی ہے۔لیکن اگر کمپاس کسی ایسی جگہ پر رکھا جائے جہاں زمین کی مقناطیسی قوت کے علاوہ ایک اور مقناطیسی قوت موجود ہو اور اس کا رخ زمین کی مقناطیسی قوت کے متضاد ہو یعنی اس کا مشرق اور مغرب پول ہو تو کمپاس کی سوئی کسی ایک جگہ پر نہیں ٹھہرے گی بلکہ وہ تھرتھرانا شروع کر دے گی۔

اب تصور کیجئے کہ آپ کے پاس ایسی مقناطیسی قوت پیدا کرنے کی صلاحیت ہو اور آپ ایسی مقناطیسی قوت یعنی نحاس خلق کریں جس کا ایک پول مشرق اور دوسرا مغرب کی سمت ہو یعنی زمین کے پولز کے متضاد ہو تو زمین کی مقناطیسی قوت اور آپ کی خلق کردہ مقناطیسی قوت کے عین وسط میں اگر کوئی انسان پہنچ جائے یا کوئی بھی شئے پہنچ جائے تو وہ شئے وقت کی قید سے آزاد ہو جائے گی اس کے لیے ماضی، حال، مستقبل ختم ہو جائے گا۔اگر آپ اس نقطے پر پہنچ جائیں تو آپ وقت کی قید سے آزاد ہو جائیں گے اور آپ ماضی، حال یا مستقبل کو جاگتے ہوئے ایسے دیکھ سکیں گے جیسے انسان رات کو خواب میں کچھ دیکھتا ہے۔اس شئے کو اگر کوئی نام دیا جا سکتا ہے تو اسے براق یا پھر ٹائم مشین کا نام دیا جا سکتا ہے جس کے ذریعے محمد رسول اللہ ﷺ کو معراج کروایا گیا۔معراج یہی تھا کہ رسول اللہ ﷺ کو وقت کی قید سے آزاد کر دیا گیا رسول اللہ ﷺ کو نہ صرف اس بشری وجود کا

شعور حاصل تھا بلکہ انسان کی جو اصل حقیقت ہے اللہ سبحان وتعالیٰ نے اس حقیقت کا بھی شعور دے دیا تھا۔ یعنی محمد رسول اللہ ﷺ کو دو شعور حاصل تھے اگر وہ ماضی میں کسی واقعے کا ذکر کرنا چاہتے تو بلکل ایسے اپنی آنکھوں سے دیکھ کر بتاتے جیسے آپ کے دو وجود ہیں اور آپ دوسرے وجود سے وہاں موجود ہیں۔ یعنی بلکل ایسے جاگتے ہوئے دیکھتے تھے جیسے انسان رات کو خواب میں دیکھ رہا ہوتا ہے خواب کا معاملہ تو یہ ہوتا ہے کہ اس وقت آپ کے وجود تو دو ہوتے ہیں ان میں ایک خواب والا جو عارضی اور دوسرا جو اصل ہوتا ہے خواب کے لحاظ سے وہ بستر پر موجود ہوتا ہے جس کا اس وقت آپ کو شعور نہیں ہوتا۔ تو اگر ایسا ہو کہ آپ خواب بھی دیکھ رہے ہوں اور اس جسم کو بھی اس وقت شعور ہو بلکل اسی طرح رسول اللہ ﷺ کو دو شعور حاصل تھے ایک اس بشری جسم کا اور دوسرا اس نوری جسم جو انسان کی حقیقت ہے۔ اس بات کو دنیا کا کوئی ایسا سائنسدان بھی غلط ثابت نہیں کر سکتا جو ایسے پروجیکٹ پر کام کر رہا ہے اور اس پر اس وقت امریکہ، روس، جاپان اور چین بہت شدت سے کام کر رہے ہیں اور الٹا یہ ان کے لیے ایک عظیم راز سے پردہ اٹھنا ہوگا لیکن اس راز کے کھلنے سے ان کو اب کوئی فائدہ نہ ہوگا کیوں کہ اب تباہی سر پر آ چکی ہے۔

تمیم داریؓ مشرق کی طرف ڈریگن ٹرائی اینگل میں اپنے جہاز پر سفر کر رہے تھے اور وہیں ان کا جہاز گم ہو گیا اور وہ اس نقطے میں داخل ہو گئے تھے جو ذالقرنین سلیمان علیہ السلام کی خلق کردہ نحاس یعنی مقناطیسی قوت اور زمین کی مقناطیسی قوت کا عین وسط تھا۔ جب وہ اس نقطے میں داخل ہوئے تو وہ وقت کی قید سے آزاد ہو گئے اور انہوں نے مستقبل کو اپنی انکھوں سے جاگتے ہوئے دیکھ لیا تھا۔ آج جو کچھ ہو رہا ہے وہ سب انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا۔ وہ اس وقت عیسائی تھی اور یہی ان کی محمد ﷺ پر ایمان لانے کی بھی وجہ بنی۔ جو کچھ انہوں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا وہ اگر کسی سے بھی بیان کرتے تو اس وقت کوئی بھی ایسا نہیں تھا جو ان کی بات سمجھنے کی صلاحیت رکھتا تھا ساوئے محمد رسول اللہ ﷺ کے بلکہ اگر وہ کسی سے ایسی بات کرتے بھی تو ان کو پاگل کہا جاتا اور ان کا مذاق اڑایا جاتا ان کو تحقیر کا نشانہ بنایا جاتا کیونکہ یہ بات کسی کی عقل میں آنے والی تھا نہ ہی کسی کے لیے قابل تسلیم تھی لیکن انہیں اس کا علم تھا جو کہ وہ اپنی آنکھوں سے دیکھ چکے تھے کہ محمد ﷺ ہی واحد ایسی شخصیت ہیں جو نہ صرف اللہ کے رسول ہیں بلکہ ان کی بات سمجھنے کی صلاحیت رکھتے ہیں اسی وجہ سے وہ جب واپس پہنچے تو سیدھے رسول اللہ ﷺ کو یہ سارا واقعہ سنایا کہ انہوں نے مستقبل کو اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ دنیا کے کیسے کیسے حالات بدلیں گے اور بالآخر دجال یعنی ٹیکنالوجی جنہیں ہم مشینوں وجدید ایجادات کا نام دیتے ہیں پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کو سب کے سامنے لائے اور ان کو سب کے سامنے واقعہ بیان کرنے کا کہا لیکن اس سے پہلے رسول اللہ ﷺ نے ان کو بتا دیا تھا کہ کیسے الفاظ استعمال کرنے ہیں کیونکہ اگر جو کچھ دیکھا تھا وہ سب ویسے ہی بیان کیا جاتا تو کسی کی بھی عقل

میں بات نہ آتی اس لیے اس سارے واقعے کو کیسے بیان کرنا ہے کیسے الفاظ استعمال کرنے ہیں رسول اللہ ﷺ نے تمیم داریؓ کو بتایا۔

روایت میں استعمال ہونے والے الفاظ یہ سب حقیقت کھول کھول کر بیان کرتے ہیں جن کا آگے صراحت کیساتھ ذکر آئے گا جیسے کہ انہوں نے کہا ہم الدیر میں داخل ہوئے۔ الدیر کے دو معنی ہیں اس کا ایک معنی ہے ایسا نقطہ یا مقام جو کسی شئے کو تسلسل کیساتھ اچانک انتہائی تیز رفتار سے باہر نکال دے مثلاً جیسے جب رائفل سے فائر کیا جاتا ہے تو گولی کے خول سے اچانک اس کا سکا انتہائی تیز رفتاری سے باہر نکل جاتا ہے بلکل ایسے ہی ہوا اور وہ سکہ رکنے کی بجائے مسلسل اسی رفتار سے سفر کرتا رہے۔

الدیر کے دوسرے معنی ہیں ہر طرف سے بند سرنگ کے۔

یہاں ہم پہلے معنی کو لیں گے اور اس کے بعد آگے جا کر دوسرے معنی کو بھی لیں گے۔ الدیر یہی وہ مقام تھا جہاں جہاز گم ہونے کے بعد وہ پہنچے اور اس مقام نے انہیں اچانک باہر نکال دیا یعنی وقت کی قید سے باہر نکال دیا اور انہوں نے اس وقت سے لیکر دجال تک کا وقت اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ دنیا میں کیا کیا تبدیلیاں رونما ہوں گے۔ کہ کون کون سی وجوہات دجال کے نکلنے کا باعث بنیں گی۔ دجال جو کہ ہم پر ہر لحاظ سے واضح ہو چکا ہے کہ ٹیکنالوجی یعنی موجودہ تمام کی تمام ایجادات دجال ہیں جنہیں انسان اپنے لیے مسیحا سمجھتا ہے لیکن درحقیقت یہ تمام ایجادات مسیحا نہیں بلکہ انسان کی دنیا و آخرت کی تباہی کا باعث ہیں انہیں کی وجہ سے دنیا آج ہر طرح کے عذابوں، زلزلوں، سیلابوں، طوفانوں، بیماریوں، تباہیوں، مصیبتوں اور آزمائشوں کا شکار ہے اور اسی کی وجہ سے ساعت آئے گی۔

رسول اللہ ﷺ کے الفاظ میں انہوں نے اس سارے واقعے کو یوں بیان کیا جسے ہم ایک مثال سے سمجھ لیتے ہیں۔ مثلاً کچھ لوگ ہیں جو پہلی بار ایک سے سو تک گنتی سیکھ رہے ہیں۔ باقی سب ابھی ساٹھ پر ہیں یعنی وہ ابھی تک ساٹھ تک ہی سیکھ سکے لیکن آپ نے سب سے پہلے ہی سو تک گنتی سیکھ لی۔ باقی سب ابھی تک ساٹھ پر ہیں تو آپ کہتے ہیں کہ میں نے اپنی تعلیم کا سفر کیا اور کافی آگے گیا تو میری کسی سے ملاقات ہوئی میں نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو اس نے جواب دیا میں سو کا ہندسہ ہوں اور عنقریب میں تمہارے سامنے آجاؤں گا۔

اب سو کا ہندسہ یہ بتاتا ہے کہ وہ کب تک سامنے آئے گا یعنی کیا کیا اس سے پہلے ہونا لازم ہے کہ وہ اس کے بعد سامنے آئے۔

وہ پوچھتا ہے کہ کیا تم نے سکول میں داخلہ لے لیا؟ آپ نے جواب دیا ہاں۔

اس نے کہا حقیقتاً ایسا ہو چکا؟ آپ نے کہا کہ ہاں ایسا ہو چکا۔

اس نے پھر پوچھا کہ کیا ایک آ گیا؟ آپ نے کہا ہاں وہ آ چکا۔

اس نے پھر پوچھا کہ دس آ گیا؟ آپ نے جواب دیا کہ ہاں وہ بھی آ چکا۔
اس نے پھر پوچھا کہ کیا ساٹھ آ گیا؟ آپ نے جواب دیا ہاں وہ بھی آ چکا۔
اس نے پھر پوچھا کہ کیا ستر آ گیا؟ آپ نے جواب دیا کہ نہیں وہ ابھی تک نہیں آیا۔تو اس نے کہا کہ اب عنقریب وہی آئے گا۔اس کے بعد اسی آئے گا پھر اس کے بعد عنقرب نوے آئے گا۔ جب نوے آ جائے گا تو میرا سامنے آنے کا وقت بلکل قریب آ جائے گا اور جب ناوے آ جائے گا تو اچانک میں بھی سامنے آ جاوں گا۔لیکن جب تک ننانوے نہیں آتا تب تک قانون میں مجھے سامنے آنے کی اجازت نہیں۔
اس مثال کو بار بار پڑھیئے اور ذہن نشین کر لیجئے یہ مثال اس واقعہ کی ساری حقیقت کو کھول کر رکھ دے گی اور بہت ہی آسانی سے سارا واقعہ سمجھ آ جائے گا۔
بلکل یہی کہا تمیم داریؓ نے کہ ان کی ملاقات دجال سے ہوئی انہوں نے دجال کو دیکھا۔دجال کو اس مثال میں سو کا ہندسہ تصور کر لیں۔جیسے آپ کی گفتگو سو کے ہندسے سے ہوئی بلکل ویسے ہی دجال کیساتھ گفتگو ہوئی۔یعنی حقیقتا ایسی کسی گفتگو کا کوئی وجود ہی نہیں بلکہ ان کیساتھ جو واقعہ پیش آیا اس کو سب کے سامنے عام سطح پر بیان کرنا تھا تا کہ اصل مقصد سب سمجھ جائیں تو اس کو اس طرح حکمت کیساتھ بیان کیا گیا۔کہ دجال آئے گا لیکن کب آئے گا تمیم داریؓ نے باقی سب سے پہلے ہی دیکھ لیا۔رسول اللہ ﷺ کے بتائے ہوئے الفاظ میں انہوں نے بتایا کہ اس نے سوال کیا کہ کیا عربوں میں نبی آ گیا؟ ہم نے کہا ہاں آ گیا۔ اس نے پھر پوچھا کہ کیا انہوں نے اس کی اطاعت کی یا نافرمانی کی؟ ہم نے کہا کہ اطاعت کی دجال نے کہا اسی میں ان کے لیے خیر ہے۔
اب یہاں یہ ذہن میں رکھیں دجال خیر نہیں ہے بلکہ شر اکبر ہے۔تو اس نے کہا کہ اسی میں ان کی خیر ہے اس کا مطلب یہ کہ جب تک محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت ہو گی اسی میں انسانوں کے لیے خیر ہو گی دجال نہیں نکل سکے گا۔دجال تب ہی نکلے گا جب محمد رسول اللہ ﷺ کی نافرمانی کی جائے گی جب اس دین کو چھوڑ دیا جائے گا۔محمد رسول اللہ ﷺ نے اور اللہ نے قرآن میں دنیاوی مال ومتاع کو دھوکے کا سامان قرار دیا اور اس کے قریب بھی جانے سے منع کر دیا اس سے دور رہنے کا حکم دیا جب تک انسان ایسا کریں گے تک تک وہ اس دنیاوی مال ومتاع کے دجل سے بچے رہیں گے اور جب وہ اس کے پیچھے پڑھیں گے تو ایسے دجال کا شکار ہوں گے کہ حق کو سمجھنا ناممکن کے قریب تر ہو جائے گا دنیا میں آنے کا مقصد کیا ہے سب کے نزدیک دنیاوی مال ومتاع جس کو اللہ نے دھوکا کہا اسی کا حصول بن جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے بتا دیا تھا کہ کب تک ان کی اطاعت کی جائے گی جیسے کہ اطاعت کرنے کا حق ہے اس کے لیے محمد رسول اللہ ﷺ نے کہا تھا کہ خلافت علیٰ

منہاج النبوۃ رہے گی تیس سال اور پھر اس کے بعد جو کچھ ہوگا وہ بھی بیان کردیا۔اب آپ سے سوال ہے کہ اگر آج تک پوری دنیا میں خلافت علیٰ منہاج النبوۃ قائم رہتی تو کیا دنیا کی آج یہ حالت ہوتی؟ دجال نکل سکتا تھا یعنی یہ موجودہ ٹیکنالوجی جو شرک اکبر اور شر اکبر ہے انسان یہ کر پاتا؟ ہر گز نہیں کر پاتا۔ تو یہی انہوں نے کہا محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت میں ہی خیر ہے جب ان کی نافرمانی کی جائے گی تو یہی وجہ بنے گی دجال کے نکلنے کی۔پھر اسی طرح بتدریج جو جو سوال انہوں نے بیان کیے کہ دجال نے ان سے پوچھا کہ فلاں ہوگیا اور فلاں ہوگیا۔تو اس کا مطلب یہ تھا کہ دجال کہ آنے سے پہلے یہ فلاں کچھ ہوگا جب تک وہ نہیں ہوگا دجال نہیں نکل سکتا یعنی جن وجوہات کی بنا پر ٹیکنالوجی یعنی ایجادات جو کہ دجال ہیں وجود میں آئیں گی جب تک وہ وہ نہیں ہوجاتا دجال نہیں آئے گا۔

پیچھے جو ہم نے مثال بیان کی اس میں اور جس طرح تمیم داری رضی اللہ عنہ نے یہ واقعہ بیان کیا اس میں کوئی فرق نہیں اگر آپ نے اس مثال کو سمجھ لیا تو آپ نے اس واقعہ کی حقیقت کو سمجھ لیا۔جیسے آپ نے جب باقی سب ابھی ساٹھ پر ہیں تو سو تک گنتی سیکھ لی اور ایک مثال کی شکل میں باقیوں کو بتایا بلکل اسی طرح تمیم داریؓ کو اللہ سبحان وتعالیٰ نے اس وقت مستقبل دیکھا دیا دجال دیکھا دیا۔

اس کی مزید تصدیق روایات میں آنے والے الفاظ خود بخود کرتے ہیں ابھی ہم صرف اور صرف اللہ کے فضل سے نہ صرف ان الفاظ کو سامنے رکھیں گے بلکہ ان الفاظ کو کیسے توڑ مروڑ کرامت کو دھوکا دیا جاتا رہا اور دھوکا دینے والوں کا بھی پردہ چاک کردیں گے۔اس کے باوجود اگر کوئی حق کی بجائے گمراہی کا سودا کرتا ہے تو حق آجانے کے بعد ہی کرے گا اور اس کے پاس روز محشر کوئی عذر نہیں ہوگا کیونکہ اس پر حجت پوری ہوچکی ہوگی۔

فلما قضى رسول الله ﷺ الصلاة جلس على المنبر وهو يضحک، قال: ليلزم كل انسان مصلاة ثم قال: هل تدرون لم جمعتكم؟ قالوا: الله و رسوله اعلم. قال: انی ما جمعتكم لرهبة ولارغبة، ولكن جمعتكم أن تميم الدارى كان رجلا نصرانيا فجاء فبايع واسلم وحدثنى

حديثا وافق الذى حدثتكم عن الدجال، حدثنى أنه ركب فى سفينة بحرية مع ثلاثين رجلا من لخم وجذام. فلعب بهم الموج شهرا فى البحر وأرفئوا الى جزيرة حين مغرب الشمس، فجلسو فى اقرب السفينة، فدخلوا الجزيرة، فلقيتهم دابة أهلب كثيرة الشعر. قالوا: ويلك ما انت؟ قالت: أنا الجساسه، انطلقوا الى هذا الرجل فى هذا الدير فانه الى خبركم بالاشواق. قال: لما سمعت لنا رجلا فرقنا منها أن تكون شيطانه، فانطلقنا سراعاً حتى دخلنا الدير فاذا فيه أعظم انسانٍ

. ابو داود

پس جب رسول اللہ ﷺ صلاۃ مکمل کر چکے بیٹھے رہے منبر پر اور ہنس رہے تھے، کہا سب انسانوں کے لیے لازم ہے کہ اپنی اپنی جگہ پر بیٹھے رہیں پھر کہا کیا تم لوگ جانتے ہو تمہیں کیوں جمع کیا؟ انہوں نے جواب دیا اللہ اور اس کے رسول کو علم ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے کہا میں نے تمہیں رھب یا رغبت دلانے کے لیے نہیں جمع کیا اور لیکن تمہیں اس لیے جمع کیا کہ تمیم داری ایک نصرانی شخص تھے پس وہ میرے پاس آئے پس میری بیعت کی اور خود میرے حوالے کر دیا اور مجھے بیان کیا ایک حادثہ جو بلکل ویسا ہی ہے جیسا میں تم سے بیان کر چکا ہوں دجال کے بارے میں۔ انہوں نے مجھے بتایا کہ وہ سوار تھے سمندری کشتی میں لخم اور جذام کے تیس افراد کیساتھ پس انہیں آلیا لہروں نے اور مہینہ بھر موجوں میں گھرے رہے اور سورج کے غروب ہونے کے وقت ایک جزیرے کی طرف جا لگے پس چھوٹی کشتی میں سوار ہوئے پس داخل ہوئے جزیرے میں، انہیں ملا دابہ بڑی دم والا اور بہت زیادہ الشعر والا یعنی ہر طرف سے پینٹ کی تہہ چڑا ہوا۔ انہوں نے کہا ویل ہو تیرے لیے کون ہے تو؟ اس نے جواب دیا میں جساسہ ہوں اس مرد کی طرف چلو جو اس ہر طرف سے بند سرنگ میں ہے پس اس میں کچھ شک نہیں اسے

تمہاری طرف خبر کی شدید چاہت ہے۔ کہا جب ہم نے اس سے اس شخص کا سنا تو ہم ڈر گئے کہ وہ شیطان ہوگا ہم جلدی سے چلے حتی کہ ہم داخل ہوئے ہر طرف سے بند اس سرنگ میں پس تب دیکھے ہم نے اس میں اعظم انسان۔

انسان کے نیچے دوزیریں ہیں جس کے معنی ایک نہیں زیادہ انسانوں کے ہیں اور اعظم کا مادہ ع ظ م عظم ہے جس کے معنی ہڈی کے ہیں۔ ہڈی میں قوقت، سختی اور مظبوطی پائی جاتی ہے اور ہڈی جسم میں پائی جاتی ہے اگر جسم سے تمام ہڈی نکال لی جائے تو جسم بے وقعت و بے حثیت ہوجاتا ہے۔ اعظم انسان کہتے ہیں ایسے انسانوں کو جو غیر معمولی قوت، طاقت، سختی اور مضبوطی کے حامل ہوں اگر ان انسانوں کو نکال دیا جائے تو پیچھے باقی انسانوں کی اہمیت وحثیت بلکل ایسی رہ جائے گی جیسے جسم سے ہڈی نکال لیے جانے کے بعد جسم کی اہمیت وحثیت رہ جاتی ہے۔

قالت أنا الجساسه، اذهب الی ذلک القصر ، فأتيته فاذا رجل يجر شعره مسلسل فی الأغلال ينزو فيما بين السماء والأرض، فقلت : من أنت؟ فقال: أنا الدجال. ابو داود

کہا اس نے میں جساسہ ہوں اس محل میں چلے جاؤ پس جب اس میں گیا تب وہاں شخص تھا جو اپنی نرم مواد والی سیٹ پر لوہے والے پٹوں میں بہنے کی طرح دوڑتا ہوا جیسے جانور جنسی حاجت پوری کرنے کے لیے مادہ پر سوار ہوتا ہے اس طرح آسمان اور زمین کے درمیان کررہا تھا یعنی بہنے کی طرح دوڑتا ہوا آتا تھا اور اپنی اگلی ٹانگیں اٹھا کر آسمان پر چڑھ جاتا اور پھر واپس زمین پر اتر آتا تھا۔ پوچھا اس سے کون ہے تو پس اس نے جواب دیا میں دجال ہوں۔

روایات سے یہ بات ثابت شدہ ہے کہ بعض صحابہ رضوان اللہ نے کہا کہ جساسہ ہی وہ دابہ ہے جس کا قرآن میں ذکر ہے۔ یعنی زمین سے نکلنے والا انسان کا خلق کردہ دابہ۔ اور روایت میں بھی یہ بات واضح ہے کہ انہوں نے کہا کہ ان کی ملاقات دابہ سے ہوئی۔ اس کی بھاری بھرکم دم اور کثیر الشعر تھے اس پر۔ الشعر کے معنی ہم جان چکے ہیں کہ الشعر اس مواد کو کہتے ہیں جس سے

بال وجود میں آتے ہیں جسے آج لچکدار پلاسٹک یعنی نائیلون، اسفلت، پینٹ وغیرہ کہا جاتا ہے اسی سے فوم سمیت ہزاروں مصنوعات تیار کی جاتی ہیں اگر کسی بھی قسم کا کوئی شک رہے تو ایک روایت میں رسول اللہ ﷺ کے الفاظ موجود ہیں آخری زمانے میں ہونے والی بارشوں کے حوالے سے۔

رسول الله ﷺ قال: لا تقوم الساعة حتى يمطر الناس مطراً لا تكن منه بيوت المدر ولا تكن الا بيوت الشعر. مسند احمد ٣٨٥٩٣

رسول اللہ ﷺ نے کہا نہیں قائم ہوگی ساعت حتیٰ کہ بارشیں ہوگی ان سے نہیں بچے گا کوئی گارے گا گھر سوائے اس کے جو الشعر کے بنے گھر ہوں گے۔

اسی طرح ایک اور روایت بھی ہے جس کا مفہوم کچھ یوں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کہا کہ ان بارشوں سے کوئی گھر نہیں بچے گا جس کی چھت سلامت رہے سوائے ان گھروں کے جن کی چھتیں الشعر کی بنی ہوں گی جس کا ترجمہ کیا جاتا ہے جن گھروں کی چھتیں بالوں کی بنی ہوں گئی۔ اب کوئی بھی عقل رکھنے والا انسان یہ تسلیم نہیں کرسکتا کہ ان بالوں کی چھت بن سکتی ہے جو جسم پر اگتے ہیں۔ لیکن جب ہم عربی کو عربی سمجھیں گے تو ہم پر واضح ہو جائے گا کہ الشعر اس مواد کو کہتے ہیں جس سے بال وجود میں آتے ہیں اور اسی مواد سے آج پوری دنیا میں چھتیں بنائی جاتی ہیں جن پر بارشیں اثر انداز نہیں ہوتیں جیسا کہ کتاب کے شروع میں خام تیل سے بننے والی مصنوعات کی تفصیل میں بھی چھتوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ یہ دابہ ہوائی جہاز تھا جس کی بھاری بھر کم دم اور اس پر کثیر الشعر یعنی ہر طرف پینٹ چڑھا ہوا تھا۔

اب اس کو یوں سمجھ لیں اس میں مثال میں کہ آپ کی ملاقات ننانوے سے ہوئی تو ننانوے نے آپ سے کہا آگے چلو جو آگے ہے اسے تمہارا انتظار ہے تو جیسے ہی آگے گئے تو آگے سو کے ہندسے سے ملاقات ہوئی۔ بلکل اسی طرح جب انہوں نے ہوائی جہاز دیکھا تو اس نے کہا اس الدیر یعنی اس ہر طرف سے بند سرنگ میں داخل ہو جاؤ۔ کہیں پر اسے الدیر یعنی ہر طرف سے بند سرنگ کہا گیا اور کہیں اسے قصر یعنی محل کہا گیا۔ جہاز میں جب آپ داخل ہوں تو آپ حیران رہ جائیں گے کہ جہاز حقیقتاً الدیر ہے یعنی ایک ایسی سرنگ ہے جو ہر طرف سے بند ہے اور وہ سرنگ اندر سے ایک محل کا منظر پیش کرتی ہے۔

جب وہ اس الدیر یعنی محل نما ہر طرف سے بند سرنگ میں داخل ہوئے تو انہوں نے جو دیکھا اس کے بارے میں کئی طرح کے الفاظ آئے ہیں اور وہ سب کے سب اپنی جگہ پر بلکل ٹھیک ہیں۔اب سب سے پہلے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ آج تک ان الفاظ کو کیسے بیان کیا گیا جو اندر موجود انسان کے بارے میں استعمال کیے گئے۔اس کے لیے پیچھے گزرنے والی روایات میں ان تمام مقامات کو ذہن میں رکھا جائے جہاں جہاں اس کا ذکر ہے اور جو ان کے تراجم کیے گئے ان کو آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں کہ انہوں نے آج تک جو تراجم کیے ان میں کہیں پر یہ لکھا ہے کہ غار میں داخل ہوئے کہیں پر مندر، کہیں پر گرجا اور کہیں پر محل کا ترجمہ کیا گیا اور آگے کہا گیا کہ ایسا دیو قامت، لمبا چوڑا، بڑا انسان دیکھا جو اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا اور وہ لوہے کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا اور اوپر نیچے اچھل کود رہا تھا۔

لیکن جب ہم عربی میں غور کریں تو علمائے دجال کا اصل چہرا کھل کر سامنے آجاتا ہے کہ حقیقت کیا ہے اور انہوں نے اس کو جان بوجھ کر اس لیے چھپایا تاکہ ان کے اپنے باطل نظریات پر انگلی نہ اٹھے اور لوگ آنکھیں بند کر کے ان کے پیچھے چلتے رہیں۔

ایک طرف یہ اس کو ایک گرجے، محل، مندر یا غار میں لوہے کی زنجیروں میں بہت سختی سے جکڑتے ہیں لیکن جب آگے عربی کی الفاظ آتے ہیں "ینزو فیما بین السماء والارض" تو ان الفاظ کا ترجمہ کیا کرتے ہیں اپنی آنکھوں سے دیکھ لیجیے۔

شَعْرَهَا، قَالَ: مَا أَنْتِ؟ قَالَتْ: أَنَا الْجَسَّاسَةُ، اذْهَبْ إِلَى ذَلِكَ الْقَصْرِ، فَأَتَيْتُهُ فَإِذَا رَجُلٌ يَجُرُّ شَعْرَهُ مُسَلْسَلٌ فِي الأَغْلاَلِ يَنْزُو فِيمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ، فَقُلْتُ:	آدمی کو دیکھا جو اپنے بال کھینچ رہا تھا اور زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا اور اوپر نیچے اچھل رہا تھا۔ میں نے کہا: تم کون ہو؟ اس نے کہا: میں دجال ہوں۔ کیا عربوں کا نبی آ گیا ہے؟ میں نے کہا: ہاں۔ اس نے کہا: کیا ان لوگوں نے اس کی

اوپر نیچے اچھل کود رہا تھا۔ یہ ترجمہ کیا گیا لیکن آپ عربی میں دیکھ سکتے ہیں کیا لکھا ہے۔عربی میں جو الفاظ ہیں ان میں زمین اور آسمان کے الفاظ موجود ہیں۔ہم عربی کے الفاظ کیساتھ لفظ بہ لفظ ترجمہ آپ کے سامنے رکھتے ہیں اس سے آپ علمائے دجال کی دجل کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔

"ینزو فیما بین السماء والارض"

ینزو کر رہا تھا وہ درمیان زمین اور آسمان کے۔

نزو عربی میں کس کو کہتے ہیں ویسے تو کتاب میں دابہ من الارض کے باب میں گزر چکا لیکن یہاں ہم پھر مختصراً بیان کر دیتے

ہیں۔عربی میں نزور کہتے ہیں کسی جانور کا جنسی حاجت پوری کرنے کے لیے مادہ جانور پر سوار ہونے کو۔ جیسے گدھا یا گھوڑا جب جنسی حاجت پوری کرتے ہیں تو وہ دوڑتے ہوئے آتے ہیں اور اچانک اپنی اگلی ٹانگیں اٹھا کر مادہ پر سوار ہو جاتے ہیں اور پھر واپس نیچے اتر آتے ہیں۔اسی طرح کچھ جانور دوڑتے ہوئے نہیں آتے بلکہ اپنی جگہ سے اچانک اگلی حصہ اٹھا کر مادہ پر سوار ہو جاتے ہیں اور اسی طرح واپس نیچے اتر آتے ہیں۔

وہ نزو کر رہا تھا زمین اور آسمان کے درمیان یعنی وہ دوڑتا ہوا آتا تھا اور اچانک اگلی ٹانگیں اٹھا کر آسمان پر سوار ہو جاتا تھا اور اسی طرح واپس زمین پر اتر جاتا تھا اور اپنی ہی جگہ سے اچانک اوپر اٹھ کر آسمان پر چڑھ جاتا تھا اور اسی طرح واپس نیچے زمین پر اتر آتا تھا۔

اب آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں کہ تمیم داریؓ نے اپنی آنکھوں سے کیا دیکھا تھا جس کا انہوں نے ذکر کیا۔

آپ آج اپنی آنکھوں سے دیکھ سکتے ہیں کہ جسے ہم جہاز کہتے ہیں لیکن محمد رسول اللہ ﷺ نے اسے دابۃ الارض کہا وہ بلکل اسی طرح آسمان اور زمین کے درمیان نزو کرتا ہے یعنی دوڑتا ہوا آتا ہے اور اپنی اگلی ٹانگوں کو اٹھا کر اچانک آسمان پر چڑھ جاتا ہے اور اسی طرح واپس زمین پر اتر آتا ہے۔اور جسے ہم ہیلی کاپٹر کہتے ہیں جسے رسول اللہ ﷺ نے دابہ کہا وہ اپنی ہی جگہ سے اچانک اوپر اٹھتا ہے اور آسمان پر چڑھ جاتا ہے اور اسی طرح واپس نیچے اتر آتا ہے۔

ذیل میں دی گئی تصاویر میں دیکھیں۔

جن لوگوں نے یہ مناظر اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں ان کو تو تصاویر دیکھنے کی ضرورت ہی نہیں اور نہ ہی انہیں اسے سمجھنے میں کوئی مشکل ہو سکتی ہے اور جنہوں نے ایسے مناظر اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھے تو وہ یوٹیوب وغیرہ سے جہازوں اور ہیلی کاپٹروں کی ٹیک آف اور لینڈنگ کی ویڈیوز ضرور دیکھیں۔

اور اب علمائے دجال کے تراجم کو دیکھیں اور آپ خود فیصلہ کریں کہ ان لوگوں نے علماء کے نام پر دجال ہونے کا ثبوت دیا یا نہیں؟ جب جانور جنسی ملاپ کرتے ہیں تو کیا آپ یہ کہیں گے کہ جانور اچھل کود کر رہے ہیں؟

اکثریت ان کو یہ سمجھتی رہی کہ یہ علماء ہیں لیکن حقیقت کیا نکلی یہ علماء نہیں بلکہ جہلاء ہیں لیکن انہوں نے علماء ہونے کا لبادہ اوڑھا ہوا ہے۔ اسی کو تو دجال کہتے ہیں کہ کسی شئے کی اصل حقیقت کو چھپا کر جو وہ نہیں وہ دیکھا دینا یا ثابت کر دینا۔ یہ جہلاء علماء کے لبادے میں دجال ہیں۔ اسی طرح وہ تمام انسان جو کائنات کے لیے نقصان دہ تباہ کن اشیاء کو مفید ثابت کرتے اور بنا کر پیش کرتے ہیں وہ سب کے سب دجال ہیں۔ ایسے دجال شروع سے رہے اور ساعت کے قیام تک آتے رہیں گے لیکن دجال اکبر انسان کی خلق کردہ وہ مخلوقات یعنی ٹیکنالوجی ہے انسان کی وہ ایجادات ہیں جن کے سبب پچھلی چھ قوموں پر عظیم تباہیاں مسلط ہوئیں۔ جس سے ایک بار ذالقرنین سلیمان علیہ السلام نے پوری دنیا کو پاک کیا اور جس سے اب زلزلے، سیلاب، طوفان، بیماریاں، تباہیاں و فساد برپا ہے اور اسی کی وجہ سے ساعت عظیم آخری ایسا زلزلہ آئے گا جس سے زمین پر حیات کا ایک بار خاتمہ ہو جائے گا۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان لوگوں نے عربی متن میں واضح زمین اور آسمان کے الفاظ ہونے کے باوجود کیوں چھپائے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ انہوں نے جب لفظ الدیر کا ترجمہ، غار، گرجا یا مندر کر دیا اور پھر اس میں دجال کو ایک انسان بنا کر لوہے کی زنجیروں سے سختی کیساتھ جکڑ دیا تو انہوں نے دیکھا اب اگر یہاں اصل ترجمہ کیا جائے گا تو درجنوں نا قابل حل سوالات پیدا ہوں گے کہ جب ایک انسان غار میں لوہے کی زنجیروں میں بہت سختی سے جکڑا ہوا ہے تو پھر وہ آسمان اور زمین کے درمیان ایسے دوڑتے ہوئے کیسے چڑھ سکتا ہے یعنی وہ زمین اور آسمان کے درمیان نزو کیسے کر سکتا ہے؟ اور اگر بالفرض یہ مان بھی لیا جائے تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ غار کی چھت کہاں گئی؟ اگر یہ اصل ترجمہ کر دیتے تو یہ ایسے کسی سوال کا جواب نہ دے پاتے تو انہوں نے دجل کو اختیار کیا اور یہی وہ وجہ ہے جو یہ علماء کے نام پر دجالون کذابون دن رات شور مچاتے ہیں کہ خود سے غور و فکر نہیں کرنا قرآن میں بلکہ جیسے سلف صالحین نے سمجھا بس ویسے ہی سمجھنا ہے اور سلف صالین کے نام اپنے لوگوں کو اندھوں کی طرح اپنے اور اپنے آباؤ اجداد کے پیچھے چلاتے آئے ہیں۔ دن رات یہ اسی پر زور لگاتے ہیں کہ عقل نہیں نقل سے

کام لو یعنی خود سے غور و فکر نہیں کرو ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے بلکہ جو کچھ پہلوں نے لکھا اسی سے کام چلاؤ آنکھیں بند کر کے۔

اب آتے ہیں اس طرف کہ جو اندر انسان دیکھا اس کے مختلف حلیے بیان ہوئے ہیں۔ جیسا کہ روایات کے عکس میں دیکھا جا سکتا ہے۔

سِرَاعًا حَتَّى دَخَلْنَا الدَّيْرَ فَإِذَا فِيهِ أَعْظَمُ إِنْسَانٍ رَأَيْنَاهُ قَطُّ خَلْقًا وَأَشَدُّهُ وِثَاقًا مَجْمُوعَةٌ يَدَاهُ إِلَى عُنُقِهِ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَسَأَلَهُمْ عن نَخْلِ بَيْسَانَ وَعن عَيْنِ زُغَرَ

گرجے میں داخل ہوئے تو ایک بہت بڑا انسان دیکھا' اس قدر بڑا انسان ہم نے کبھی نہیں دیکھا تھا جسے بڑی سختی سے باندھا گیا تھا اور اس کے ہاتھ گردن کے ساتھ بندھے ہوئے تھے......" اور حدیث بیان کی...... اس

ہو؟ اس نے بتایا کہ میں جساسہ ہوں، چنانچہ وہ چلے یہاں تک کہ گرجے میں داخل ہو گئے، وہاں ایک انسان تھا جسے انتہائی سختی کے ساتھ بندھا ہوا تھا وہ انتہائی غمگین اور بہت زیادہ شکایت کرنے والا تھا، انہوں نے اسے سلام کیا، اس نے جواب اور پوچھا

اب سب سے پہلی بات یہ ہے کہ جب لفظ انسان آیا تو انہوں نے اس سے مراد فرد واحد لے لیا حالانکہ یہ بہت بڑا دھوکا ہے۔ اگر انسان کے معنی ایک فرد واحد کے ہیں تو پھر آپ قرآن کی درج ذیل آیات کو دیکھیں۔

وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيفًا. النساء ۲۸

اور خلق کیا انسان کو ضعیف۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ. ابراھیم ۳۴

اس میں کچھ شک نہیں انسان ہے ہی کمی کرنے والا اور جو نعمتیں اسے دی گئیں انہیں جس مقصد کے لیے دیا گیا ان کے برعکس اپنی خواہشات کے مطابق استعمال کرنے والا۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ. الحجر ۲۶

اور تحقیق کہ خلق کیا انسان کو صلصال سے حما مسنون سے۔

وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا. الاسراء ۱۱

اور تھا انسان عجلت پسند۔

اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا. الاسراء ۵۳

اس میں کچھ شک نہیں شیطان تھا انسان کے لیے جو کچھ بھی اس کے آس پاس ہر طرف موجود ہے وہ دشمن۔

خَلَقَ الْاِنْسَانَ. الرحمٰن ۳

خلق کیا انسان۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ. العصر ۲

اس میں کچھ شک نہیں انسان ہے ہی خسارے میں۔

اب میرا آپ سے اور ان علمائے دجال سے سوال ہے کہ قرآن کے ان تمام مقامات پر لفظ انسان کے فرد واحد کے معنی ثابت کر کے دیکھائیں۔ انسان کو سمجھنے کے لیے سب سے پہلے اس لفظ کو سمجھ لیں۔ قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے کسی بھی نبی کو انسان نہیں کہا اور نہ ہی کسی رسول کو انسان کہا۔ اور قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے کہا ہے کہ انسان خسارے میں ہے۔ آخر ایسا کیوں؟

لفظ انسان کا مادہ نسی ہے جس کے معنی ایسے بھول جانے کے ہیں گویا کہ شئے کا وجود ہی نہ ہو۔ اور انسان کہتے ہیں جس کو اس کی حقیقت اس کا ماضی ایسے بھلا دیا گیا جیسے گویا کہ اس کا وجود ہی نہیں۔ مثلاً آپ اگر آپ سے پوچھا جائے کہ آپ نے پیدا ہونے سے لیکر دو سال کی عمر تک یا تین سال کی عمر تک کیا کیا تو کیا آپ کو کچھ یاد ہے؟

یقیناً نہیں۔ آپ ایسے بھول چکے ہیں جیسے کہ زندگی میں ایسا وقت آیا ہی نہیں لیکن آپ اس کو جھٹلا نہیں سکتے اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کی آنکھوں کے سامنے بچہ پیدا ہوتا اور اسی طرح پل بڑھ کر بڑا ہوتا ہے جس وجہ سے آپ کو یقین ہے کہ آپ پر بھی ایسا وقت آیا لیکن آپ بھول چکے ہیں۔ بلکل اسی طرح آپ کی حقیقت کیا ہے؟ آپ اس بشری جسم کیساتھ وجود میں آنے سے پہلے کیا تھے؟ آپ کا اول و آخر کیا ہے یہ سب بھلا دیا گیا اس وجہ سے انسان کہا جاتا ہے اور قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے اسی

بھلائے ہوئے کو یاد کرنے کے لیے ہی بار بار غور و فکر کرنے کا حکم دیا قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے بہت سے مقامات پر ذکر کا حکم دیا مگر انہیں علمائے دجال نے ذکر کا مطلب ورد وظیفے اور رٹے بنا دیا حالانکہ عربی میں ذکر کہتے ہیں کسی بھولی ہوئی بات یا شئے کو یاد کرنے کے اور بھولی ہوئی بات کو یاد کرنے کے لیے دل و دماغ پر بوجھ ڈالنا پڑتا ہے غور و فکر کرنا پڑتا ہے۔ جو لوگ غور و فکر کرتے ہیں وہ ذکر کر لیتے ہیں یا ان کو جو کچھ بھلایا گیا وہ یاد آجاتا ہے یوں وہ اس پر عمل کر کے انسان نہیں رہتے ہیں اور فلاح پانے والوں میں شامل ہو جاتے ہیں اور جو غور و فکر نہیں کرتے ان کو ذکر یعنی کچھ بھی یاد نہیں ہوتا اور وہ انسان کے انسان یعنی بھولے ہوئے ہی رہ جاتے ہیں اور خسارے والوں میں سے ہو جاتے ہیں۔

جب ایک انسان غور و فکر کرتا ہے تو جو اسے بھلا دیا گیا اسے یاد آتا جاتا ہے اور وہ ایک وقت آتا ہے اپنی حقیقت کو پا لیتا ہے یوں جب اس پر اپنی حقیقت واضح ہو جاتی ہے تو یہ دنیا کی زندگی اس کے لیے جہنم کی آگ سے بھی سخت ہو جاتی ہے اور اس کی کوئی وقعت و اہمیت نہیں رہتی اسے پتہ ہوتا ہے کہ یہ جو بشری جسم اس کے پاس ہے یہ اس کی حقیقت نہیں ہے یہ تو ایک آزمائشی ٹول بطور امانت دیا گیا۔ تاکہ یہ خود ہی جان لے کہ آیا اس نے امانت کا حق ادا کیا یا اس میں خیانت کی اور اس پر حقیقت واضح ہو جائے۔ اس وجہ سے اللہ نے کسی نبی یا رسول کو انسان نہیں کہا بلکہ اس کے برعکس بشر کہا۔

اس کے برعکس جو غور و فکر نہیں کرتے جس سے ذکر نہیں ہوتا یعنی جو انہیں بھلا دیا گیا ان کی حقیقت اس کو نہیں پا لیتے تو ایسے اسی بشری مادی جسم کو ہی اپنی حقیقت تصور کر کے دنیاوی مال و متاع کے لالچ میں دن بدن بڑھتے چلے جاتے ہیں پہلے تو وہ ایک عام انسان تھے لیکن ایسا کرنے سے انسان کو جو کچھ تھوڑا بہت اپنی حقیقت کا علم ہوتا ہے وہ بھی بھول جاتا ہے اور دنیا کی زندگی کے لیے ہی کوشش کرتا ہے ایسا انسان عظیم انسان کہلاتا ہے۔ آج پوری دنیا میں اکثریت ایسے انسانوں کی ہی ہے جو اعظم انسان ہے۔

اعظم کا مادہ عظم ہے جس کے معنی ہڈی کے ہیں۔ ہڈی جسم میں پائی جاتی ہے اگر جسم سے ہڈی نکال دی جائے تو باقی جسم کی کوئی اہمیت و حثیت نہیں رہتی۔ بلکل اسی طرح اعظم انسان یعنی ایسے بھولے ہوئے کہ اگر ان بھولے ہوؤں کو نکال دیا جائے تو پیچھے جو انسان یعنی بھولے ہوئے بچیں گے ان کی کوئی اہمیت و حثیت نہیں رہے گی۔ ایسے اعظم انسان یعنی جو سب سے بڑے بھولے ہوتے ہیں جن کو علم ہی نہیں ہوتا کہ ان کی حقیقت کیا ہے وہ دنیا میں کیوں اور کس مقصد کے لیے بھیجے گئے تو وہ شیاطین کے اولیاء یعنی شیاطین کے مشن میں ان کے معاون کار بن جاتے ہیں۔ شیاطین جنات کے والد ابلیس نے کہا تھا کہ جو زمین میں ہے ان کے لیے، مزین کر دے گا یہ شیاطین جنات کا مشن ہے کہ جو زمین میں ہے اس کو مزین کر دینا تو ایسے اعظم انسان پھر وہی اعمال کرتے ہیں جن سے شیاطین کے مشن کی تکمیل ہوتی ہے یعنی وہ جو زمین میں اللہ نے رکھا اس

کو نکال کر مزین کرتے ہیں اور اسی کے پیچھے بھاگتے ہیں اسی کو حاصل کرنا ہی ان کا دنیا میں موجودگی کا مقصد بن جاتا ہے۔

اور اس کے برعکس انبیاء نے کہا اور خود محمد رسول اللہ ﷺ نے کہا کہ میں زمین کے خزانوں کی چابیاں دے کر بھیجا گیا ہوں اور اگر آپ کسی کو اپنے خفیہ خزانوں کی چابیاں دیتے ہیں تو کیوں دیں گے؟

ظاہر ہے حفاظت کے لیے۔ انبیاء زمین کے خزانوں کی حفاظت کے لیے بھیجے گئے اور شیاطین کا مشن زمین کے خزانوں کو نکال کر مزین کرنا ہے تاکہ ابلیس کا دعویٰ سچا ثابت ہو سکے جس کے لیے وہ انسان کے محتاج ہیں اب آپ اپنے ارد گرد نگاہ دوڑائیں اور اپنے گریبان میں جھانکیں آپ کس کے ولی یعنی مشن میں معاون کار بنے ہوئے ہیں انبیاء کے یا شیاطین کے؟ حق کو سمجھنے کے لیے کوئی مشکل نہیں۔

روایت میں اعظم انسان کا جو ترجمہ ان علمائے دجال نے بہت بڑا، دیو قامت، بڑا جسیم، اونچا لمبا، بہت قوت والا زور آور انسان کے کیے ان سے میرا بھی سوال ہے اور آپ بھی سوال کیجئے کہ یہ ترجمہ انہوں نے کیسے کر لیا؟

ان میں اکثریت آپ کو ایسی ملے گی جو اپنے اماموں کو بھی اعظم قرار دیتی ہے جیسے امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ۔ ان سے سوال کریں کہ جب وہ بھی امام اعظم ہیں تو یہاں اعظم کا ترجمہ کیا وہی لیا جائے جو اس روایت میں لیتے ہو؟

جیسے امام اعظم احمد رضا خان بریلوی اور اسی طرح ایک مکتبہ فکر جن کے نزدیک باقی سب کافر و مشرک ہیں سوائے اس کے جو ان کی نظریات و عقائد کی آنکھیں بند کر کے اور منہ پر پٹی باندھ کر تصدیق نہ کرے۔ اس مکتبہ فکر کے کے فرقے کے نزدیک صرف زبان کے الفاظ کی حد تک محض سادہ عوام کو اپنے فرقے کے جال میں جکڑنے کے لیے امام اعظم محمد رسول اللہ ﷺ کو کہتے ہیں۔ ان سے بھی سوال کریں کہ کیا محمد رسول اللہ ﷺ کے لیے بھی یہاں اعظم کا ترجمہ وہی لیا جا سکتا ہے جو اس روایت میں تم لوگ کرتے اور لیتے ہو اور دوسروں پر اسی کو زبردستی تھونپتے ہو؟

اگر یہاں اعظم کا ترجمہ یہ نہیں لیا جا سکتا تو پھر وہاں کیوں ایسا ترجمہ کیا گیا کیا یہ دجل عظیم نہیں ہے؟

اعظم کہتے ہیں ایسی شئے کو جس کے بغیر باقی کسی کی کوئی اہمیت و حثیت ایسے ہو جائے جیسے جسم سے تمام ہڈی نکال لینے سے پیچھے جسم کی اہمیت و حثیت رہ جاتی ہے۔ اس دین اس ملت میں اللہ سبحان و تعالیٰ نے ہمارے لیے امام اعظم ابراہیم علیہ السلام کو بنا دیا۔ اور بلاشک و شبہ محمد رسول اللہ ﷺ بھی امام اعظم ہیں لیکن محض زبان کی حد تک نہیں بلکہ عملی سطح پر بھی جبکہ ہم اسی طرح فطرت پر قائم ہوں جیسے ہمارے ابا ابراہیم علیہ السلام قائم ہوئے اور محمد رسول اللہ ﷺ قائم ہوئے۔

تمیم داریؓ نے جہاز میں سوار جن انسانوں کو دیکھا ان کو اس وقت کے انسانوں کو اعظم انسان کہا۔ اور کہا کہ وہ مسلسل اغلال یعنی

لوہے والے پٹوں میں بندھے ہوئے تھے اور نزو کر رہے تھے زمین اور آسمان کے درمیان۔
زمین اور آسمان کے درمیان نزو کی وضاحت کھل کر ہو چکی اب آتے ہیں اس پر کے لوہے والے پٹوں میں جکڑے ہوئے تھے۔ یہ کون سے لوہے والے پٹے تھے جن میں اعظم انسان جکڑے ہوئے زمین اور آسمان کے درمیان نزو کر رہے تھے۔ اگر آپ نے جہاز کا سفر کیا ہو تو نزو کے وقت یعنی ٹیک آف اور لینڈنگ کے وقت تمام انسان لوہے والے پٹے میں جکڑے ہوتے ہیں جسے آپ سیٹ بیلٹ کہتے ہیں۔
دوسرے مقام پر انہوں نے اعظم انسان کی بجائے ایک کمزور، کراہنے والا اور شدید شکایات کرنے والے انسان سے ملاقات کا ذکر کیا۔ آج پوری دنیا میں ائیر ایمبولینس چل رہی ہیں۔ کراہتے ہوئے انسانوں کو اسٹیچر پر بیلٹوں سے جکڑا ہوا ہوتا ہے اور اسی الدیر یعنی ہیلی کاپٹر یا جہاز والی ہر طرف سے بند سرنگ میں ڈال کر زمین اور آسمان کے درمیان نزو کیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر اگر آپ پہلی بار کسی جدید شہر جائیں تو کیا آپ وہاں کوئی ایک ہی شئے دیکھیں گے؟ نہیں بلکہ آپ خوب گھومیں پھریں گے بلکل اسی طرح تمیم داریؓ اللہ عنہ نے آج موجودہ دور میں جو کچھ ہو رہا ہے یہ سب آپنی آنکھوں سے دیکھا۔ اس موجودہ انسان کو بھی دجال قرار دیا۔ اس لیے کہ آج موجودہ انسان بھی سب سے بڑا دجال ہے۔ جو انسان کی حقیقت اور اس کے دنیا میں آنے کے اصل مقصد پر دجل کا پردہ چڑھا کر جو انسان کی حقیقت نہیں اسے حقیقت بنا کر دیکھا رہا ہے اور دنیا میں آنے کا جو مقصد نہیں ہے اس کو دنیا میں آنے کا مقصد بتا اور دیکھا رہا ہے۔ اللہ سبحان وتعالیٰ نے پورے قرآن میں بار بار بہت سختی کیساتھ حیات الدنیا یعنی دنیا وہ مال ومتاع، دنیاوی زندگی کو ترک کرنے کا حکم دیا اس سے حب کرنے سے سختی کیساتھ منع کیا اس دنیاوی زندی، دنیاوی مال ومتاع کے پیچھے بھاگنے سے روکا لیکن آج یہ انسان ہی ہے جس نے اصل مقصد پر دجل کا پردہ چڑھا کر جس سے اللہ نے روکا اسی کو دنیا میں آنے کا مقصد بنا اور دیکھا دیا اور پوری انسانیت کو اسی کے پیچھے لگا دیا۔ اس لیے یہ اعظم انسان بھی دجال ہے۔ اسی نے ایجادات کیں جو پوری کائنات کو تباہ کر رہی ہیں جس وجہ سے دنیا تباہی کے دہانے پر آ پہنچی لیکن اس نے انہیں ایجادات پر دجل کا پردہ چڑھا کر انہیں مسیحا بنا کر پیش کر دیا اور پوری دنیا ان کے دجل کا شکار ہے جو ان ایجادات کو دجال کی بجائے اپنا مسیحا بنا کر بیٹھی ہے۔

پھر جب انہوں نے دابہ سے سوال کیا کہ تو کون ہے تو اس نے کہا کہ میں جساسہ ہوں جساسہ کہتے ہیں جاسوسی کے آلے کو بھی۔ آج یہ دابہ جسے ہم ڈرون جہاز کہتے ہیں پوری دنیا میں ان کے ذریعے جاسوسی کا کام لیا جا رہا ہے۔

یہ سب تمیم داریؓ نے اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا جو کہ دجال تھا اور جو سوالات وغیرہ کا ذکر کیا اس کی حقیقت پیچھے بیان کی جا چکی ہے وہ فرضی سوالات تھے اس وقت کے تقاضے کیمطابق اگر اس وقت ساری حقیقت کھول کر بیان کی جاتی تو ایک طرف کسی کے سمجھ میں کچھ نہ آتا اور دوسری طرف اکثریت دجال سے بے فکر ہو کر بیٹھ جاتی کہ دجال تو ایسی شئے ہے جو ہماری زندگی میں تو آنے والا نہیں اس لیے پریشانی کی کوئی بات نہیں۔

الحمدللہ کوشش کی کہ جتنا مختصر اور جامع انداز میں اس واقعہ پر بات کی جا سکتی تھی کی۔ مزید بات بھی کی جا سکتی ہے اور مزید بہت سے سوالات بھی کھڑا کیے جا سکتے ہیں لیکن ان کا فائدہ نہیں ہوگا اس لیے جو اصل مقصد تھا وہ کھل کر سامنے آ گیا کسی بھی لحاظ سے کوئی پریشانی نہیں رہتی اس کے باوجود جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے سلف صالحین کے نام پر اپنے آباؤ اجداد کے پیچھے چلتا رہے میرے ذمہ تو صرف کھول کھول کر پہنچا دینا تھا جو میں اپنی ذمہ داری ادا کر چکا۔ الحمدللہ رب العالمین۔

رسول اللہ ﷺ نے بلکل واضح الفاظ میں یہ بتا دیا تھا کہ دجال پر صرف اور صرف ایک ہی شخص کو مسلط کیا جائے گا جو اس کا باب لد سے ادراک کر کے قتل کر دے گا وہی عیسیٰ ابن مریم ہوگا اور اسے پہچان لینے کا حکم دیا۔ محمد رسول اللہ ﷺ کے واضح الفاظ کے بعد جس جس نے دجال پر لکھا گویا کہ اس نے عملاً یہی دعویٰ کیا کہ وہی عیسیٰ ان مریم ہے خوہ اس کا اسے شعور ہو یا نہ ہو۔ اور اگر یہ مان لیا جائے کہ دجال پر لکھنے والے ہی ابن مریم ہیں تو پھر سول یہ پیدا ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے تو ایک ہی ابن مریم کا بتایا تھا جو دجال کا باب لد سے ادراک کر کے قتل کرے گا لیکن دجال پر لکھنے والی تو بہت زیادہ شخصیات ہیں اور اکثریت کا دعویٰ یہی ہے کہ وہ انسان ہے۔ تو کیا ایسے تمام کے تمام لوگ خود بھی گمراہ نہ تھے اور باقیوں کو بھی گمراہ نہ کیا یہ علم ہونے کے باوجود کہ دجال صرف ایک ہی شخصیت کی عقل میں آئے گا اور وہ اس کا باب لد سے قتل کرے گا یعنی خالص اللہ کے عطا کردہ علم سے جس شئے پر دجل کا پردہ چڑھا ہوگا اور پوری دنیا کی انسانیت اس کو اپنا مسیحا سمجھ رہی ہوگی نہ کہ حقیقت یہ ہوگی وہ اس پر پڑے پردے کو چاک کر کے اس شئے کی اصل حقیقت دنیا کے سامنے واضح کر دے گا؟

کیا ایسے تمام کے تمام لوگوں پر یہ فرض نہ تھا کہ اپنے اپنے اٹکل پچو دوڑانے کی بجائے جتنی انہوں نے اس پر محنت کی اس سے کئی گناہ کم محنت اس شخصیت کی تلاش میں لگاتے کیونکہ محمد رسول اللہ ﷺ نے واضح کہہ دیا تھا کہ دجال پر صرف اور صرف عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کو ہی مسلط کیا جائے گا اور خود یہ فطرت پر قائم رہتے اور انسانیت کو بھی فطرت پر قائم رہنے کی تلقین و تاکید کرتے۔

کیا دنیا میں قائم نظام دجّال ہے؟

بعض لوگوں کا دجّال کے بارے میں نظریہ ہے کہ نظام ہی دجّال ہے۔ دجّال کے حوالے سے یہ نظریہ بھی درست نہیں ہے وہ اس طرح کہ اگر نظام ہی دجّال ہوتا کیا اس سے پہلے دنیا میں صرف ایک ہی نظام قائم تھا اور قائم رہا جس کے مقابلے پر آج ایک دوسرا نظام قائم ہو گیا۔ کیونکہ اس دجّال کو قرب قیامت آنا تھا اور اسی دجّال ہی کی وجہ سے قیامت قائم ہونی تھی یعنی دنیا تباہ ہونی تھی دنیا پر حیات کا خاتمہ ہونا تھا۔ اور اگر ہم نظام کو ہی دجّال قرار دیں تو پھر کئی سوالات پیدا ہوتے ہیں جن میں سب سے پہلا سوال تو یہ ہے کہ قریب کی ہی تاریخ کو اگر دیکھا جائے یعنی اگر رسول اللہ ﷺ کی بعثت کے بعد سے ہی دیکھ لیا جائے تو دنیا میں ان کی بعثت سے پہلے بھی اسلام کے علاوہ اور نظام قائم تھے اور پھر بعثت کے بعد بھی جہاں اسلام قائم نہیں تھا وہاں آج تک اسلام کے علاوہ نظام قائم تھے اور قائم ہیں۔ اگر نظام ہی دجّال ہے تو پھر وہ تو شروع سے ہی موجود ہے۔ اس کا قرب قیامت آنے والی بات بے بنیاد ہو جاتی ہے اور پھر اس کے بارے میں تمام کی تمام روایات کا انکار کرنا پڑے گا۔

اور جو دوسرا سوال پیدا ہوتا ہے وہ یہ کہ اگر نظام دجّال ہے اس کو ہٹا کر جسے ہم اسلام کا نظام سمجھے اسے قائم کر لیں اور ٹیکنالوجی اسی طرح دنیا میں رہے یعنی فرق صرف اتنا ہی سامنے آئے گا کہ پہلے یہ ٹیکنالوجی کفار کے ہاتھ میں تھی لیکن اب جو خود کو مسلمان کہتے ہیں ان کے ہاتھ میں آ گئی تو کیا پھر دجال کا تصور ختم ہو جائے گا؟

نظام ہی دجّال ہے تو پھر کیا ٹیکنالوجی حلال ہو جائے گی؟

نظام ہی دجّال ہے تو پھر ٹیکنالوجی یعنی تمام جدید سائنسی ایجادات کو کس کھاتے میں ڈالا جائے گا؟

نظام ہی دجّال ہے تو کیا کبھی دنیا میں ایسا ہوا کہ نظام کی وجہ سے سال دنوں، مہینے ہفتوں، ہفتے دنوں کے برابر ہو جائیں؟ اور کیا یہ موجودہ نظام جب قائم ہوا تو کیا تب ایسا ہوا؟ وقت سکڑا؟

نظام ہی دجّال ہے تو کیا زمین کے خزانے اسلام کے علاوہ صرف ایک نظام ہی کی وجہ سے نکلے اور اگر ایسا ہے تو پہلے کیوں نہ نکلے؟

زمین اسلام کے علاوہ نظام سے اپنی نباتات اگاتی ہے؟
کیا نظام سے ہی بارشیں برسائی جاسکتی ہیں؟
کیا نظام سے کبھی وقت سکڑا؟ کہ سال مہینے جیسا ہو جائے، مہینا ہفتے جیسا، ہفتہ دن جیسا؟
اسی طرح کیا ان تمام روایات کو نظام پر منطبق کیا جاسکتا ہے جو دجّال کے بارے میں ہیں؟
یہ میرے چند سوالات ان سے ہیں جو نظام کو دجّال قرار دیتے ہیں اگر وہ مجھے ان چند سوالات کے جوابات دے دیں تو میں سمجھوں گا کہ مجھے اس حوالے سے ان لاتعداد سوالات کے جوابات مل گئے جو اس حوالے سے میرے ذہن میں موجود ہیں۔

اسی طرح ان کے علاوہ بھی جو جو نظریات دجّال کے بارے میں قائم کیے گئے ان کی کسی بھی صورت قرآن وسنت سے تائید نہیں ہوتی۔ جیسے کہ مغربی اقوام کو دجّال اکبر قرار دیا جاتا ہے یا جو عیسائیوں و یہودیوں کے مذہبی پیشوا ہیں انہیں دجّال اکبر قرار دیا جاتا ہے۔
قرآن وسنت نہ صرف ٹیکنالوجی کے دجّال ہونے کے نظریے کی تائید کرتے ہیں بلکہ قرآن وسنت ہر لحاظ سے ٹیکنالوجی کو ہی دجّال قرار دیتے ہیں۔ یہی وہ ٹیکنالوجی ہے جس کی وجہ سے انسان یہ سمجھ بیٹھتا ہے کہ کائنات کا نظام اس کے ہاتھ میں آ گیا۔
اگر کوئی ذات ہے جو کائنات کی خالق اور نظام چلانے والی ہے تو وہ یہی وقت ہے جسے اس نے ٹیکنالوجی کی صورت میں حاصل کرلیا یوں وہ اس ٹیکنالوجی کے دجل کا شکار ہو کر اللہ کی آیات کی تکذیب کرتا ہے، ان میں چھیڑ چھاڑ کرتا ہے پھر ایک وقت آتا ہے جب اس کے اپنے ہی ہاتھوں سے ٹیکنالوجی کے ساتھ کیے ہوئے کرتوتوں کی حقیقت اس پر کھلتی ہے یعنی ٹیکنالوجی کیساتھ جو فساد اس نے کائنات میں کیا ہوتا ہے اس کا ردعمل جب اس کے سامنے آتا ہے تو وہ بے بس ہو جاتا ہے۔
تب اسے اندازہ ہوتا ہے کائنات کا نظام چلانے والی اصل قوت یہ نہیں جسے اس نے ٹیکنالوجی کے ذریعے مسخر کرلیا بلکہ یہ قوت تو بذات خود کسی کی محتاج اور غلام ہے اس قوت کے پیچھے ایک ذات ہے جس نے اس قوت کو کائنات میں پھیلایا ہوا ہے۔ جس کے ذریعے کائنات میں عوامل وقوع پذیر ہو رہے ہیں۔
اسی دجّال یعنی ٹیکنالوجی سے نوح علیہ السلام نے اپنی قوم کو ڈرایا کہ تم یہ جو زمین کے اندر اور زمین کے گرد اللہ کی بچھائی ہوئی سات تہوں جنہیں سات آسمان کہا میں فساد کر رہے ہو رک جاؤ ورنہ تباہ ہو جاؤ گے۔ بادلوں کا نظام بگڑ جائے گا، موسموں کا نظام بگڑ جائے گا۔ زمین کا نظام بگڑ جائے گا تب معاملہ تمہارے ہاتھ سے نکل جائے گا لیکن وہ نہیں مانے اور انجام سے قرآن میں اللہ سبحان وتعالیٰ نے آگاہ کر دیا۔ قوم نوح کے پاس ٹیکنالوجی تھی اسی ٹیکنالوجی کے دجل کا شکار ہو کر انہوں نے اللہ کی

کائنات میں چھیڑ چھاڑ کی اپنے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے لیکن ایک وقت تک تو انہیں ان کے مفادات حاصل ہوتے رہے لیکن جب فساد ظاہر ہوا تو ردعمل کو روکنے کی صلاحیت ان میں نہیں تھی۔

بلکل ایسا ہی قوم نوح کے علاوہ باقی پانچ قوموں نے بھی کیا اور ان کا انجام اللہ سبحان وتعالیٰ نے قرآن میں بیان کر دیا۔ ان کے پاس بھی یہی ٹیکنالوجی تھی جس کے ساتھ انہوں نے فساد عظیم برپا کیا۔ اور آج ہم بھی بلکل انہیں گزشتہ چھ قوموں کے نقشے قدم پر چلتے ہوئے آج اس مقام تک پہنچ چکے ہیں کہ اب جو کچھ فساد ہم نے کائنات میں کر دیا ہے اس کا ردعمل ظاہر ہونا شروع ہو چکا ہے اور ردعمل پر قابو پانا ہمارے بس سے باہر ہے لحاظہ اب ایک ہی صورت بچتی ہے کہ اپنے کیے کا مزہ چکھیں اور وہ وقت بلکل سر پر ہی آیا چاہتا ہے۔

یہ سب اسی ٹیکنالوجی کی وجہ سے ہوا۔ یہی وہ دجّال ہے جس سے اللہ کے نبی محمد ﷺ نے ڈرایا اسی سے نوح علیہ السلام سمیت باقی رسولوں نے اپنی قوموں کو ڈرایا۔

